روح قالب سے یہہ کہکر نکلی — دل کسی اور سے بہلائیگا

دال مہملہ

داغ نواب مرزا خان خلف نواب شمس الدین خان بہادر برگزیدہ ترین تلامذہ خاقانی ہند شیخ ابراہیم ذوق است و از مشیران خاص فرمانرواے رامپور من باو را غائبانہ اتحادی است ہرچند تلاقی صوری صورت نہ بستہ درین نزدیکے گفتار دلاویز خویش را فراہم آوردہ گلزار داغ نام دیوانے ترتیب دادہ ہست بعد طبع یکے نزد نامہ گرد آورد فرستادہ شوخی کہ در کلام اوست بندہ ندانم کہ امروز دیگرے را دادہ باشند و زبانیکہ او را بخشیدہ اند فی زماننا ہیچ کسے را میسر نیست بیشتر ازین ستایش گفتار وے چہ تواں گفت خیر الکلام ما قل و دل قصتم نیست ورنہ از ہمہ کلام او انتخاب میزدم و بقلم می کشیدم انیکہ می بینی از چند جا بر داشتہ ام ص

چوس لیتے ہین مرے زخم زبان پیکان
چھوڑ دیتے ہین یہہ منہہ چوم کے سوفارونکا

ستم وہ چشم کا فر سے ترے چلنا اشارونکا
غضب وہ دل پکڑ کر بیٹھہ جانا بیقرارونکا

ہند احبا نے ہوئی ہین دفن کیا کیا حسرتین اسیر
پھپولونسے مرے سینہ پہ عالم ہی مزارونکا

ترا اک وعدۂ دیدار اور وہ بہی قیامت پر
پھر اوسپر صبر اتنا ہاے دل امیدوارونکا

لے ہی تو آئین گے اوسے ہمدم
میرے ہی نام سے تو آئیے گا

ہو کے ظاہر تو کیا عشق نے اک حشر بپا
حسرت اوس دلکی جس دلمین یہہ پنہان ہوگا

کوستا ہون جو نصیبونکو تو کہتا ہی وہ شوخ
پھر محبت نکرے گا اگر انسان ہوگا

عشق کیا شی ہی وہ یہہ شی ہی کہ دلمین شوق وصل
خون ہو کر آگیا غم بنگیا ستم ہوگیا

اک حرف آرزو پہ وہ مجھہ سی خفا ہوئے
اتنی سی بات کہہ کے گنہگار ہوگیا

جسکی بغلمین شکوہ وہ ہوا اوسکو دیکھئے
جسوقت آنکھہ کھل گئی دیدار ہوگیا

خدا کریم ہے یون تو مگر ہے اتنا رشک ۔۔۔ کہ میرے عشق سے پہلے تجھے جمال دیا
بتائین لفظ تمنا کے تمکو معنی کیا ۔۔۔ تمہارے کان مین اک حرف ہمنے ڈالدیا
ہماری میت پہ تم جو آنا تو چار آنسو گرا کے جانا ۔۔۔ ذرا رہے پاس آبرو بھی کہین ہماری ہنسی نکرنا
لیے تو چلتے ہین حضرت دل تمھین بھی اوس انجمن مین لیکن ۔۔۔ ہمارے پہلو مین بیٹھکر تم ہمین سے پہلو تہی نکرنا
مری تقدیر کی برگشتگی سب مین بری ٹھیری ۔۔۔ حسینونکے لیے اک حسن ہی برگشتہ مژگانکا
بناتا ہے وہ ظالم تودہ تیر ستم ہی ہی ۔۔۔ کہان اوڑہا ہے لیکر قبر کو مردہ مسلمانکا
کسیکی شرم آلودہ نگاہونمین یہہ شوخی ہے ۔۔۔ اسے دیکھا اوسے دیکھا ادہر تاکا اودہر جھانکا
بہت آنکھین ہین فرش راہ چلنا دیکھکر ظالم ۔۔۔ کف نازک مین کانٹا چبھ نجائے کوئی مژگانکا
گرہ کیسی لگی تھی کھل پڑی کس راہ مین فتنے ۔۔۔ نظر آتا ہے خالی آج گوشہ تیرے دامانکا
حوران خلد بولتی ہین بڑھ کے بولیان ۔۔۔ نیلام ہو رہا ہے تمہارے شہید کا
ملی جو یار کی شوخی سے اسکی بے چینی ۔۔۔ تمام رات دل مضطرب کو پیار کیا
ڈوب کر سینہ مین اس رنگ سے پیکان نکلا ۔۔۔ دل سے بے ساختہ نکلا کہ وہ ارمان نکلا
نام اوسکا تو مرے دلمین نہان تھا ناصح ۔۔۔ ہائے کمبخت ترے منہ سے یہہ کیونکر نکلا
دلمین لے دے کے رہا تھا ایک قطرہ خونکا ۔۔۔ کچھہ نیازِ غم ہوا کچھہ صرف مژگان ہو گیا
بوسہ لیکر دل دیا ہی اور پھر نالان ہین داغ ۔۔۔ کوئی جانے مفت مین حضرت کو نقصان ہو گیا
کیا تھا دفن کشتہ کو تمہارے قبلہ رو لیکن ۔۔۔ خدا جانے کہ منہ اوسکا فرشتون نے کدہر پایا
وہ میرا چھیڑنا آغاز الفت مین شکایت سے ۔۔۔ وہ رکھکر ہاتھہ کانون پر ترا کہنا کہ بھر پایا
تمہاری رہگذر مین لوگ دیوانہ بتاتے ہین ۔۔۔ کہا مجھہ سے ترا دل ہی کسی نے کچھہ اگر پایا
بزم اغیار کا مذکور ہے میرے آگے ۔۔۔ وہ بھی اسطرح کہ افسوس وہان تو نہوا
ترے دست حنائی مین بھی ہے چور ۔۔۔ کسی کو ہاتھہ کا سچا نپایا
وصل مین ہائے وہ اترا کے مرا الوان اوڑھنا ۔۔۔ اے فلک دیکھہ تو یہہ کون مرے گھر آیا

وعدہ پہ مری اونکی قیامت کی ہی تکرار
اور بات ہے اتنی کہ ادہر کل ہی ادہر آج

جھکی ہی جاتی ہر کہہ خود بخود حیا سے وہ آنکھ
گری ہی پڑتی ہی بیمار ناتوان کیطرح

زاہد بڑی کریم ہے پیر مغان کی ذات
وان سب عبادتین ہین وضو بے وضو پسند

اے شیخ جسکو جو نہ ملیگا بڑہے گا شوق
جنت کو مین پسند جہنم کو تو پسند

عمر کیونکر نہ بسر کیجیے غافل ہوکر
کہ ملا ہے ہمین اک قطرہ مے دل ہوکر

بزم اغیار کا ظاہر ہے اثر آنکھون پہ
مہربان آنکھ کی خفت مرے سر آنکھون پر

جانب چرخ اشارہ سے بتایا اوسنے
جب کہا مین نے مرا صبر پڑیگا کس پر

ترے بیمار کو آتی نہین موت
پڑ رہے جائے کوئی لیکن کہان تک

حورون کا انتظار کرے کون حشر تک
مٹی کی بھی ملے تو روا ہے شباب مین

خدا ہے کوئی پوچھے حشر مین ہم سے تیرا آگے
کہ وہان تم کسپہ مرتے تھے کہین ہم آپسے مرتے ہین

میخانہ کے قریب تھی مسجد بھلے کو داغ
ہر ایک پوچھتا ہی کہ حضرت ادہر کہان

دلمین سما گئی ہین قیامت کی شوخیان
دو چار دن رہا تھا کسی کی نگاہ مین

نہین ہی غور اونہین بہی ستم رسیدہ نیک
وہان وہ چرخ کو قایم مقام کرتے ہین

مجھکو تباہ چشم مروت نے کر دیا
ملجائے تو چوراون کسیکی نظر کو مین

خبر سنکر مرے مرنیکی وہ بولے رقیبونسے
خدا بخشے بہت سی خوبیان تھین مرنیوالے مین

ملے مجھ سے تو فرمایا تمہین کو داغ کہتے ہین
تمہین ہو ماہ کامل مین تمہین رہتے ہو لاکھون مین

اجل کا نام لین تقدیر کو روئین مجھی کو سین
مرے قاتل کا چرچا کیون ہی میرے سوگوارون مین

کس سے وعدہ ہے جو گھبرائے ہوئے پھرتے ہو
یہہ وہ گردش ہے کہ میرے بھی مقدر مین نہین

چھین لین دلکو اگر وہ تو یہہ مجبوری ہے
مین کہے جاونگا محتاج ہون مقدور نہین

عرصہ حشر مین اللہ کرے گم مجھکو
اور پھر ڈہونڈتے گھبرائے ہوئے تم مجھکو

دیکھنا چھیڑ سر حشر مرے پاس آکر
کہتے ہین کون ہو ان مین جانتے ہو تم مجھکو

دیکھنا پیر مغان حضرت زاہد تو نہین
کوئی بیٹھا نظر آتا ہے پس خم مجھکو

عدم سے سب آتے ہین یہان چار دنکو
نہین ہوتی منظور رخصت زیادہ

تم آئینہ دیکھو تو ہم بھی یہ دیکھین
کہ ہے کونسا خوبصورت زیادہ

تلخی موت کو فرہاد کی وہ کیا جانے
منہہ سے شیرین کے ابھی دودہ کی بو آتی ہے

اوسکی بیداد نے چھوڑی نہین عالم مین جگہ
نالے گھبرائے ہوئے پھرتے ہین دیوانے سے

لیکے دل آپ جگر چھوڑ گئے سینہ مین
اک رقم یاد رہی ایک رقم بھول گئے

گو چپ ہی رہے یہ جنبش لب کہہ رہی ہی صاف
قاصد کے منہہ مین پھرتی ہی شوخی جوابکی

دلمین قاتل کے رکاوٹ ہو تو ہو
خنجر اپنے دم سے اچھا چاہیے

رخ روشن کے آگے شمع رکھکے وہ یہ کہتے ہین
اودہر جاتا ہے دیکھین یا ادہر پروانہ آتا ہے

یار کا پاس نزاکت دل ناشاد رہے
نالہ ترکتا ہوا تھمتی ہوئی فریاد رہے

باہم اک وعدۂ فردا یہ نوشتہ ہو جائے
کہ مری بھول کی عادت ہی مجھے یاد رہے

تاثیر ہوئی ہے کس نظر کی
وہ آنکھ نہین ہے نامہ بر کی

تلوار مجھی کو ہے مری آہ
وہ بھی ظالم تری کمر کی

یہہ بھی احسان ہے جو وعدے ہون
دوسرے تیسرے قیامت کے

بڑا مزا ہو جو محشر مین ہم کرین شکوہ
وہ منتون سے کہے چپ ہو خدا کے لئے

ملے تو حشر مین لے لون زبان ناصح کی
عجیب چیز ہے یہہ طول مدعا کے لئے

ایک تو حسن بلا اوسپہ بناوٹ آفت
گھر بگاڑین گے ہزارونکے سنورنیوالے

حشر مین لطف ہو جب اونسے ہون دو دو باتین
وہ کہین کون ہو تم ہم کہین مرنیوالے

خوشنوائی نے رکھا ہمکو اسیر صیاد
ہم سے اچھے رہے صدقے مین اوترنیوالے

شرکت غم بھی نہین چاہتی غیرت میری
غیر کی ہو کے رہے یا شب فرقت میری

گئے ہین اور یہہ کہتے گئے ہین
بہل جاؤگے اپنے ہمنشین سے

نهین آتا تجھے گر اے تمنّا +

وقت نظاره کی کشش حسن نے کمی
طرز قدسی مین کبھی شیوهٔ انسانین کبھی

دلمین بے لطف رہی خار تمنا کی خلش
زبان دے نه عدو کو که یه تو وه شی ہے

چھین لین حشر کے دن تمسے نه حورین مجھکو
مرگ دشمن کی دعا مانگ کے پچھتا یا ہون

حُسن مجسم رہا که عشق رہا
قتل پر اپنے باندہ دیتے ہم

حال معلوم ہے قیامت کا
پیغامبر کی بات پر آپس مین رنج کیا

وقت خرام ناز دکھا دو جُدا جُدا
فرصت کہان که ہم سے کسیوقت تو ملے

نکلنا سیکھ لے جان حزین سے
آنکھونکو لیکے ساتھ مین میری نظر گئی

ہم بھی اک چیز تھے اس عالم امکان مین کبھی
نوک بنکر نه رہا یه کسی مژگان مین کبھی

ترے دہن مین رہے یا مرے دہن مین رہے
اونکو حسرت ہے که یه ہمکو ملے ہم مین رہے

کہین ایسا نهو وه غیر کے ماتم مین رہے
غیب کی کچھ خبر نهین آتی

ہاتھ اونکی کمر نهین آتی
بات کہنے مین یه نهین آتی

میری زبان کی ہے نه تمہاری زبانکی ہے
یه چال حشر کی یه روش آسمانکی ہے

دن غیر کا ہے رات ترے پاسبانکی ہے

درد خواجه میر دہلوی رح بن خواجه ناصر عندلیب تخلص رح سلسلهٔ نسب پاکش در فقرا تا امام الطریقة خواجه خواجگان بهاء الدین المعروف به نقشبند رضی الله عنه می رسد و در امرا تا نواب ظفر خان که بعهد سعادت مهد جهانگیر بادشاه از نامو ران بوده است میر درد علیه الرحمة در فنون سپاهگری دستگاہے بلند و در موسیقی مهارتے شایسته داشتند ہما تا دل حق منزل بسوے فقر کشید پیوند ارادت با پدر پاک گوہر خویش درست کردند و پس از تکمیل رہنمونی سلک نقشبندیه بر گرفتند از اکابر اولیا بوده اند و اجلهٔ اتقیا علاوه این کمالات در سخنوری نیز از اساتذه اند زبانے شسته دارند و بیانے دلربا و کلام ایشانرا قبولے خاص است نزد

اساتذه سودا گوید ؎

مین کیا کهون که کون هون سودا بقول درد	جو کچهه که هون سو هون غرض آفت رسیده هون

از تالیفات ایشانست ناله درد و آه سرد و درد دل و شمع محفل و ایشانرا دو تا دیوانست یکے در پارسی دیگرے در ریختہ ؎

سینه و دل حسرتون سے چها گیا	بس هجوم یاس جی گهبرا گیا
قتل عاشق کسی معشوق سے کچهه دور تها	پر ترے عهد سے آگے تو یهه دستور تها
هے کوتهی اجل کی طرف سے هی ورنه مین	اک عمر سے اسیر هون زلف دراز کا
پهرتی هے خاک میری صبا در بدر لیے	اے چشم اشکبار یهه کیا تجهکو هو گیا
بارے مجهے بتا تو سهی کیا سبب هوا	پهر مجهه په مهربان هوا تو غضب هوا
فلک سمجهه تو سهی هم سے اور گلوگیری	یهه ایک جیب هے سو تار تار رکهتے هین
اپنے بنده په جو کچهه چاهو سو بیداد کرو	یهه نه آجائے کهین جی مین که آزاد کرو
کاش تا شمع نهوتا گذر پروانه	تم نے کیا قهر کیا بال و پر پروانه
کبهو هنسنا کبهی رونا کبهو حیران هو رهنا	محبت کیا بهلے چنگے کو دیوانه بناتی هے
دل بهی تیرے هی ڈهنگ سیکها هے	آن مین کچهه هے آن مین کچهه هے
اگلے معانقه کو اگر کیجیے معاف	لگجاؤن اب گلے سے مکافات کے لیے
تیری گلی مین مین نه چلون اور صبا چلے	یون هی خدا جو چاهے تو بنده کی کیا چلے
روندے هے مثل نقش قدم خلق یان مجهے	اے عمر رفته چهوڑ گئی تو کهان مجهے

دیوانه رائے سرب سنگهه همشیره زاده راجه مهانراین در پارسی چار دیوان دارد ازانجا که از مشاهیر اهل فکرت است و استاد حیدر علی حیران و جعفر علی حسرت این دو بیت ازو نوشته آمد ؎

جان پر آبنی همدم میری خاموشی سے	بات کچهه بن نهین آتی هے اب اظهار بغیر

دل ہی کہ تیری تیغ کے آگے سے ٹل نہ جاے / رستم کا کب جگر ہی کہ زہرہ پگھل نہ جاے

ذال معجمہ

ذوق شیخ محمد ابراہیم دہلوی المخاطب بہ خاقانی ہند اوستاد ابوظفر بہادر شاہ و تلمیذ شاہ نصیر دہلوی صاحب قوت فکر خداداداست بر جمیع اصناف سخن قدرتے کہ او راست در ریختہ سرایان نتوان یافت گفتارش دریاکی زبان و بلندی معنی و شوخی اشارت و کرسی نشینی ترکیب و بست قافیہ و نشست ردیف طراز یکتائی دارد از زائیدہ نغز رائی ادراکی معلوم و از خوان نادرہ سنجی ہا و را نصیبے مفروض زبانش را پاکیزگی غاشیہ بر دوش بیانش را شایستگی گرد راہ جامہ وے جگر کاو چکامہ اش دلخراش رباعیات وے ناخن بدل زن مقطعاتش شور انگیز

ہم ہین اور سایہ ترے کوچہ کی دیوارونکا / کام جنت مین ہی کیا ہم سے گنہگارونکا

مین ہجر مین مرنیکے قرین ہو ہی چکا تھا / تم وقت پر آ پہونچے نہین ہو ہی چکا تھا

بغل سے لیگئے دلکو نکالکر وہ صبیح / جو مانگا تو کہا آنکھین نکال کے کیسا

اس سے تو اور آج وہ بیدرد ہو گیا / اب آہ آتشین سے بھی دل سرد ہو گیا

سینہ مین بوالہوس کے بہی تھا آبلہ مگر / نشتر کا نام سنتے ہی منہ زرد ہو گیا

نیمچہ جب مول وہ بانکا جوان لینے لگا / موت کے جی مین مزے یہہ نیمجان لینے لگا

تیر چٹکی مین لیا اوس نے پئے جان عدو / رشک میرے دلمین کیا کیا چٹکیان لینے لگا

مجھکو ہر شب ہجر کی ہونے لگی جون روز حشر / مجھ سے یہہ کس دن کے بدلے آسمان لینے لگا

سنکے مجنون نے مرے شور جنونکو یون کہا / واقعی مجھ سے بھی یہہ شوریدہ سر اچھا ہوا

مجھکو صدقہ کر اگر ہے بدمزہ تیرا مزاج / یہہ ادہر صدقہ دیا تو نے ادہر اچھا ہوا

ذوق کے مرنیکی سنکر پہلے تو کچھہ رک گئے
پھر کہا تو یہہ کہا منہہ پھیر کر اچھا ہوا

عبث جان منتظر ہو ٹوٹنیہ ہی وہ شوخ کب آیا
اگر چلم مین بہی آیا تو ہم جانین گے آیا

تامل کیجیو ذوق تپیدن دیکھیے کیا ہو
کہ ابتلک ذبح کرنیکا نہین قاتل کو ڈہب آیا

لگائی زلف کو شانہ نے جب انگلی پکارا دل
یہہ گستاخی بہلا رہ تو سہی اے بے ادب آیا

ترے ڈر سے نہ آیا پاس کوئی نیچا نون کے
مگر رونا کبھی چوری سے بعد از نیم شب آیا

کہے ہے خنجر قاتل سے یون گلو میرا
کمی جو مجھہ سے کرے تو پیئے لہو میرا

نہوا آب شہادت سے گلو تر نہوا
مستعد جب وہ ہوا ہائے تو خنجر نہوا

اوس نے جب ال بہت رد و بدل مین مارا
ہم نے دل اپنا اوٹھا اپنی بغل مین مارا

ساتھہ اونکے ہین ہم سایہ کی مانند ولیکن
اسپر بہی جدا ہین کہ لپٹنا نہین آتا

دل مانگنا مفت اور یہہ پھر اوسپہ تقاضا
کچھہ قرض تو بندہ پہ تمہارا نہین آتا

یون لائے وان سے ہم دل صدپارہ ڈھونڈکر
دیکھا جہان پڑا کوئی ٹکڑا اوٹھا لیا

چشم و نگہ کو تیری بدنام کیون کریگا
مرگ و قضا کو تیرا عاشق نہ لے مریگا

کرے ہے شرع کا پاس نمک مدام شراب
حرام ہے نہین لیکن نمک حرام شراب

فرقت کی رات جی چکے ہم تا زمان صبح
ہو گی اذان گور ہماری اذان صبح

ریش سپید شیخ مین ہے ظلمت فریب
اس مکر چاندنی پہ نکرنا گمان صبح

ٹھیری ہے اونکے آنیکی یان کل پہ جا صلاح
اے جان بر لب آمدہ اب تیری کیا صلاح

تکہ نہین حرف دل نشین تہا دہن کی تنگی سے تنگ ہوکر
نکلا آیا جو راہ آنکھونکی دل مین بیٹھا خدنگ ہوکر

خوب روئے آج ہم سنسان ہامون دیکھکر
یاد آیا ہمکو مجنون بید مجنون دیکھکر

کہا پتنگ نے یہہ دار شمع پہ چڑہ کر
عجب مزا ہے جو مرتے کسیکے سر چڑہ کر

تونے گل کو سر پہ رکھا جب چمن مین توڑ کر
مین بھی حاضر ہون کہا غنچہ نے یہ منہہ پھوڑ کر

وہ کہے کون ہے قربان مری اس جیتو نپر
مین کہون مین تو کہے مین کے چھری گردن پر

پائی نہ تیغِ عشق سے ہمنے کہین پناہ — قربِ حرم مین بھی ہین تو قربانیون مین ہم
ترے خرام کے پیرو ہین جتنے ہین فتنے — قدم سب آن کے زِ رفتِ خرام لیتے ہین
ترے قتیل بتاتے نہین تجھے قتال — جب اونسے پوچھو اجل ہی کا نام لیتے ہین
ساقی لڑائیون سے تری چاہتا ہے جی — باہم لڑا کے شیشۂ و ساغر کو توڑ دون
نازک کلامیان میری توڑین عدو کا دل — مین وہ بلا ہون شیشہ سے پتھر کو توڑ دون
نہ چھوڑا تار وحشت نے ہماری جیب و دامان مین — مگر تارِ نفس سینہ مین سمجھو یا گریبان مین
تو کہے غنچہ کہ اوس لب پہ دھڑی خوب نہین — چپ کہ منہہ چھوٹا سا اور بات بڑی خوب نہین
ہم اپنے جذبۂ دل کے اثر کو دیکھتے ہین — وہ پہلے بزم مین دیکھین کدہر کو دیکھتے ہین
خط بڑھ کے اور بھی وہ ہوا پیچ و تاب مین — کیا جانے لکھدیا اوسے کیا اضطراب مین
اسیرِ درد و غم مین ہون بلفظِ جان بلب مین ہون — اور اوسپر اب تلک جیتا ہون مین کوئی عجب مین ہون
جو مانگون موت دردِ ہجر سے مجھکو نہین نیبا — کہ نامِ عشق ہون اور اسقدر رسوا طلب مین ہون
سینۂ و دل پہ مرے زخمِ جگر ہنستے ہین — ہنسنے دو چارہ گرو ہنستے ہی گھر بستے ہین
مر گئے پر بھی تغافل ہی رہا آنے مین — بیوفا پوچھے ہے کیا دیر ہے لیجانے مین
جسجگہہ بیٹھے ہین با دیدۂ نم اوٹھے ہین — آج کس شخص کا منہہ دیکھکے ہم اوٹھے ہین
رکھہ کمتار بس اب اے چرخ نہ اتنا ہمکو — ہم نے جانا کہ کیا خاک سے پیدا ہمکو
جتنے عاشق ہین ہم ایک کا ہے ایک عزیز — شمع سے چاہئے ہے خون کا دعوی ہمکو
باعثِ رشک ہوا خون ہمارا ہمکو — تجھبہ بن دیکھے ہے غش جسنے کہ دیکھا ہمکو
اسپہ مرتے ہین کہ کیون غیر کو تونے مارا — وہ نصیب اوسکو ہوئی تھی جو تمنا ہمکو
اک حلاوت ہی عداوت مین بھی اوس ظالم کی — کہ اگر زہر بھی دیتا ہے تو میٹھا ہمکو
تو ہنسی سے نہ یہہ کہہ مرتے ہین ہم بھی تمپر — مار ہی ڈالے گا بس رشک ہمارا ہمکو
کھانے پینے کی قسم کھائی ہے تجھہ بن ہم نے — ورنہ ہے زہر تو ہر طرح گوارا ہمکو

ہم تبرک مین بس اب کرلے زیارت جنون
سر پہ پھرتا ہے لئے آبلۂ پا ہمکو

لبیک و اذان ناقوس و جرس یا خندۂ قلقل نالۂ نے
دل کھینچے مین ہان کوئی ہو ہر ایک نوائی دلکش ہو

دن کٹنا جائیے اب رات کدہر کاٹنے کو
جب سے تو پاس نہین دوڑتی ہی گھر کاٹنے کو

نکالون کسطرح سینہ سے اپنے تیر جانان کو
نہ پیکان دلکو چھوڑے ہی نہ دل چھوڑے ہی پیکانکو

تم مسی ملکر نہ غرفہ سے نکالا منہہ کرو
اور نہین گر مانتے تو جاؤ کالا منہہ کرو

عبث تم اپنا رکاوٹ سے منہہ بناتے ہو
وہ آئی لب پہ ہنسی دیکھو مسکراتے ہو

اے ذوق وقت نالہ کے رکھلے جگر پہ ہاتھہ
ورنہ جگر کو روئیگا تو دہر کے سر پہ ہاتھہ

جنون کی جیب دری پر ہین خوب چلتی ہاتھہ
سلوک سینہ سے بھی کچھہ تو کرلے چلتے ہاتھہ

اوٹھہ چکا وہ ناتوان جو رہ گیا
دب کے تیرے سایۂ دیوار سے

ترے کوچہ کو وہ بیمار غم دار الشفا سمجھے
اجل کو جو طبیب اور مرگ کو اپنی دوا سمجھے

ہر اک گردش مین سو انداز ناز فتنہ زا سمجھے
فلک کو ہم کسی کافر کی چشم سرمہ سا سمجھے

نگاہ ہجوم یاس مین ہے دلگاہ ہجوم حسرتین
ہی یہ سرو سپاہی ہمیشہ پہرتا لشکر ہے

لیتے ہی دل جو عاشق دلسوز کا چلے
تم آگ لینے آئے تھے کیا آئے کیا چلے

اے غم مجھے تمام شب ہجر مین نہ کھا
رہنے دے کچھہ کہ صبح کا بھی ناشتا چلے

لیجائین میرے کشتہ کو جنت مین بھی اگر
پھر پھر کے تیرے گھر کیطرف دیکھتا چلے

اب دونکو شستن جسقدر ہفت دریا لوگ کہتی ہین
گرے تھے اشک کے قطرے مگر دو چار دامن سے

رخصت ای زندان جنون زنجیر در کھڑکا ہے
مژدہ خار دشت پہر تلوا مرا کھجلائے ہے

سر بوقت ذبح اپنا اوسکے زیر پائے ہے
یہہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

بلبے استغنا کہ وہ یان آتے آتے رہ گئے
اف رے بیتابی کہ یان تو دم ہی نکلا جاہی

حاضر ہین ہمرے توسن وحشت کی جلو مین
باندھے ہوئے کہسار بھی دامن کو کمر سے

کہلتا نہین دل بند ہی رہتا ہی ہمیشہ
کیا جانئے کہ آجاتے ہے تو آسمین کدہر سے

بالین پہ کہا میرے ہنگامۂ محشر نے — لو اوٹھو کہین حضرت کیا دیر لگائی ہے
الٰہی کس بیگنہ کو مارا سمجھ کے قاتل نے کشتنی ہے — کہ آج کوچہ مین اوسکے شور ہائے ذنب قتلنی ہے
دل کی معاش غم اسے غم کی تلاش ہے — ڈرتا ہون دل سے مین کہ بڑا بدمعاش ہے
ہے تیرے کان زلف معنبر لگی ہوئی — رکھے گی یہ نہ بال برابر لگی ہوئی
بیٹھے بھرے ہوئے ہین خم می کیطرح ہم — پر کیا کرین کہ مہر ہے منہ پر لگی ہوئی
کرتی ہے زیر برقع فانوس تاک جھانک — پروانہ سے ہے شمع مقرر لگی ہوئی
اے ذوق دیکھ دختر رز کو نہ منہ لگا — چھٹتی نہین ہی منہ سے یہ کافر لگی ہوئی
پھینکے ہی اک جنبش مژگان مین وہ پری — اس اپنے ناتوان کو پرے کوہ قاف سے
اڑتے ہین گہ نصیب سے گاہی فلک سے ہم — فرقت کی رات کم نہین روز مصاف سے
رہے جون شیشۂ ساعت وہ مکدر دونون — کبھی مل ہی گئے دو دل جو کدورت والے
ہائے رے حسرت دیدار مری ہائے کوئی — لکھتے ہین ہائے دو چشمی سے کتابت والے
نہین جز شمع مجاور مرے بالین مزار — نہین جز کثرت پروانہ زیارت والے
دل سے کچھ کہتا ہون مین مجھسے ہی کچھ دل کہتا — دونون اک حال مین ہین رنج و مصیبت والے
تو جو آ جائے تو اے درد محبت کی دوا — میرے ہمدرد ہون بیدرد نصیحت والے
کبھی افسوس ہے آتا کبھی رونا آتا — دل بیمار کے ہین دو ہی عیادت والے
بھولا نہ مجھے قتل گہ عام مین قاتل — اللہ رے ترا حافظہ کیا یاد غضب ہے
مزے جو مرنیکے عاشق بیان کبھو کرتے — مسیح و خضر بھی مرنے کی آرزو کرتے
غرض تھی کیا ترے تیرونکو آب پیکان سے — مگر زیارت دل کیونکہ بے وضو کرتے
دروازۂ میکدہ کا نکر بند محتسب — ظالم خدا سے ڈر کہ در توبہ باز ہے
پہنچا ہے شب کمند لگا کر وہان رقیب — سچ ہے حرام زادے کی رسی دراز ہے
ساقیا عید ہے لا بادہ سے مینا بھر کے — کہ مے آشام پیاسے ہین مہینا بھر کے

نہین مژگان پرخون خار غم تھی دلنشین نکلے
جنون یہہ نیشتر کیسے کہین ڈوبے کہین نکلے

ہم تسا عدو اپنا کسیکو نہین پاتے
تم پاتے ہو ہمکو تو چھری کو نہین پاتے

کیون ہم نے دیا دل تجہے او سنگدل اپنا
کمبخت ہم اوس سخت گھڑی کو نہین پاتے

کہولدے آنکہین دم ذبح ندیکہونگا تجہے
پر چھری اپنی مین گردن پہ تو دیکہون چلتی

جب مین دنیا سے چلا سر پہ یہہ بولی حسرت
تو اکیلا نہین ہمرہ ترے مین ہون چلتی

دور کر بالون کو سر پرسے کہے ہے لیلی
پر نہین کان پہ مجنون کے ذرا جون چلتی

مین تو اون آنکہونکی گردش کا بلا گردان ہون
کہ نہین تیری ہی وان گردش گردون چلتی

جو پاس مہر و محبت کہین یہان بکتا
تو ہم بہی لیتے کسی اپنے مہربان کے لئے

الہی کان مین کیا اوس صنم نے پہونکدیا
کہ ہاتہہ رکھتے ہین کانونپہ سب اذان کے لئے

و بال دوش ہے اوس ناتوان کو سر لیکن
لگا رکھا ہے ترے خنجر و سنان کے لئے

رہے ہے ہول کہ برہم نہو مزاج کہین
بچا رہے ہول دل اونکے مزاجدان کے لئے

جو دل قمار خانہ مین بت سے لگا چکے
وہ کعبتین چہوڑ کے کعبہ کو جا چکے

زہر اب بہی ہے بادہ تو کرلینگے نوش جان
ساقی پیالہ منہہ سے ہم اب تو لگا چکے

باز آیا دیکھنے سے نہ آتش خونکے دل
سو بارہ آبلے اسے آنکہین دکہا چکے

زبان پیدا کرون جون آسیا سینہ مین پیکان سے
دہن کا ذکر کیا یان سرہی غائب ہی گریبان سے

فلک کیا فتنہ سازی مین ہو ہمسر چشم فتان سے
گرا تہا یہہ بہی اشک سرمہ آلودہ اوسکی مژگان سے

ایسا نہو کہ آتے ہی آتے جواب خط
تا قاصد جواب زندگی استعارہ دے

اے شمع تیری عمر طبیعی ہے ایک رات
ہنسکر گذار یا اسے روکر گذار دے

فلک تو ٹیڑہ ہو کر صبح سے تا شام چلتا ہے
مگر سیدہی نظر سے تیری اپنا کام چلتا ہے

چلا پہلو سے اوٹھکر جبکہ وہ آرام جان میرا
کہا آرام نے مجھسے کہ لو آرام چلتا ہے

کون وقت اے وائے گذرا جی کو گھبراتے ہوئے
موت پڑتی ہی اجل کو پاتا کہ آتے ہوئے

کچھ ہوتی آدمیت اگر ہوتے آدمی
یہ خوبرو تو حور ہوئے یا پری ہوئے

سر تو ہے تن پہ مرے تیغ ستم کے واسطے
پر لگا رکھتے ہین وہ جھوٹی قسم کے واسطے

کیا تاب دل اُن جلوون سے جو برق لاگ رکھے
دوزخ بھی ہو تو اُنکی چلمونپہ آگ رکھے

ہوس مین کعبہ کی کیون شیخ بتخانہ سے گمرہ ہے
یہان تو کوئی صورت بھی ہے وہان اللہ ہی اللہ ہے

کوئی کمر کو تری ہو اگر کمر تو کہے
کہ آدمی جو کہے بات سوچ کر تو کہے

گر رخ کا بوسہ دیتے نہین لب کا دیجئے
وہ ہی مثل ہے پہول نہین پنکھڑی سہی

تم دو گھڑی کو آؤ تو ہین لب پہ جان کو
ٹھیرا رکھون کہ اور بھی یہان دو گھڑی سہی

کہتے ہین آج ذوق جہان سے گذر گیا
کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے

عزیزو ناقۂ لیلےٰ کے دیکھوگے شتر غمزے
اگر مجنون کو ملجائیگی خدمت ساربانی کی

ذکر کچھ چاک جگر سینہ کا سن سن اپنے
کر کے ہین ضبط ہنسی دیکھون ہون ناخن اپنے

آج تنہا خفقانی سے ہین گھر مین پھرتے
نکلے جو وصل کے عالم ہین نظر مین پھرتے

ابتو گھبرا کے یہ کہتے ہین کہ مر جائینگے
مرکے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائینگے

مری طاعت سے ابتو معصیت بھی عار کرتی ہے
مری توبہ پہ توبہ توبہ استغفار کرتی ہے

اگر اوٹھے تو آزردہ جو بیٹھے تو خفا بیٹھے
لگا یا جی کو اپنے روگ جب جی لگا بیٹھے

باقی ہے شیخ کو ابھی حسرت گناہ کی
کالا کرے گا منھہ بھی جو داڑھی سیاہ کی

جو کہوگے تم کہینگے ہم بھی ہان یون ہی سہی
آپکی یون ہی خوشی ہے مہربان یون ہی سہی

ہم بتونکے دلکو جذب دل سے کھینچے جائینگے
پر بڑے پتھر ہین مشکل ہے کہ کھینچے جائینگے

جا رہے ہے زیر مغیلان ترے دیوانونکی
مدتون جہان پہ چکے خاک بیابانون کی

قسمت برگشتہ دیکھو اک نگہ کی تھی ادہر
سو بھی آکر تا سر مژگان حیا سے پھر گئی

ستمگر تو نے روکا سبکو میرے پاس آنے سے
اجل اب بھی گر کبھی آئے تو شاید کچھ بہانے سے

جو پوچھے زاہد خشک اپنی دارو مین کون سی پی
اگر پرہیز کی پوچھے کہو نا پرہیزگاری سے

رای مہملہ

راحت مرزا محمود بیگ پور احمد بیگ رومی الاصل دہلوی مسکن از تلامذہ مومن خان سپاہگری وسیلہ معاش او بود عاقبت گوشۂ انزوا پذیرفت ہ

صبر و قرار و تاب و توان رفتہ رفتہ سب	آجائینگے کہین سے دل رفتہ گر ملا
غیرون سے جو اشارے محفل مین ہین تمہاری	سمجھین وہ یا نہ سمجھین پر یہہ غلام سمجھا
اجل پہلے آوے کہ وہ پہلے آوین	یہی راہ مدت سے ہم دیکھتے ہین
یہہ چاہتا ہون کہ رازِ نہان نہ افشا ہو	ترے دہن سے زیادہ مرادہن بیجا ہے

راغب شیخ غلام علی از شاگردان مرزا فدوی و میر تقی در ۱۲۳۸ درگذشت از تالیفات اوست مثنوی راز و نیاز بندہ دیدہ ام خوش گفتہ است و حسن و عشق و سبیل نجات و اورا دیوانے ست ہ

حیا کے پردہ مین مارا ہی ایک عالم کو	شہید مین تو ہون ان شرمگین نگاہون کا
گذرے جو وہ خیال مین تو نازکی ہی ہائے	یہہ رنگ ہو کہ پھول ہو جیسے ملا ہوا

ملین حضرتِ راسخ ہمکو اگر تو یہہ پوچھین اونکی جنابمین ہم
کہو قبلۂ و کعبہ وہ کیسا تھا گل نہین کانٹا سا جسکی ہوا نے کیا

راغب احمد حسین برادرزادہ حافظ محمد بخش عرف حافظ ممو ہ

یارب اسے تو چین دے جھکو نہ دے نہ دے	جبتا ہے میرے حال پہ دل غمگسار کا
مین نے کہا سر کٹنے مین کیا کیا نہ ملے لطف	کہنے لگے لے آؤ اگر ہے کوئی سر اور

راقم بندرابن نام از سکناے متھرا یا جہان آباد و از شاگردان میرزا مظہر رح ز سوادا ست ہ

کہے کیا درد دل بلبل گلون سے
اوڑا دیتے ہین اوسکی بات ہنسکر

یان تک قبول خاطر کیجیے تری جفا کو
تا سب کہین کہ راقم رحمت تری وفا کو

رحمت رحمت علی از خویشان وشاگردان حضرت صہبائی در پارسی وریختہ فکر میکرد از تالیفات اوست نالۂ بلبل وانشار حدیقہ رحمت ومثنوی شکایت فلک ؎

طعنے ابتک ہین کہ رخ کی مر گیا قدر تمہین
مین نے اک روز کہین کھائی تہی قرآن کی قسم

رشک میر علی اوسط لکھنوی از تلامذہ شیخ ناسخ دیوانے دارد ؎

وہ رند ہون کہ کرون قرض کر کے میخواری
جو روز جمعہ ہو ذیحجہ کی نوین تاریخ

رشکی نواب محمد علیخان خلف الرشید نواب مصطفےٰ خان شیفتہ دہلوی از خوشہ چینان خرمن فیض مرزا نوشہ اسد اللہ خان غالب است در ہر دو زبان ریختہ و پارسی سخن دلکش میگزارد خیلے خوش گفتہ است ؎

مانگی جو اوسنے جان تو غیر ون پہ آبنی
حالانکہ اک ہنسی تہی فقط امتحان نتہا

کیا کیا بنا کے ہم نے سنایا رقیب کو
مضمون تیرے نامۂ الفت طراز کا

قیس کی دہوم مچ رہی ہے مگر
عشق اس سے سوا نہین ہوتا

ہی دگرگون ابتدائے عشق مین رشکی کا حال
رحم آتا ہے مجھے اوسکی جوانی دیکھکر

رات کو بات نہ کی اوس نے سحر تک ہم سے
اور جو کچھ کہ ہوا قابلِ اظہار نہین

یہہ منصبِ بلند ملا جسکو مل گیا
ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہان

وہ وہ کئے ہین جرم کہ کم ہونگے اور سے
کیا کیا امیدواری تعذیر کر چکے

رفعت مرزا پیارے دہلوی از دودمان امیر تیمور گورگانی ست وشاگرد عبد الرحمان خان احسان ومولوی صہبائی ؎

ہم خوش تہے کہ محشر مین تو دیکہین گے وہ دیدار
لیکن یہہ قیامت ہی کہ محشر نہین ہوتا

کچھ آنکھہ کا گیا نہ گیا کچھ خیال کا
مارا گیا دل اور یہی بے قصور تہا

ہین ایک وہ بھی کہ تم سے ہی ہوا اونکو از دنیا	اور ایک ہم ہین کہ منہہ تکتے ہین زمانہ کا
ہائے پانی بھی چوانے کسو نہ آیا دم مرگ	کوئی جز گریہ حسرت نہ تہے بیمار کے پاس
پونچھے اشک اوس نے گمان غیر ہین	مرگئے ہم اتنے ہی احسان ہین

رمز مرزا فتح الملک بہادر ولیعہد ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ واز تلامذہ ذوق دہلوی ست ؎

آنکھین تو اوسکو دیکھ کے ہوتی ہین بیقرار	بن دیکھے دل تڑپنے لگا اسکو کیا ہوا
کیا قتل ظالم نے کس کس ادا سے	ملا مجھکو قسمت سے جلاد اچھا
تم رہو اور مجمع اغیار	میرا کیا ہے ہوا ہوا نہوا

رنج میر محمد نصیر محمدی خلف میر کلو نبیرہ و سجادہ نشین خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ در موسیقی دستگاہے داشت و ریاضی نیکو میدانست و شعر نیک می شناخت مومن خان کہ باوے نسبت خویشی و دامادی داشت در تاریخ وفات او این قطعہ گفت ؎

شیخ زمان شد ز دہر و ز پی سال وفات	فکر بلند م رہ جنت ما وا گرفت
گفت بہ مومن ملک خواجہ محمد نصیر	در قدم ناصر و درد نکو جا گرفت ۱۲۶۱ھ

این بیت او راست ؎

دل یہہ جسکے لئے پہلو مین تپان رہتا ہے	یون سنا ہے کہ اوسے بھی خفقان رہتا ہے

رند سید محمد خان خلف نواب سراج الدولہ غیاث الدین محمد خان نیشاپوری از باشندگان فیض آباد در لکھنؤ طرح اقامت افگند از شاگردان خواجہ آتش بود دو تا دیوان دارد ؎

رخ کو پوشیدہ عبث ماہ لقا کرتے ہین	اچھی صورت کو چھپاتے ہین برا کرتے ہین
دل نہین دیتا مین اسواسطے آزردہ ہو	روٹھے جاتے ہو اسی بات پر آؤ آؤ

نگہ یاس سے دیکھون تو یہہ کہتا ہی وہ شوخ | پھر بری آنکہہ سے اسنے مجھے دیکہا دیکہو

رنگین سعادت یار خان دہلوی تورانی الاصل پور طہماسپ بیگ خان زبان ریختی ایجاد اوست سیاحتہا کردہ و مرحلہ ہا پیمودہ بود کلام خویش فراہم آوردہ نورتن نام کردہ در جمادی الثانی ۱۲۵۱ھ ہشتاد سالہ در گذشت در گلشن بیخار می آرد از غرائب امور آنکہ میگفت درین سال رخت بعدم آباد میکشم چون سبب پرسیدند گفت سالہاست کہ بیخواست مصرع تاریخ فوت خود برزبان آمدہ کہ درین سال ازان جہان فے شدن من خبر سید بدو قصہ شاہ حاتم کہ اوستاد او بود نقل کرد کہ ہم برین نمط ایشان را اتفاق افتاد خلاصہ ہمچنان دیدہ شد انتہی اوراست ہ

گر اپنے دلمین تو انصاف میں سوچہار بتو نگر	گلے مین ڈالکر باہین منانا تیرا یاد آیا
قسم ہی ایک عالم کو رولا دیتا ہے ای رنگین	وہ اوسکی جہجہکیان کہانا ترا مجبور ہو جانا
جو پوچہتا ہون تغافل سی کیون جلاتے ہو	تو وہ کہے ہی تجہے جانکر جلاتا ہون
ادہر مین چہپکے دیکہو بلبلا وہ نخیر کو دیکہے	بہلا یون دیکہنا دیکہو تو دیکہا جاتا ہے مجہسے

روشن روشن شاہ مولدش بریلی سکنش میرٹھہ ہ

دیکہہ کے مجھکو منہہ کو چہپایا اور حیا کا نام کیا	واہ ری تیری دانشمندی ہمین ہی کا کام کیا
آنکہون مین ذرا ٹہیر تو تا دیکہلین اوسکو	اقرار یہہ ٹہیرا ہے دم باز پسین سے

زاء معجمہ

زار حافظ امام بخش نابینا از باشندگان تہانیسر پارسی آگاہ بود و با موسیقی آشنا اعمال کارگر میدانست ہ

آشنا ہوتی ہے اوس لب سے جو دشنام تو ہم	دلمین کہتے ہین کہ دشنام ہمین کیون نہوئے

زکی شیخ مہدی علی مرادآبادی خلف شیخ کرامت علی خطاب ملک الشعرا از واجد علی شاہ داشت رسمی آگہی از علمار فرنگی محل اندوختہ از فن تاریخ خیلے آگاہ بود دیوانے دارد ہ

وحشت ہے آشکار زلیخا کے حال سے	آنکھین بیان کرتی ہین افسانہ خواب کا
ترک ملاقات کی پوچھو نہ بات	ہم سے نہ ملنا اوسے منظور تہا
دہوم دیوانے اوڑاتے ہین پریزادونکی	شمع محفل کو لگا دیتے ہین پروانے پر
گاہے غم فراق کبھی آرزوئے وصل	کیا ہوے دل لگی جو کبھی دل لگا رہے

سین مہملہ

سالک مرزا قربان علی بیگ خلف نواب مرزا عالم بیگ اقل روزگارے به استفادہ از والا خدمت مومن خان مستفید و بیشتر زمانے باستفاضہ تربیت از غیرت عرفی و فخر طالب مرزا غالب مستفیض بودہ حیدرآبادی مولد دہلوی مسکن است امروز در حیدرآباد است درین نزدیکی دو تا قصیدہ در پارسی زبان یکے در مدحت پدر والا گہر نامہ گردآورد و دیگر در ستایش والی این ریاست دام اقبالہا فرستادہ بندہ ہم مطالعہ کردم خوش سنجیدہ است او را دیوانے است ہنجارہ سالک نام دارد ہ

بتون کی بزم کہ کوئی نہین جہان اپنا	خدا کو کرکے چلا ہون نگاہبان اپنا
تم غیر کے ہوئے تو رہا کیا جہان مین	گویا ہمارے واسطے کچھ بھی بنا نہ تہا
جان یون سہل دی فرہاد نے عاشق ہوکر	پہلے اقبال بھی اللہ عطا کرتا تہا

کھیل ہر بات مین ہے فتنۂ محشر ہونا / اور ابھی سیکھتے ہین آپ ستمگر ہونا

تیز چلتی ہے سخت جانون پر / دم نہ چڑھ جائے تیغ قاتل کا

رہی آشنائی فقط نام کی / وہ نام آشنائے زبان رہگیا

نیند اوڑنے سے بڑا لطف شب وصل عدو / ہائے پہونچا ہے کہان شور سلاسل اپنا

میرا ہوا آشیانہ اور آدہا جلا ہوا / بجھہ بھی گئی تھی آگ تو بجلی کو کیا ہوا

کیا کیا سزا ملی ہے مجھے وصل کے عوض / مین نے شب فراق کو روز جزا کہا

مین نکلتا تری محفل سے اکیلا ای کاش / غم یہہ ہے ساتھہ مرے غیر کا ارمان نکلا

سالک جو کوئی عشق مین مجھکو برا کہے / تکتا ہون منہہ کو اور یہہ کہتا ہون ہان درست

مایوس و نا امید ہین کیا مدعا سے ہم / کہتے ہین اور کہتے ہین کس التجا سے ہم

کاش اے سپہر تجھسے ہی کہتے تو سہل تھین / وہ خواہشین کہ کہتے ہین اوس بیوفا سے ہم

فرط نشاط وصل سے ہی ڈر کہ مر نجائین / ذکر غم فراق ہے چھیڑین بلا سے ہم

آخر تو لائینگے کوئی آفت فغان سے ہم / حجت تمام کرتے ہین آج آسمان سے ہم

تم آگئے تو ہوش کہان میزبان ہو کون / آج آپ اپنے گھر مین ہین کچھہ میہمان سے ہم

چپ چپ پڑے ہوئے تھے ابھی خانقاہ مین / کچھہ کچھہ کھلے ہین بیعت پیر مغان سے ہم

ترے کوچہ کی مجھپر راہ ہے تنگ / کہ آنا ہے نگاہ پاسبان مین

ہوتی ہی رحم و نزاکت مین لڑائی کیا کیا / سر بیمار جو زانو پہ وہ دہر لیتے ہین

یہہ بھی قسمت کہ ہوا نام ہمارا سالک / بے نقط ہی وہ سناتے ہین اگر لیتے ہین

کہنے کا غیر کے تو کسیکو یقین نہین / پر تیری آنکھہ راز کی تیری امین نہین

طالب وصل یہ کہتے ہو بہ تکرار نہین / خوش ہون دو نفیون مین اثبات ہی انکار نہین

پھرتے ہین داد خواہ ترے حشر مین خراب / تو پوچھتا نہین تو کوئی پوچھتا نہین

شکر کیجے گر افسردہ سے ہو کر کیجے / تا وہ صورت ہی سے جانے کہ گلا کرتے ہین

مبتذل ہوکے گر فتنۂ محشر بنجائے | وہ اشارہ کہ تری نرگس فتّان نہین
لاغری سے نظر آتا کہین نخچیر نہین | تیر بہکے تو کمان دار کی تقصیر نہین
اعتبار نگہ ناز ہے کیا کیا اون کو | قتل کو آتے ہین اور ہاتھ مین شمشیر نہین

وہ دشمن دوست ہو یا آسمان ہو | اجل بنکر ہی کوئی مہربان ہو

شکر کیجے کہ نہین تاب تکلم مجھکو | ورنہ اسطرح ہی جو چاہو کہو تم مجھکو
اوسکو دیکھو کہ وہ ہی مجھسے سوا گردشمن | آسمان بنکے ستانا نہ کہین تم مجھکو
غصہ قاتل کا بڑھایا ہے یہ طعنہ دیکر | زندہ گویا کہ نہین چھوڑینگے تم مجھکو

اے خضر اتنے دن ترے کیونکر بسر ہوئے | ہم سے تو رات کٹ نہ سکی انتظار کی

کوئی تو بات ہنسی کی نکلے | خندۂ صبح قیامت ہی سہی

جان ہی دیکے عشق مین ہوئی خیر | آگیا کچھ لیا دیا آگے

یہان بھی جو وہ ستائے کسی بیگناہ کو | اے اہل حشر تم تو نہ کہنا خدا لگی

ہو مین وہ صید کہ رویا کرے صیّاد مجھے | ہو مین وہ کشتہ کہ پیٹا کرے جلّاد مجھے

آمادۂ ستم فلک دیار کینہ جو | پیغام موت کا مجھے اب جا بجا سے ہے

سپہر شتاب خان دہلوی از تلامذہ مرزا صابر دیوانے دارد ۵

ہو غریق رحمت حق وہ عجب انسان تھا | میکدہ کی پہلے جو موجد ہوا تعمیر کا

اوسکو ظالم جو کہا مین نے تو ہنسکر بولا | تجھکو ظالم ہی میسر کوئی مجھسا نہوا

رکھا یاد تم نے مرے بھولنے کو | عجب لطف کا ہے یہ نسیان تمہارا

ہم لطف سے تو گذرے پہ تیر جفا شتاب | یہ بھی بڑا ستم ہے کہ ہمپر ستم نہو
لینا ہے امتحان تو اب لے کہ پھر کہین | تو آئے تیغ کھینچ کے اور مجھ مین دم نہو

کچھ آجکل مرے دلمین گذرتے ہین عیارے | کھلا نہ آنے کا یہان اونکے مدّعا مجھکو

سرور رجب علی بیگ فرزند مرزا اصغر علی لکھنوی از شاگردان

نوازش حسین خان نوازش دیوانے دارد وفسانۂ عجائب از وست ہ

کسکی خوشی کہانکی ہنسی کیسا اختلاط		ہمکو نہ چھیڑو تم کہ وہ اب ہم نہین رہے

سرور اعظم الدولہ نواب میر محمد خان خلف نواب ابو القاسم خان از تلامذہ جان بیگ سامی و از امراء دہلی بود دیوانے دارد و تذکرہ از و یادگار از ریختہ سرایان بیشین وپسین دران قلمی نمودہ بپارسی ہم فکر میکرد در سنہ ۱۲۵۰ درگذشت ہ

دیوانے ہم نہین ہین کہ فصلِ بہار مین		کہنے سے ناصحونکے گریبان رفو کرین
غیر لایا اوسے یان بہر تماشا دم نزع		دوستون سے نہوا وہ جو ہوا دشمن سے

سکندر خلیفہ محمد علی مرثیہ گو پنجابی از تلامذہ محمد شاکر ناجی خود را از شرب شراب معاف نداشتے از وطن بدہلی و از دہلی بہ حیدرآباد رفت و از حیدرآباد بملک عدم شتافت استخوانش بہ کربلا فرستادند ہ

سحر گذرا چمن مین کونسا خورشید رو یارب		کہ شبنم گل کے منہہ پر اب تلک پانی چھڑکتی ہے

سودا مرزا رفیع انچہ حضرت شیفتہ در ترجمہ اش نگاشتہ بندہ را خیلے خوش آمد بنابرین کلمۂ چند نقل برداشتم نظر افروز ارباب مطالعہ باد وہو ہذا بزعم فقیر غزلش بہ از قصیدہ وقصیدہ اش بہ از غزل واگر گوئی غزلش از اشعار رکیک مملوست وقصیدہ ازان خالی نہ زیادہ ازین چہ توان گفت کہ قدما را مانند فصحاے متاخرین پیرامون خاطر وجاگزین دل نہ این بود کہ ہر شعر دلپذیر آید و ہر بیت خاطر نشین لہذا در کلام ایشان رقص الجمل واقع شدہ چہ در قصیدہ وچہ در غزل مع انہم اولون والموجدون والاحاطہ بجمیع فنونہا متعذر للمتقدمین وللہ در من قال العلم للمتاخرین پس بنابرین مقدمات برین بزرگان دار وگیر زنہار سزاوار نیست وطعن وتعرض لایق نہ معہذا در اشعار منتخب ایشان باید نگریست کہ درجۂ رتبت عالی ومکانت فخیم جلوۂ ظہور گرفتہ و یدل علی ذلک ما قال شرف الافاضل

فخر الاماثل قدوة المحققین مولانا صدر الدین المتخلص بہ آزردہ در تذکرہ خود کہ بایجاز و اختصار تمام در حال ارباب نظم ریختہ نوشتہ است تحت ترجمہ میر تقی المتخلص بہ میر در شرح کلام وے حیث قال پستش اگرچہ اندک پست است امّا بلندش بسیار بلند مرزا از اقسام شاعری در مثنوی فکر معقول نداشت اہاجی رکیکہ بسیار گفتہ و بآن شیوہ داشتہ و مضامین دلاویزی یافتہ کلیاتش از دست آوردہ اند کہ سودا روزی بر آستانہ شیخ علی حزین رسید ستوری خواندن شعر یافت و برخواند ؎

ناوک نے تیرے صید نچھوڑا زمانہ مین — تڑپے ہی مرغ قبلہ نما آشیانہ مین

شیخ فرمود تڑپے ہے چہ معنی دارد گفت اے می تپد شیخ بہ تکریم پرداخت و بملک الشعرا خطاب فرمود ؎

آدم کا جسم جبکہ عناصر سے مل بنا — کچھہ آگ بچ رہی تھی سو عاشق کا دل بنا
کونین تک ملی تھی جس دل کی مجھکو قیمت — قسمت کہ اک نگہ پہ جا اوسکو ڈال آیا
زبان ہے شکر مین قاصر شکستہ بالی کی — کہ جسنے دل سے مٹایا خلش رہائی کا
چھوٹ مست باد بہاری کہین جون نکہت گل — پھاڑ کر چلے ابھی گھر سے نکل جاؤنگا
بہنا کچھہ اپنی چشم کا دستور ہوگیا — دی تھی خدا نے آنکھہ سو نا سور ہوگیا
مباد ہو کوئی ظالم ترا گریبان گیر — مرے لہو کو تو دامن سے دہو ہو سو ہو
یہہ تو نہین کہتا ہون کہ سچ مچ کرو انصاف — جھوٹی بہی تسلی ہو تو جیتا ہی رہو نہین
جی تک تو دیکے لون کہ جو ہو کارگر کہین — اے آہ کیا کرون نہین بکتا اثر کہین
تو نے سودا کے تئین قتل کیا کہتے ہین — یہہ اگر سچ ہے تو ظالم اسے کیا کہتے ہین
بوسہ ہنسکر ندیا اوسنے سوائے دشنام — سو بھی یہہ سبب نہ ملا کوئی تو مجبوری مین
کیفیت چشم اوسکی مجھے یاد ہے سودا — ساغر کو مرے ہاتھ سے لیجو کہ چلا مین

سودا خدا کے واسطے کر قصہ مختصر
پیغامبر نے دیر لگائی تو ہے ولے
مت پوچھ یہ کہ رات کٹی کیونکہ تجھ بغیر
سودا جہان مین آ کے کوئی کچھ نہ لے گیا
عجب بیداد حسرت پر مری صیاد کرتا ہے
قاصد کو اپنے ظالم جو کچھ مین دون سمجھا
ہے قسم تجھکو فلک دے تو جہانتک جا ہے
تصور مین ترے کچھ صبا اوسلا ذبالی ہے
گل پھینکے ہے غیرونکی طرف بلکہ ثمر بھی
سودا تری فریاد سے آنکھون مین کٹی رات
سودا کے جو بالین پہ اوٹھا شور قیامت
بدلا ترے ستم کا کوئی تجھ سے کیا کرے
اتنا لکھائیو مرے لوح مزار پر
سب سے کہے سوتا ہون یہ کہدین کہ پھر آنا
بیخوابی سے مرتا ہے شب ہجر مین سودا
دشنام تو دینے کی قسم کھائی ہے لیکن
مے پرستی ہے مری باعث آمرزش خلق
اے دل یہ کس سے بگڑی کہ آتی ہے فوج اشک
انصاف کسکو سونپیے اپنا بجز خدا
سودا کو جرم عشق سے کرتے ہین آج قتل
خواہ کعبہ مین تجھے خواہ مین بتخانہ مین

اپنی تو نیند اوڑ گئی تیرے فسانہ مین
دھڑکے ہے دل کہ یہ نہ کہے رات ہو گئی
اس گفتگو سے فائدہ پیارے گذر گئی
جاتا ہون ایک مین دل پر آرزو لئے
دکہاتا ہے مجھے اوسکو جسے آزاد کرتا ہے
جیتا پھرے تو اجرت ورنہ یہ خونبہا ہے
جلوہ حسن اوسے حسرت دیدار مجھے
گلے لگ لگ مین رو یا رات تصویر نہالی سے
اے خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی
آئی ہے سحر ہونیکو ظالم کہین مر بھی
نوحہ امام ادب بولے ابھی آنکھ لگی ہے
اپنا ہی تو فریفتہ ہووے خدا کرے
یان تک نہ ذبحیات کو کوئی خفا کرے
بالین پہ مرے شور قیامت اگر آئے
اب کہنے کو افسانہ کوئی نوحہ گر آئے
جب دیکھے ہے وہ مجھکو تو اک جنبش لب سے
توبہ صد قوم نے کی ہے مری میخواری سے
لخت جگر کی نعش کو آگے دھرے ہوئے
منصف جو ہو لئے ہین سو تجھسے ڈرے ہوئے
پہچانتا ہے تو یہ گنہگار کون ہے
اتنا سمجھوں ہون مرے یار کہین دیکھا تو

جس روز کسی اور پہ بیداد کروگے — یہہ یاد رہے ہمکو بہت یاد کروگے

سوز محمد میر ولد میر ضیاء الدین نسبش تا حضرت قطب عالم گجراتی میر سید بخاری میرسد موطن دہلوی مولد بود خط شفیعہ و نستعلیق خوش می نگاشت و رموز تیر اندازی نیک می شناخت اشعار بہ طرز مطبوع میخواند در عہد آصف الدولہ بہ لکھنؤ رفتہ در اوائل میر تخلص میکرد ہرگاہ میر تقی در لکھنؤ آمد سوز تخلص خویش قرار داد ہشتاد سالہ در تلمہ از جہان رفت

کعبہ ہی کا اب قصد یہہ گمراہ کرے گا — جو تم سے بتو ہوگا وہ اللہ کرے گا

بہم اوس سے ہم سے بگڑ گئی تو خفا ہو مجھکو رلا دیا
ولے مین بہی کیا ہون کر رونے مین یہہ بنایا منہہ کہ ہنسا دیا

کھینچ کر تیر مار بیٹھے بس — سوز ہے یا شکار ہے کیا ہے

لوگ کہتے ہین مجھے یہہ شخص ہے عاشق کہین — عاشقی معلوم لیکن دل تو بے آرام ہے

مگر جانیکا قاتل نے نرالا ڈہب نکالا ہے — سبھون سے پوچھتا ہی کس نے اسکو مار ڈالا ہے

سوز مولوی عبد الکریم خلف حضرت صہبائی تازہی آشنا پارسی آگاہ دیوانے گذاشتہ

فکر مین تھے انتہائے عشق کی مدت سے ہم — بارے یہہ عقدہ ہمین آکر ترے خنجر کہلا

صبا رقیب سے رکھتی نہی راہ کچھہ ورنہ — ستم یہہ کیون مرے مشت غبار پہ ہوتا

مین بڑا بول جو بولا تہا شب وصلت مین — سو وہ آگے مرے ہنگام سحر آ ہی گیا

ابہی دلمین ابہی آنکہون مین ابہی دامن پر — اشک مین بہی تری شوخی کا اثر آ ہی گیا

اب کوئی سوز سے بنہنے کی نکالو صورت — خیر تقصیر ہوئی ابتو ادہر آ ہی گیا

سوز گو بیگانہ ہی پر بزم مین رہنے تو دے — رفتہ رفتہ یہہ بہی ظالم آشنا ہو جائیگا

پاس آنے مین نہ کشتون کے لگے دیر کہین — لے لیا موت نے گہیر ہی تری دیوار کے پاس

بوسہ پہ اوس دہن کے کہ جسکا نہین سراغ
ہلتی تری زبان ہے بت بیداد گر نہین

جان سینہ مین نظر آنکھو مین دم ہونٹو نپر
اٹک آنے سے ترے کام ہین اٹکے لاکھون

آج یان رسوا ہوا کل وان خرابی مین پڑا
یون ہی گھٹ گھٹ کر مری توقیر آدہی گئی

سید میر غالب علیخان المخاطب بسید الشعرا سر گروہ انشا پردازان دفتر شاہی بود نوشتہ اند تاریخ ایرمانسراے کہ اکرام نام یکے از نقیبان حضور والا بیرون دروازہ لاہوری ساختہ بود و الحال از و نشانے نماندہ بسیار بلطافت و پاکیزگی گفتہ ﷲ درہ ؎ امشب کرمے کن بسراے اکرام ؁ و نیز تاریخ وفاتش کہ پایان مرزا امیر خسرو دہلوی دفنش کردہ اند و بر سنگ مزار وے کندہ این ست ؎ اکرام بیاسود بپاے خسرو انتہی او راست

؎ سبب کیا پوچھتے ہو مجھسے میرے زار رونے کا
کسی کو کچھہ مرض ہے مجھکو ہے آزار رونے کا

نے غازہ نہ گلگونہ نہ ہی رنگ حنا تو
اے خون شدہ دل تو تو کسی کام نہ آیا

یہہ دہڑک دلکی جو ہی عشق مین کچھہ اور ہی ہے
وہ مرض اور ہے جسکو خفقان کہتے ہین

مین اور ترک عشق یہہ امکان ہی نہین
ناصح کی پند سنے کو یان کان ہی نہین

یار و مرے بالین سے نہ اوٹھو نہ جدا ہو
حالت مری اچھی نہین کیا جانیے کیا ہو

شین معجمہ

شادان مرزا حسین علی دہلوی خلف مرزا زین العابدین عارف از تلامذۂ مرزا غالب ؎

آئینہ دیکھکے کہتے ہین یہہ منہہ پھیر کے وہ
کوئی کھینچے لئے جاتا ہے ادہر دل میرا

غیرونپہ ہین وہ لطف کہ ٹہرتی ہین ہمیشہ — ہمپر یہہ ستم ہے کہ سوا ہو نہین سکتا
مژدہ اے یاس کہ پہر آئی مصیبت لیکر — حسرت ایدل کہ او نہین وعدہ نہ پہر یاد رہا
وہ یہہ کہتے ہین جو کرتے ہو دعا بہی کرلو — ہم مزا تمکو دکہا دینگے اثر ہونے تک
پوچہتے ہین کہ تمنا تو بتاؤ کیا ہے — جانتے ہین کہ نہین تاب تکلم مجہکو
پہرتی ہے کوئی چیز آنکہون مین — یہہ مرے بخت کا تو خواب نہین
ہماری ناتوانی دیکہنے کو — وہ آکر پوچہتے ہین تم کہان ہو

شایق خواجہ فیض الدین عرف خواجہ حیدر خان پور خواجہ خلیل اللہ از سکناے ڈہاکہ از شاگردان مرزا غالب بپارسی ہم سخن میگفت دیوانے مختصر دارد ٥

اوسی نے کیا مجہکو رسواے عالم — کہ جسنے تجہے عالم آرا بنایا

شرر مرزا غیاث الدین دہلوی خلف مرزا قمر الدین شدید التخلص نبیرۂ شاہ عالم بادشاہ واز تلامذہ ذوق دہلوی ست ٥

شرر خدا سے ڈرو کل تہے سجدہ بت مین — اور آج تمکو یہ دعوی ہے پارسائی کا
لاکہہ پردہ مین وہ پوشیدہ رہا پر ہمنے — دیکہا جب دل کی نگاہون سے نظر آہی گیا

شرف میر امام علی ابن میر قادر علی فرخ آبادی ست ٥

منہہ سے بوسہ تو نہ مانگینگے جبین یا مرجاین — جان جائے تو نہین غم ہی مگر آن رہے
وصل مین ہوکے ہم آغوش وہ بولے یہہ شرف — اب تو فرمایئے کچہہ اور بہی ارمان رہے

شمشاد مرزا روشن الدولہ خلف مرزا آغا جان متخلص فرزند مرزا سلیمان شکوہ نسبت تلمذ با مرزا رحیم الدین حیا داشت در داستان طرازی کمالے بہم رسانیدہ بود ٥

کام تو کچہہ بہی نہین ہی حشر مین اپنا مگر — آن نکلینگے تری خاطر اگر آنا ہوا

ناتوانی کا برا ہو کہ اوٹھانے نہ دیا
ایسا کیا بوجھ بہت طوق گلوگیر مین تھا

شعلہ علی رضا خان ولد نواب ذوالفقار خان بزرگان وے در سرکار حیدرآباد باخطاب نوابی بر مناصب جلیلہ ممتاز بودند امروز وے نیز بر بقیۂ آن تیول کہ پدر بزرگوار او را بود در اضلاع چھنڈواڑہ بفراغت تمام و قناعت مالا کلام بسری برد مردے سنجیدہ و خوش صحبت است فکرے بلند و ذہنے ارجمند دارد در فن شعر اوستادے معین ندارد ہمان طبعش اوستاد است و فکرش رہنما است چون خال حضرت شہیر است مدتے ہم مشق و ہم مشورہ ایشان بودہ دیوانے فراہم آوردہ است ٥

مانند آسمان ہے سدا سے خمیدگی
پیری سے پیشتر بھی کبھی مین جوان تھا

کیون کاٹون اپنا آپ گلا مین نصیب غیر
دنیا مین کیا کوئی مرا قاتل نہین رہا

وحشت کے امتحان کا افسوس رہ گیا
جب قیس تھا تو شعلہ شوریدہ سر نہ تھا

بیمار کسکو آنکے دیکھین گے وہ خدا
اچھا تو اونکا سنتے ہی بیمار ہو گیا

برپا کسی سے حشر بھی کوئی نہ ہو سکا
دنیا مین ہم سے پہلے کوئی نوحہ گر نہ تھا

اے شعلہ ہمکو عرض جنون ہی تھا پسند
جنگل وگرنہ قیس کے بابا کا گھر نہ تھا

دلمین کی جسنے جگہ مجھسے وہ ٹیڑھا ہی رہا
گر رہا تیر بھی سینہ مین تو ٹیڑھا ہو کر

اس بحث ناصحا مین کیونکر نہ جائے جان
مین دل کو آزماؤن مجھے آزمائے دل

عدو کو گالیان دیتے ہین وہ لیکن بصد خواہش
ہم اونکے منہ کو تا ہمکو بھی دین دشنام تکتے ہین

زحمت سعی بجے کو یہ اچھا ہے خیال
لینے تھا ہمکو جو وہم خطِ تقدیر سو ہے

کیا جلد بر آتی ہے کماندارِ تمنا
کچھ دلمین گذرتی ہی ترے تیر سے پہلے

شب بھر اس وہم نے بٹھا رکھا
میرے زانو پہ کوئی سوتا ہے

شکیبا غلام حسین دہلوی از تلامذہ میر تقی و شعراے پاے تخت

اکبر شاه بود ہ

نیم بسمل اوسنے گر چہوڑا شکیبا غم نہین	پر یہہ غم ہے اعتبار دست قاتل اوٹہگیا

شمس میر آغا علی لکہنوی از شاگردان قاضی محمد صادق خان اختر است ہ

بناوٹ کی نہین ناز کمزاجی ان حسینونمین	خدا جب حسن دیتا ہے نزاکت آہی جاتی ہے

شمیم میر قدرت علی ابن میر انتظام علی سہسوانی مشق سخن از مُنشی صہبا نموده گاہے گاہے با نامه نگار برمیخورد صلاح از ناصیه اش می تراود ہ

اے جنون تو مجھے لیجائیگا اب اور کدہر	شہر اونکا نظر آتا ہے بیابان اونکا
تہی یہہ قسمت کی بُرائی کہ تجہے او ظالم	سارے عالم کے حسینونسے مین اچہا سمجہا
نامرادی نہ چہپی پردۂ تصویر مین بہی	جسنے دیکہلے مجھے محروم تمنّا سمجہا

شورش غلام احمد نام فرزند محمد اکبر قباله نویس از شاگردان مومن خان ہ

نامه جو بنالائے ہی قاصد تو صنم کا	ایمان نہ کہو نا کسی مایوس کرم کا
چشم عاشق سی جو دریا کو کوئی دی تشبیہہ	بس وہین رونیکا ہوجائے بہانا مجہکو

شہرت مرزا حاجی نبیرۂ شاه عالم بادشاه از عبد الرحمن خان احسان کسب این فن نموده پس نسبت تلمذ بمیر ممنون درست کرد سپس از حضرت آزرده باستفاضه پرداخت ہ

ہم بڑی چیز سمجہتے تہے یہ میخانے مین	ملکا اک جام کی قیمت بہی نہ ایمان اپنا
غبار اوٹہا نہ ترے دلسے ورنہ ای ظالم	ہماری جان کو اک یہہ بہی آسمان ہوتا
ہائے جی بہر کے وہ دیدار میسّر نہوا	حشر کا دن شب غم کے بہی برابر نہوا
یون بیٹہتے ہو جیسے کسیکو کسی سے کچہہ	مطلب نہین مراد نہین مُدّعا نہین

یہ تو خبر نہین ہی کہ کیا حال ہی پر آج — شہرت کا بار بار ہے آتا جگر بہ ہاتھہ

شہیدی منشی کرامت علی خان ولد عبدالرسول خان از باشندگان لکھنؤ و از شاگردان مصحفی و نصیر دہلوی بود از عروض و حساب بہرۂ وافر داشت بیشتر در پنجاب و گجرات بسر برد و بہ دہلی نیز رفتہ و بہ بہوپال ہم آمدہ در سنہ ۱۲۵۵ھ بہ حجاز رخت کشید بعد ادای حج ہنجار مدینہ پیش گرفت در اثنای راہ بیمار گشت ہمانا چہارم صفر سنہ ۱۲۵۶ھ بود کہ بر روضۂ مبارک نظر انداخت بہ علوی عالم شتافت دیوانی دارد بندہ دیدہ ام ؎

قدر سب چاہنے والونکی ترے دیکھہ چکے — خوار رہتا ہے ترا نا تو پشیمان نیا
عام ہین اوسکے تو الطاف شہیدی سب پر — تجھسے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا
نئی باتین نئی گہاتین نئی چاہت نیا پیار — کیا قیامت ہے نئے شخص پہ آنا دل کا
شرم آتی ہی وگرنہ ان بتونکی ضد سے مین — جیتے جی اللہ سے اک حور جنت مانگتا
دوست نے خاطر دشمن سے کیا مجھکو ہلاک — ہوت یہہ ہے کہ وہ کم حوصلہ نازان ہوگا
اے روز قیامت ادب اسکا ہی تجھے فرض — ہے تجھسے بڑی میری شب تار کئی دن
نزع کے وقت شہید سے جو حسرت پوچھی — کیا ہی حسرت سے کہا کچھہ مجھے مرغوب نہین
قیامت تک نہ بہولونگا یہ احسان تیغ جاں کا — مرے زانو بہ زانو بے تکلف رات دہر بیٹھے
ناکامی جاوید کی ہم مانتے منت — افسوس شہیدی تری تربت نہین ملتی
وہ وقت تو آنے دے بتا دینگے شہیدی — بن آئے کسی شخص پہ مرجاتے ہین کیسے

شہیر حافظ خان محمد خان خلف مولوی غلام محمد خان فرزند غلام حسین خان رامپوری موطن پدر بزرگوارش بعہدہ ہای جلیلہ ممتاز بود و خودش نیز از مدتی درین دیار باعزاز تمام بسر می برد و از سرکار فیض آثار خطاب افتخار الشعرا دارد بخدمت میرزا نوشہ اسد اللہ خان غالب مدتی مشق سخن بجا آوردہ در

پارسی اوستاد قیاست کار راست توجہ او بریختہ معطوف نیست بلکہ ازان روز
کہ پاے اقامت بہ بھوپال افشردہ است گاہے اتفاق ریختہ سرائی نیفتاد ازینجاست
کہ بریک دو بیت اقتصار رفتہ است و درین نامہ ثبت گشتہ و این بیتہا نیز کہ
از افکار دیرینۂ اوست در اثنار کلام بسمع محرر سطور رسیدہ است دانی کہ
برین قدر در وصف وے اکتفا کردیم چرا کردیم دو سبب دارد یکے آنکہ شیوۂ
ما اختصار است خیر الکلام ما قل و دل دیگر آنکہ وے اوستاد منست روش
سخنوری ازو آموختہ ام وانچہ یافتہ ام از فیض او یافتہ ام اگر در ستایش
گفتارش آنچہ واقعی ست تحریر کنم ازارباب مطالعہ کمتر بودہ باشند کہ گمان
مبالغہ نبرند کہ سخن شناس و ادا فہم کمیاب است معہذا مجموعۂ غزلیات و قصائد
وے کہ در پارسی زبانست ببین کہ گواہ حسن طبیعت اوست ہ

پوچھو نہ اہل عشق کو کیا ہین کہانکے ہین	اچھے ہین جسطرح کے ہین جو ہین جہانکے ہین
کوئی ہوا اونکی وحشت دلکا علاج ہو	اک ہم اگر نہین نہ سہی مدعی سہی
یہین نامدار ہجر وعدو کامگار وصل	وہ کام کر گیا ہے تو مین نام کر گیا
بزم جانان مین جو جاتا ہون تو فرماتے ہین	ایک یہہ بھی مرے ایام کی شامت آئے
غیر تہا بدمست ہے ہم کامیاب	یار بھی قسمت سے اچھے پڑ رہے

شیدا میر جھبو جان در ایام شباب ازین خاکدان رحلت کرد از
تلامذہ مومن خان بود با حضرت شیفتہ نرد مودت میباخت ہ

ناشکر ہم نہین ہین ادہر کو نگاہ ہے	پر وہ نگاہ جس سے عنایت عیان نہین
دریا بہین کہین مین مژگان ہی تر نہو	مرجائے کوئی اور کسیکو خبر نہو
وہ دشمنی مین کیو رہے ہون یہہ بات بھی نہین	کہتے ہین زہر دیکے الٰہی اثر نہو

شیفتہ نواب مصطفے خان بہادر فرزند عظیم الدولہ سرفراز الملک نواب

مرتضی خان بہادر مظفر جنگ ترجمہ حافظہ اش از تذکرہ **شمع انجمن و صبح گلشن**
دریاب انچہ مناسب اینجاست پیشکش نظر ارباب مذاق است حضرت شیفتہ از آوان صبا بمشق سخن مصروف بود و عمرے درین شغل بسر برد و در مراتب نظم و نثر اداے خاص دارد و بہر دو زبان ریختہ و پارسی سحرے کہ می طراز دازمن پرس کہ مدتے بروش او حرف گزاردہ ام و فیضی کہ صفت او معنوی افتد یافتہ ام سبحان اللہ سخن از کجا بہ کجا کشید قصہ مختصر کنم وے در ریختہ شیفتہ تخلص میکند و در پارسی حسرتی و از تلامذہ حکیم مومن خان کسے بجاہ او برنخاستہ میرزا نوشہ و حضرت آزردہ را با وے مودتے کہ درمیان بود نتوان گفت و در العہد کہ پدر بزرگوارم بدہلی رفتند و از حضرت آزردہ اکتساب علم میکردند با جناب شیفتہ ربطے خاص داشتند توفی رحمۃ اللہ تعالی فی سنۃ ستۃ وثمانین ومائتین والف الہجریۃ درین نزدیکی مہرورز لطف گستر نواب مرزا خان داغ بطلب نامہ نگار دیوان ریختہ حضرت شیفتہ روان داشتہ و ممنون لطف ساختہ ازہمانے چند انتخاب کردہ آمد ہ

اے مرگ آکہ میری بھی رہجائے آبرو	رکھا ہے اوسنے سوگ عدو کی وفات کا
ندیا ہائے مجھے لذت آزار نے جینے	دل ہوا رنج سے خالی بھی تو جی بھر آیا
میری ناکامی سے فلک کو حصول	کام ہے یہہ اوسی ستمگر کا
گھبرا کے اور غیر کے پہلو سے لگ گئے	دیکھا اثر یہہ نالۂ بے اختیار کا
خوبیٔ بخت کہ پیمان عدو	اوسکو ہنگام قسم یاد آیا
کسلئے لطف کی باتین ہین پھر	کیا کوئی اور ستم یاد آیا
ہائے اوس برق جہان سوز پہ آنا دلکا	سمجھے جو گرمی ہنگامہ جلانا دلکا
ہی ترا سلسلۂ زلف بھی کتنا دل بند	پھنسنے سے پہلے بھی مشکل تہا چھٹنا دلکا

کہتا تھا وقت نزع کے ہر اک سے شیفتہ ‎ ‎ دینا کسیکو دل تو وفادار دیکھکر

کہتے ہین بیوفا مجھے ہین نے جو یہہ کہا ‎ ‎ مرتے رہینگے تم ہی پہ جیتے ہین جب تلک

ایسے کریم ہم ہین کہ دیتے ہین بے طلب ‎ ‎ پہنچا دو یہہ پیام اجل جان طلب تلک

یان عجز بے ریا ہی نہ وان ناز دلفریب ‎ ‎ شکر بجا رہا گلہ بے سبب تلک

ہین جان بلب کسی کی اشارت کی دیر ہی ‎ ‎ دیکھے ہے اوس نگہ کو قضا اور قضا کو ہم

اے جوش رشک قرب عدو اب تو مت اوٹھا ‎ ‎ بیٹھے ہین دیکھہ بزم مین کس التجا سے ہم

طوفان نوح لانے سے اے چشم فایدہ ‎ ‎ دو اشک بھی بہت ہین اگر کچھہ اثر کرین

کچھہ اور بیدلی کے سوا آرزو نہین ‎ ‎ اے دل یہہ یاد رکھیو کہ ہم ہین تو تو نہین

سحر اونکو ارادہ ہے سفر کا ‎ ‎ قیامت آنے مین شب درمیان ہے

جس لب کے بوسے غیر لے اوس لب سے شیفتہ ‎ ‎ کمبخت گالیان بھی نہین تیرے واسطے

بزم دنیا مین ہی دو شخص کو کب عیش نصیب ‎ ‎ سو تجھی کو رہے مجھکو تو یہہ غم ہی بس ہے

اے عدو کسلیے نازان ہی سمجھہ تو آخر ‎ ‎ جس سے ہم خوار ہوئے ہین یہہ وہی عزت ہے

اے جان لب پر آکے ٹھہرنے سے فایدہ ‎ ‎ رہنا ہوا تو رہ گئے چلنا ہوا چلے

صاد مہملہ

صابر مرزا قادر بخش خلف مرزا اکرم بخت بہادر نسبش تا جہاندار شاہ بادشاہ دہلی میرسد از تلامذۂ عبد الرحمن خان احسان و مولوی صہبائی علیہ الرحمہ بود تذکرۂ گلستان سخن بنام او نمازۂ شہرت دارد از گلستان سخن انتخاب اشعار کردہ آمد و درین نامہ نگارش یافت ہ

محفل مہ مہ ، تو اوس لب میگونکے ساقی ‎ ‎ نام شراب لے کے گنہگار ہو گیا

ہے نگاہِ آشنا کو ہر جگہہ جلوہ سے ربط
دیر بھی کعبہ تہا جب مین ناصیہ فرسا ہوا

ہماری خاک مین اتنی کہان رسائی ہے
نہ جانئین دلمین ترے کسطرح غبار آیا

وہ ہی بت قاتل ہی جسکو عمر بھر پوجا کئے
ڈر ہی منہہ کیا لیکے جاؤن داورِ محشر کے پاس

مرتا ہون قبر مین بھی اسی خوف سی کہ ہائے
پوشیدہ زیرِ خاک کہین آسمان نہو

مجھہ سے ہی چاہتا ہی وہ ہر ہر ستم کی داد
سمجھا ہی اپنے ظلم کا اک قدردان مجھے

ظالم جفاکشی کی ہوس تو نکال لون
تجھسا ستم شعار ملیگا کہان مجھے

مرگ شب وصال کی خوبی ہی ورنہ غیر
رکھتا نہ گھر مین تا بہ سحر میہمان مجھے

صادق میر جعفر علی خان دہلوی از تالیفات اوست بہارستان جعفری ؎

شرم سے نام وہ نہین لیتا
پھر ہمارا خطاب ہے کوئی

صبا میر وزیر علی ولد میر بندہ علی لکھنوی از تلامذۂ خواجہ آتش بود دیوانے دارد در ۱۲۷۱ھ درگذشت در سخن سنجان لکھنؤ غنیمت است ؎

کیا بنایا ہے بتون نے مجھکو
نام رکھا ہے سلمان میرا

کوچۂ عشق کی راہین کوئی ہمسے پوچھے
خضر کیا جانین غریب اگلے زمانے والے

صبا منولال لکھنوی از شاگردان مصحفی ؎

چرخ کوکب یہ سلیقہ تہا ستمگاری مین
کوئی معشوق ہی اس پردۂ زنگاری مین

صبا منشی محمد صابر حسین فرزند منشی احتشام الدین محمد سہسوانی از چند ماہ پائے اقامت در بہوپال افشردہ در پارسی از مولوی نجف علی خان صاحب سفرنگ دساتیر نسبت تلمذ دارد و در ریختہ زانوئے تلمذ پیش مولوی محمد ایوب خان گلشن تخلص رامپوری تہ کردہ و چندے بخدمت برادر بزرگوار خود منشی محمد انوار حسین تسلیم مشق سخن نمودہ سپس بزور طبیعت خدا داد ترقی فن کردہ در معاصران خویش

ممتاز آمد در تاریخگوئی محسود روزگار است هرچند در رامپور از کاملان این فنون موجود بودند لیکن میگویند که بمقابلہ تاریخگوئی وصنعت نگاری وے انگشت حیرت بدندان و از مقابلہ پشیمان امروز انچه در ملک اوست غزلے چنداست که در مشاعرۂ تکلیفش داده اند و پیوند محبت او با نامه نگار خیلے استحکام دارد از مغتنمات دوران است از تالیفات اوست مثنوی شوکت خسروی بیرد از سکندر نامه درستایش والی رامپور ولسان العجم در فن لغت وسراپاے سخن در مصطلحات

ص

جگرکو دلکو دونون کو برابر تو اس کہا ہی
اوسے غم دوست ٹھیراون تو یہہ درد آشنا ٹھہرے

کوئی ارمان نہ باقی دل پرغم مین رہے
تم ذرا پاس سے کہدو مرے ماتم مین رہے

نرہے عاشق غم دوست الٰہی دل شاد
عیش کا نٹا سا کھٹکتا دل پرغم مین رہے

درد ہو جائے محبت تری آنسو ہو جائے
گھر کرے دلمین مرے دیدۂ پرنم مین رہے

بہلا ہو خیر کی ہمت رہی میخانے والے مین
فقیر مست کو ملجائے چلو بھر پیالے مین

ہر اک جا پر نیا ہی نام اونکے خال مشکین کا
سویدا دلمین پتلی آنکھہ مین ہی داغ لالے مین

اغیار سے خالی ہو شب وصل کی خلوت
اندیشہ نہ دلمین ہو نہ آنکھومین حیا ہو

چٹکی کوئی خاک قدم یار کی دیدو
چلتا ہوا نسخہ ہو تو عاشق کی دوا ہو

ملجائے فقیر و نسے بہی آنکھہ ای شہ خوبی
ہو خیر تری شرم کی چتون کا بھلا ہو

ناتوانی مین لاغری مین مرے
کچھہ پتے ہین تری نزاکت کے

مردہ دل ہون شکستہ خاطر ہون
ہین نشان مجھہ مین ٹوٹی تربت کے

چھوڑ کر وعظ میکدے کو چلو
یہہ بہی سن لینگے وقت فرصت کے

کون ہے کسکو کوستے ہو آج
مر چکے ہین صبا تو مدت کے

کیسا خط کا جواب خیر ہوئی
بچ گیا ناک کان سے قاصد

ہوئے ہین کشتۂ حسرت کے دشمن دوستدار ومین
قضا ہم نوحہ خوانون مین اجل ہی سوگوارون مین

تمکو آئینہ سے فرصت ہی نہین
کونسا وقت ہے تنہائی کا

دل جو قابو سے چلا نالۂ دل کہہ اوٹھے
ٹھیرئیے ہم بھی تو اے بندہ نواز آتے ہین

اپنی اپنی ہے ادا ڈھنگ ہے اپنا اپنا
ہم وفا سے وہ جفا سے کہین باز آتے ہین

ہائے وہ اوسکا شب وصل بگڑ کر کہنا
ہیش مہمان سے یون ہی بندہ نواز آتے ہین

شکل در داوٹھتے ہین گر پڑتے ہین آنسو ہوکر
تیرے کوچہ مین جو ارباب نیاز آتے ہین

کھنیچتے ہی اون کی ابرو کی شبیہ
کھچ گئی ہے مانی و بہزاد مین

ہم ندیدے کیا کہین لطف چمن
آنکھ کھولی خانۂ صیاد مین

کسکے آنے سے یہ شادی مرگ ہے
لگگیا شیون مبارک باد مین

تم نہ آئے تو بھی اک جلسہ رہا
کٹ گئی شب نالہ و فریاد مین

کہتے ہین ضد سے کرینگے اور ظلم
دیکھین کیا کیا ہین اثر فریاد مین

دل بھی اب پہلو تہی کرنے لگا
ہوگیا تھا تمہاری یاد مین

داد خواہی کون محشر مین کرے
ہے مزہ سبکو تری بیداد مین

صفا مرزا سعید الدین کہین برادر مرزا رحیم الدین حیا و ہم شاگرد استاد ہ

پوچھتے ہین کہ کہان بیٹھتے ہو اور جاتے ہین
کہ بجز دشت ٹھکانا نہین دیوانون کا

گھر مین بیٹھے ہین اور اتنا نہین کہتی منہ سے
کون ٹکرائے ہے دیوار سے سر دیکھو تو

صفا پیرن شاہ فرزند رتن شاہ دہلوی رح تلمیذ ذوق دہلوی ہ

مین نے بوسہ طلب کیا تو کہا
یہہ خرابی ہے منہ لگانے مین

صفدر صفدر بیگ خلف حیدر بیگ از سکنائے کرنال ہ

بوسہ مانگا تو وہ کہنے لگے صفدر افسوس
اب تلک تم مری عادت سے خبردار نہین

صفدری میر صادق علی کہین برادر میر نظام الدین ممنون کا فرے بیگناہ شہ

ازہم گذرانید ع این ماتم سخت است کہ گویند جوان مُرد ہ

نہیں معلوم دلمیں صفدری کے درد کیسا ہے	کہ ہردم ہاتہہ سینہ پر وہ بیتابانہ رکھتے ہیں
صفدری قد کو کہیں اوسکے کہاتہا گل سرو	سید ہی اوس شوخ نے کیا کیا نہ سنائی مجھکو

صفیر میان جان دہلوی از تلامذہ مومن خان ہ

کہتے ہو جان جائے تری اور تمہیں ہو جان	ہے ہے خدانخواستہ یہہ تمنے کیا کہا
ہوا ہو سہو تو پہر خوب یاد کر لیجے	کہ رہ نجائے کوئی جور امتحان کے لیے

ضاء معجمہ

ضابط مہر علی موطنش دہلی ست ہ

حشر میں خاک سے سب لوگ تو نکلے لیکن	قبر عاشق سے جو دیکہا تو دہوان سا نکلا
نام کی تو شرم کر ضابط خدا کیواسطے	یہہ ترا گریہ تجہے آخر بہا لیجائے گا

ضاحک میر غلام حسین پسر میر عزیز اللہ دہلوی ہ

کیا دیجئے اصلاح خدائی کو ولیکن	کافی تہا ترا حسن اگر ماہ نہ ہوتا

ضیا میر ضیاء الدین دہلوی در عظیم آباد پائے اقامت افشردہ در سنہ ۱۱۹۴ھ یا سنہ ۱۱۹۶ھ آنجہانی شد از شعرائے نامی ست ہ

نے دل جلا ہوں آہ نہ میں سینہ تفتہ ہوں	میں داغ یاس و حسرت یلدان رفتہ ہوں

طاء مہملہ

طالب مرزا سعید الدین خان دہلوی برادر خورد نواب شہاب الدین خان

ثاقب از تلامذۂ میرزا غالب است گویند امروز مشورۂ سخن با مولوی الطاف حسین حالی میکند ع

وہ جب کرتے ہین طالب عدہ رہتا ہی بیاں جھگڑا درسے اوسکے اوٹھے اوٹھائے ہوئے	ہمیشہ آس مین اور یاس مین اور شوق و زیادہ ناتوانی ذرا سنبھال ہمین

طرب مولوی رحیم بخش نواسۂ شیخ نور محمد قادری تھانیسری رح استفاضۂ علمی از مولوی صہبائی نمودہ و اصلاح شعر از مولوی عبد الکریم سوز گرفتہ ع

بہت ہی ملتی ہی اسکی طرب سے کچھ صورت اور ملتا ہی نہین مجھکو ٹھکانا کوئی کیون کیا ترک ملاقات کو رفتہ رفتہ	موا پڑا ہے ترے در پہ اک جوان کیسا پھر پھر اکر ترے دروازہ پہ آجاتا ہون یون ہی کہدو کہ ترے ملنے سے ہی عار مجھے

طرز احمد حسین دہلوی از شاگردان مرزا قیصر ع

پڑی ہین حسرتین خون گشتہ لاکھون اتنا تو صبر دے ہمین یارب کہ ہجر وصل ابکے ملجائے وہ تو کام نہین	مرے مدفن سے اوسکی رہگذر تک جلدی کرین نہ اوس ستمگر سے آشنا سے ہم اگلی پچھلی حکایتون سے ہمین

ظای معجمہ

ظفر ابو ظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ دہلی احوال و اوصافش از بیان مستغنی ست در اکثر خطوط دستی توانا داشت سخن بر شاہ نصیر دہلوی میگذرانید سپس نسبت تلمذ بخاقانی ہند ذوق درست کرد بعد وفات ذوق خدمت اوستادی بہ میرزا غالب متعلق گشت وے را چہار دیوانست فرصت کجا کہ بانتخاب آنہا پردازیم این بیتے چندست کہ از تذکرہ چند بر داشتیم خدایش بیامرزاد خیلے خوش گفتہ ع

جو دیکھون بزم مین اوس شوخ جنگجو کیطرف — چھری کو دیکھکے دیکھے مرے گلو کیطرف

ہمارے آگے ہی ذکر اگلے دوستدارونکا — پرانے مُردونکی وہ ہڈیان اوکھاڑتے ہین

جنون مین کیا مری پیوند پیرہن مین لگے — کہ ایک تار بھی چھوڑا ہو تو کفن مین لگے

کبھی تو آؤ ہمارے گھر مین سنو ہماری بھی چار باتین

عجب ہے شکوہ رقیب کا یہان ہزار منہہ مین ہزار باتین

ہم بتونکے دلکو جذب دل سے کھینچ جائینگے — پر بڑے پتھر ہین یہہ مشکل سے کھینچے جائینگے

نہ پہونچا کوئی اپنے پاس پہونچا جبکہ وقت اپنا — اجل کو آفرین ہے وقت پر پہونچی تو یہہ پہونچی

ہمیشہ رہتے ہین اونکی مصاحبت مین وہی — ظفر ملاتے ہین جو ہان ہے ہان نہین سے نہین

ہمکو کیا کام ہے ہم کون شکایت والے — کچھہ کہین یا نہ کہین آپکی صحبت والے

قیمت جنس دل اپنی مین کہون کیا تم سے — پوچھو کیا دیتے ہین بازار محبت والے

لے دونگا اپنی جان تلک بیچکر تمہین — اے نالو ہاتھہ آئے بقیمت اثر تو لو

ابتو خط مین نے لکھا تمکو ہوئی مجھسے خطا — پھر نہین لکھنے کا کہئے تو مچلکا لکھدون

قتل عالم کو کرو تم اور قضا کا نام لو — اے بتو تہمت نہ لو دیکھو خدا کا نام لو

نہ دیا بوسہ نہ منہہ تمنے لگایا منہہ سے — آپ کہتے رہے یون ہی ہین کیا کیا منہہ سے

اوسکو دوست سمجھتے ہین وہ جو کچھہ نہ کہے — کرے جو اوس سے جواب وسوال دشمن ہے

مین جو کہتا ہون بیوفا ہے رقیب — وہ مجھے کہتے ہین کہ تو کیا ہے

ظہیر

سید ظہیر الدین حسین عرف نواب مرزائی دہلوی خلف میر جلال الدین خوشنویس اوستاد محمد بہادر شاہ از شاگران ذوق دہلوی بود

مانا کہ تم سے دل نہین ملتا نہین ملے — کیا مجھہ سے خاک مین بھی ملایا نہ جائیگا

کوے دشمن سے گذرنا کیا تھا — اے وہ رفتار قیامت ہی سہی

عین مهمله

عارف میر عارف علی از باشندگان امروهه و شاگردان مصحفی از عروض و قافیه خیلے آگاه بود آخر الایام در مراد آباد طرح سکونت ریختیه و ترک شعر و شاعری گفته تدارک خلق الله پیش گرفته ؎

رات ساری مجھے دونون کی تسلی مین کٹی
ہاتھہ دلبر سے اوٹھایا تو جگر پر رکھا

عارف نواب زین العابدین خان خلف نواب غلام حسین مسرور تخلص از جرعه نوشان سرچشمۂ فیض میرزا غالب بود دیوانے دارد در سنه ۱۲۶۸ اجلش در رسید از گفتار وے می تراود که دستگاہے بلند درین فن داشته ؎

ہماری خاک ہی اوسکو کدورت کب کی تھی یا رب
سکھایا ہی اوسے چلنا اوٹھا کر جسنے داما نکا

شوخی وہ بھری ہی کہ ذرا جا نہین پاتی
دشوار ہے آنا تری آنکھوں مین حیا کا

سخت شرمائے ہین اتنا نہ سمجھتا تھا انہین
چھیڑتا تھا تو کوئی شکوۂ بیجا کرتا

دیوانگی مین غیر کو دون خاک گالیان
اب مانتا ہے کون برا میری بات کا

مفلسونکو تو ہی مرنا بھی جدائی مین محال
کھائینگے کیا نہ اگر زہر میسر ہوگا

امتحاناً وہ مرض کا مرے کرتے ہین علاج
یہہ بھی ہے فضل خدا جو مجھے آرام نہین

غصہ مین اونکو کچھہ نرہا تن بدن کا ہوش
کیا لطف ہم نے شکوا وٹھائے عتاب مین

دیکھا ہے ترے بیمار کو عیسیٰ تو جواب
لب جان بخش ترے دیکھیے کیا کہتے ہین

نہ تو ورزن کوئی سینہ مین نہ پہلو مین شگاف
دل سے ارمان مرے نکلے تو کیونکر نکلے

بیکسی مین مجھے ہوتی ہی غنیمت وہ بھی
کوئی جس وقت مرے سر پہ بلا آتی ہے

کس تعجب سے اوسے غور سے ہم سنتے ہین
کہین آپسمین اگر ذکر وفا آتا ہے

عرشی میر احمد حسن برادر کلان پدر عالی گہر ست در شباب از جہان رفت و کان ذالک فی ۱۲۷۷ھ گفتار خویش بر میرزا غالب میگزرانید در قصیدہ گوید

مغلوب ہین سب اہل زبان میرے سخن سے
ہون زلہ ربا غالبِ اعجاز رقم کا

و بر ہر صنف از اصناف سخن قدرتی داشت و در ہر سہ زبان تازی و پارسی و ریختہ حرف می زد قوت طبع و جودت ذہن کہ او را بود کمتر از کسے بر فراز پیدا می آید کلام پاکیزہ اش بیشتر صنائع شد آنچہ ما یافتہ ایم بنا بر ضابطہ بیتے چند ازان می آریم

مجھے خوشی ہے ترے عشوہ ہائے بیہم کی
رہے نہ کوئی ستم عذرِ امتحان کے لئے

شعلہ عشق وہ ہے جس سے زمانہ جل جائے
یون تو پتھر کے بھی سینہ مین شرر ہوتا ہے

جولان کہان یہ کیجئے گر لامکان نہو
ہمت کسے دکھائیے گر آسمان نہو

اے وضع احتیاط یہ فصلِ بہار ہے
گلبانگ شوق زمزمہ خیز فغان نہو

اتنی ہی آرزو ہے ہمین تجھسے اے فلک
یہ اونکی اک نہین بھی نہو جو ہان نہو

حاضر ہون آج مجمع دیوان عام مین
پھر کچھ کسیکو حوصلۂ امتحان نہو

کیا اک بات مین جامہ سے باہر
شب وصل اوس نے جب مجھ سے حیا کی

خود آرائی نہ چھوڑینگے یہ کافر
خدائی یون تو برحق ہے خدا کی

سنتا ہی نہین کوئی مرے دردِ نہانکو
قلقل نہین کہتا کبھی مینا مرے آگے

سحر جو مینے کہا ہو تصور شب کا معاف
تو ہنسکے بولے کہ چل دور ہو ہوا سو ہوا

عرشی منشی عبد الحی خلف منشی رسول بخش از اہالی کاکوری ست

مجھے یاد آگئی صبح شبِ وصل
بہت کچھ دھوم تھی روزِ جزا کی

تبسم سے تمہارے بلبلونکو
ہنسی ہونے لگی آخر چمن کی

عزیز مولوی عبد العزیز خلف مولوی صہبائی کتب درسیہ بخدمت پدر بزرگوار

گذرانیدہ طبع ہموارہ داشتہ ۵

خدانخواستہ کیا ہمکو اس سے تہا انکار
عزیز کعبہ اگر کوچۂ بتان ہوتا

ساقی چلے ہے بزم مین کسکا جگر کہ آج
ہر سو روان ہے قافلہ بوے کباب کا

خرام ناز مبارک تجھے ولے اے برق
خیال رکھیو ہمارے بھی آشیانے کا

یاد کرتے ہو مجھے گرچہ بُری طرحسے پر
مین اسی بوجھہ سے احسانکے دباجاتا ہون

عزیز محمد عبد العزیز ابن شیخ مخدوم بخش انصاری خیرآبادی نواسۂ منشی عبد الکریم میر منشی ریاست بھوپال از شاگردان استادی افتخار الشعرا شہیرات و در پارسی نیز سخن میگزارد ۵

بوسہ تم غیر کو دو غیر تمہین پیار کرے
منہہ کو بیٹھا مین تکون ہائے ری حسرت میری

آج ہوتی ہے بیکسی بیکس
تیرا بیمار ہجر مرتا ہے

عشق شاہ رکن الدین دہلوی عرف شاہ گہیٹا نبیرۂ شاہ فرہاد معاصر سودا در عظیم آباد سکونت ورزیدہ بوقار بسر برد دیوانے دارد ۵

تیر کے نام پر تڑپتا ہے
اسطرح کا کہین جگر دیکھا

عشق حکیم میر عزت اللہ خان خلف حکیم قدرت اللہ خان قاسم از تلامذۂ ثناء اللہ خان فراق و از پدر خود نیز مستفید بود دیوانے دارد ۵

تم غیر کے گھر بیٹھہ کے دل شاد کروگے
ہم کون ہین صاحب ہمین کیون یاد کروگے

عشق شیخ غلام محی الدین از سکناء میرٹھہ مبتلا ہم تخلص میکرد دیوانے دارد ۵

کہے ہے سن کے وہ یون مبتلا کے قصہ کو
کہ خواب ناز کو تازہ یہہ اک فسانہ ہوا

غین معجمہ

غالب فخر عرفی و غیرت طالب میرزا نوشه اسد الله خان المخاطب بنجم الدوله دبیر الملک نظام جنگ بهادر افراسیابی دودمان اکبرآبادی مولد دهلوی مسکن لفظ غریب تاریخ ولادت اوست وفاتش در ۱۲۸۵ھ واقع شده از تالیفات اوست پنج آهنگ و دستنبوی و مهر نیمروز و قاطع برهان در پارسی زبان دیوانی دارد مجموع ابیاتش ده هزار و چار صد و بست و چهار است در اوائل بروش میرزا بیدل حرف میزد آخر الامر اندازی دیگر مطبوع ابداع نموده و دیوانی که در ریخته است فراوان ابیات ازان ساقط کرده قدر قلیلی انتخاب زده است اولاً اسد تخلص میکرد چنانچه در بعضی مقاطع غزلیات هنوز موجود است مدت مشق وی پنجاه سال است در پارسی پایه اش از فحول اساتذه کم نیست و در ریخته همرتبه اش بسیار اگر کسی ست اگر حدیقهٔ نظم را نوبهار ست در عرصهٔ نثر نیز مرد کار ست قدرتی که بر جمیع اصناف سخن او راست نتوان گفت نمی بینی که توجه بعضی سخنوران همه بغزل معطوفست و جز غزل نغمهٔ دیگر نمی توانستند سرودن و راس المال برخی همه قصیده است و جز قصیده ترانهٔ دیگر ازیشان نتوان شنودن و علی هذا القیاس غالب سخنوریست که اگر زمین غزل است بآسمان برده اوست و اگر عرصهٔ مثنوی ست پامال کردهٔ او و هنگامه اش بقصیده عرفی همپایه است و چامه اش چون غزل نظیری گرانمایه و رشک گرفت ترانکه وی بهر وادی که قدم میکشود بسرعت تمام می پیمود و با اینهمه فروغ مضامین و چستی ترکیب و شوکت الفاظ و رنگینیٔ معنی و متانت بیان و شستگی زبان که از شعر اکثر کسی را بالقوه میسر بود بالفعل نصیب او بود آنچه به نسبت دیگران مبالغه اش نامند در پنجا نفس الامر شمر خوانند انصاف بالای طاعتست اگر به پیشینیان همسرش نگوییم که الفضل للمتقدمین دیوانه نهیم که پسترش ازیشان پنداریم و با کمال سخنوری

کمال سخن فہمی داشت و چنانکہ می شاید لطف شعری بر داشت حضرت شیفتہ می نگارد وے مضامین شعری را کما ہو حقہ می فہمد و بجمیع نکات و لطائف پی میبرد و این فضیلتیست کہ مخصوص بعض اہل سخن ست اگر طبع سخن شناس داری باین نکتہ برسی چہ خوش فکر اگرچہ کمیابست اما خوش فہم کمیاب تر خوشا حال شخصے کہ از ہر دو شربے یافتہ و حظے ربودہ انتہے بنا بر ضابطہ شعری چند ثبت میشود ورنہ دیوانش ہمہ نقطۂ انتخاب است

تیشہ بغیر مر نہ سکا کوہکن اسد — سرگشتۂ خمار رسوم و قیود تھا

جاتی ہے کشمکش کوئی اندوہ و درد کی — دل بھی اگر گیا تو وہی دل کا درد تھا

مین نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹون — وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہوا

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانہ کی — در و دیوار سے ٹپکے ہے بیابان ہونا

کی مرے قتل کے بعد اوس نے جفا سے توبہ — ہائے اوس زود پشیمان کا پشیمان ہونا

آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لیکے رہگئے — صاحب کو دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا

غمِ فراق مین تکلیف سیر گل مت دو — مجھے دماغ نہین خندہ ہاے بیجا کا

واے گر میرا ترا انصاف محشر مین نہو — اب تلک تو یہہ توقع ہے کہ وہان ہوجائیگا

اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا — غیر نے کی آہ لیکن وہ خفا مجھہ پر ہوا

کوئی ویرانی سی ویرانی ہے — دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا

رشک کہتا ہے کہ اوسکا غیر سے اخلاص حیف — عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کسکا آشنا

نظر مین کھٹکے ہے بن تیرے گھر کی آبادی — ہمیشہ روتے ہین ہم دیکھکر در و دیوار

اسد بسمل ہے کس انداز کا قاتل سے کہتا ہے — کہ مشقِ ناز کر خونِ دو عالم میری گردن پر

گرنی تھی ہم پہ برق تجلی نہ طور پر — دیتے ہین بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھکر

مرگیا پھوڑ کے سر غالب وحشی ہے ہے — بیٹھنا اوسکا وہ آکر تری دیوار کے پاس

وہ حلقہ ہاے زلف کمین مین ہین اے خدا — رکھہ لیجو میرے دعوی وارستگی کی شرم

لون وام بخت خفتہ سی اک خواب خوش ولے
غالب یہہ خوف ہی کہ کہانسے ادا کرون

مانع دشت نوردی کوئی تدبیر نہین
ایک چکر ہے مرے پاؤن مین زنجیر نہین

ترے سرو قامت سے اک قدِ آدم
قیامت کے فتنہ کو کم دیکھتے ہین

کہتے ہین جیتے ہین امید پہ لوگ
ہمکو جینے کی بھی امید نہین

مین نے کہا کہ بزم ناز چاہیے غیر سے تہی
سنکے ستم ظریف نے مجھکو اوٹھا دیا کہ یون

قیامت ہی کہ سن لیلی کا دشتِ قیس مین آنا
تعجب سے وہ بولا یون بہی ہوتا ہی زمانے مین

اہل تدبیر کی واماندگیان
آبلون پر بہی حنا باندہتے ہین

تم وہ نازک کہ خموشی کو فغان کہتے ہو
ہم وہ عاجز کہ تغافل بہی ستم ہے ہمکو

عاشق ہوئے ہین آپ بہی اک اور شخص پر
آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو
اک گونہ بیخودی مجھے دنرات چاہیے

رہے اوس شوخ سی آزردہ ہم چندے تکلف سے
تکلف برطرف تہا ایک اندازِ جنون وہ بہی

مرے دلمین ہی غالب شوقِ وصل و شکوۂ ہجران
خدا وہ دن کرے جو اوس سے مین یہہ بہی کہون وہ بہی

غیر کو یارب وہ کیونکر منع گستاخی کرے
گر حیا بہی اوسکو آتی ہی تو شرما جائے ہے

نقش کو اوسکے مصور پر بہی کیا کیا ناز ہین
کہینچتا ہے جسقدر اوتنا ہی کہنچتا جائے ہی

غمِ دنیا سے گر پائی بہی فرصت سر اوٹھانیکی
فلک کا دیکہنا تقریب اوسکے یاد آنے کی

اوگ رہا ہی در و دیوار سے سبزہ غالب
ہم بیابان مین ہین اور گہر مین بہار آئی ہے

بس ہجومِ نا امیدی خاک مین ملجائیگی
یہہ جو اک لذت ہماری سعی لاحاصل مین ہے

نظارہ نے بہی کام کیا وان نقاب کا
مستی سے ہر نگہ ترے رخ پر بکہر گئی

پہر اوسی بیوفا پہ مرتے ہین
پہر وہی زندگی ہماری ہے

نے مژدۂ وصال نہ نظارۂ جمال
مدت ہوئی کہ آشتی چشم و گوش ہے

دے مجھکو شکایت کی اجازت کہ ستمگر
کچھ تجھکو مزا بہی مرے آزار مین آوے

اچھا ہے سر انگشت حنائی کا تصور
دلمین نظر آتی تو ہے اک بوند لہو کی

منحصر مرنے پہ ہو جسکی امید
نا امیدی اوسکی دیکھا چاہیئے

وعدہ آنیکا وفا کیجیے یہہ کیا انداز ہے
تمنے کیون سونپی ہی میرے گھر کی دربانی مجھے

کبھی نیکی بھی اوسکے جی مین گر آجاے ہے مجھسے
جفائین کرکے اپنی یاد شرما جاے ہے مجھسے

گرچہ ہے کس کس برائی سے ولے باایںہمہ
ذکر میرا مجھسے بہتر ہے کہ اوس محفل مین ہے

مین بلاتا تو ہون اوسکو مگر اے جذبۂ دل
اوسپہ بنجاے کچھہ ایسی کہ بن آئے نہ بنے

غضنفر غضنفر علی خان نبیرۂ غلام حسین خان کڑوڑہ لکھنوی از شاگردان جرأت است حضرت شیفتہ می فرماید کہ ارباب تذکرہ نوشتہ اند کہ از ہمہ شاگردان ممتاز است و فقیر شعرے ندیدم کہ نظر بران این معنی باید پذیرفت الا بیت اول بسیار مشابہ بانداز استاد اوست و ہو ہذا ؎

کہتا تہا اس مریض کو کل وہ سنا سنا
کردے کوئی معاف کسی کا کہا سنا

کھچی دیکھی جو کل تصویر مجنون
تو گویا بیٹھے ہین بس ہو بہو ہم

غمگین میر عبد اللہ پسر میر حسین تسکین از شاہجہان آباد رخت بربست و نزد پدر خویش برامپور رفت و ہنجا قالب تہی کرد از نوجوانان بود ؎

آتے ذرا نہ اور تو مر ہی چکے تھے ہم
تم نے تو کہدیا کہ ہمین کچھ خبر نہین

لگی کرین جگر و دل تو کیا کرون یارب
کچھہ اور دے مجھے مژگان خونفشان کے لئے

اب آیون ہی میرے سینہ سے لگجا
گرہ وا ہو جسکی بند قبا کی

چاہیئے تہا کوئی مرنے کا بہانا دلکو
تم چلے روٹھہ کے اب دیکھیے کیا ہوتا ہے

الفاء

فاخر مرزا جهینگا قوم مغل از باشندگان دہلی ست

لب ہی تک آکے پھر گیا نالہ	ورنہ کیا جانئے کیا سے کیا ہوتا
تها دلمین بوسہ سوتے مین لیجیے پہ کیا کہین	سوئے نصیب یہہ کہ وہ بیدار ہو گیا

فاخر منشی محمد فاخر حسین خلف منشی محمد احتشام الدین سہسوانی در اوائل اصلاح از مهین برادر خود منشی انوار حسین تسلیم میگرفت اکنون از منشی منیر اتفاق می افتد قانون شریعت محمدی او راست شنیده شد که دو دیوان ریخته دارد و دیوان ثانی در یک قافیه و ردیف است قریب یکهزار غزل دران بوده باشد ست

شرط بوسون کی وہ اگر جیتے	فاخر اسمین بھی اپنی ہار نہین
آئینہ کہتا ہے فاخر دیکھکر میری طرف	کیونکر آجائے ترا انداز حیرانی مجھے
مین تو روٹھا ہوا بیٹھا ہون مناتا ہو وہ شوخ	شکل ایسی کوئی تصویر مین بہزاد رہے

فدا مرزا بلند بخت دہلوی خلف شہزادہ مکرم بخت بہادر از شاگردان مولوی صہبائی ست

حشر مین پرسش مری پہلے ہو یارب ورنہ مین	جب تلک چپکا رہونگا جی مرا گھبرائیگا

فدا فدا حسین خان خلف ضیاء الدین حسین خان عرف آغا مرزا قوم مغل از سکنائے لکھنؤ اولاً در سلک تلامذہ میر ممنون منتظم بود عاقبت زانوے ادب پیش مصحفی تہ کرد از دست ست

نہین کہتا وہ قسم غیر کے گھر جانیکی	سچ جو پوچھو تو یہی بات ہے مر جانیکی

فراق حکیم ثناء اللہ خان برادرزادہ ہدایت اللہ خان ہدایت از ارادتمندان خواجہ میر درد بود قدس سرہ و نیز نسبت تلمذ باایشان داشت دیوانے گذاشتہ از ریختہ گویان بود ست

چمن کی سیر کو آجاتے ہین کبھو گلچین	دماغ کسکو یہان آشیان بنانے کا
یہہ غم ہے ساغر و مینا مجھے کہ میرے بعد	ذرا بھی تمکو نہین کوئی منہ لگانے کا

دامن تلک گیا تھا کہین اوسکے دست ہم — اللہ رے ناز کی وہین چولی مسک گئی
تم گالیان جو دو تو مین چٹکی بھی کیا نہ لون — پیارے کسیکا ہاتھہ کسی کی زبان چلی

فروغ محمد عمر سلطان دہلوی خلف مرزا اسما برادر است ؎

دل تو ہم دینگے اوس ستمگر کو — وہ بھی سمجھے اسے اگر اپنا
رنج دینے لگی وفا دل کو — اپنا انداز تو سکھا دل کو

فصیح مرزا جعفر علی مرثیہ گو خلف مرزا ہادی لکھنوی از تلامذہ شیخ ناسخ ؎

تجھہ مین اک عیب بڑا ہے کہ وفادار ہو نہین — تم مین دو وصف ہین بدخو بھی ہو مغرور بھی ہو

فغان اشرف علی خان مخاطب بہ کوکلتاش خان کوکہ احمد شاہ بادشاہ ابن مرزا علیخان از باشندگان عظیم آباد و شاگردان علی قلیخان ندیم بود دیوانے دارد در ۱۱۸۶ھ جامہ گزاشت ؎

قاصد جو نا امید پھرا کوے یار سے — خفقت ہوئی مجھے دل امیدوار سے
ذکر کیون غیر کا کرتے ہو فغان کے آگے — انہین باتون سے یہہ کمبخت خفا ہوتا ہے
دلمین اوس شوخ کے ہو پاس وفا سو معلوم — کہنے سننے کے لئے بات بنا رکھی ہے

فیض میر فیض علی پسر میر تقی در سرکار وزیر الممالک با پدرش بسر می برد اور است ؎

گل کھا موئے تھے جنکے لئے جسم زار پر — دو پھول بھی نہ لاے کبھی وہ مزار پر

فیض مولوی فیض الحسن سہارنپوری حافظ کلام اللہ حاجی بیت اللہ جامع معقول و منقول حاوی فروع و اصول در نظم غزلی ید بیضا دارد و ہمپایۂ او درین فن کسے نیست و احیانا در پارسی و ریختہ ہم فکر مینماید و سحر طرازیہا بکار می برد از تصانیف اوست شواہد تفسیر بیضاوی و شواہد خمسہ و تذکرہ صحابہ سفر و حاشیہ بر مشکوٰۃ و جلالین و حماسہ و کتابے در انساب و ایام عرب و تحفہ صدیقیہ و از مثنویات معروفہ اوست

روضۂ فیض و چشمۂ فیض درین نزدیکی بر حسب طلب نامہ گردآوری بیتے چند کہ لطف داشت نگاشتہ می آید کلامش لطیفکہ دارد شنوان گفت ؎

غنیمت ہے کہ بعد از مرگ عاشق اتنا کہتے ہو ۔ برا تھا یا بھلا تھا خیر جیسا تھا وہ اپنا تھا

گو وہ سنتے نہیں پر ہم تو کسی حیلے سے ۔ ایک دو بات محبت کی سنا جاتے ہیں

مرنے کے بعد فکر قیامت محل سا ۔ سوئیے سہی مگر نہ ملی داد خواب کی

پہلے بھی مدتوں سے نتھی قدر و منزلت ۔ پر شب کی منتوں نے ڈبو دی رہی سہی

تھے اپنی زندگی سے میاں فیض سخت تنگ ۔ آخر یہ سن لیا کہ وہ کچھ کھا کے مر گئے

القاف

قابل مرزا علی بخش از دودۂ تیموریہ تلامذۂ شیخ ابراہیم ذوق بود ؎

کیا جو قتل مجھے تو نے آج خوب کیا ۔ کہ میں عذاب سے چھوٹا تجھے ثواب ہوا

احوال گریہ سن کے مرا یار نے کہا ۔ اے لو ابھی سے عشق میں اس نے تو رو دیا

قاسم سید قاسم علی خان نواسہ عطا حسین خان تحسین صاحب نو طرز مرصع کہ مخاطب بہ مرصع رقم بودہ از باشندگان لکھنؤ ست در موسیقی دستگاہے داشت ؎

جو ہاں ہوئی تو جئیں گے نہیں تو جانگئی ۔ ہماری زیست و مرگ آپکی زبان میں ہے

قاسم حکیم میر قدرت اللہ خان دہلوی تلمیذ ہدایت اللہ خان ہدایت از مریدان حضرت مولانا فخر الدین بود قدس سرہ در سنہ ۱۲۴۶ھ وفات یافت دیوانے دارد و تذکرہ کہ دران کلام ارباب ریختہ فراہم آوردہ ؎

قاسم کے ساتھ بادہ خوری تھی تمام شب ۔ اور نام سے ہے اوسکے تجاہل علے الصباح

دشنام دے سناتے ہو روٹھے کو آن مین
کیا جانے کیا فسون ہے تمھاری زبان مین

تفصیل سے کہہ قاسم حالِ دلِ دیوانہ
ہم سے نہ چھپا ظالم ہم یار ہین یارونکے

کہا مان قاسم نہ روک آنسوئونکو
یہہ لڑکے ہین ناحق گلوگیر ہوین گے

قایم شیخ قیام الدین از باشندگان چاندپور متعلق سنبھل مرادآباد و ارشد شاگردان سودا و تلمیذ میر درد ہم اورا نوشتہ اند در سنہ ۱۲۱۰ھ داعی اجل را لبیک اجابت گفت دیوانے دارد و تذکرہ شعراء ریختہ ہم او راست حضرت شیفتہ میفرمایند انچہ بعض ناشناسان سخن بمکانت سودامی شمارندش حرف در دیوانگی شان از جنون ست از بہرہ اند و زبان دانشش نیاید پستی زمین را با فراز فلک یکے دانستن و ارباب بصیرت چشم از حق نتوانند بست چگونہ ذرہ را آفتاب می توان گفتن بہرحال قایم در سخن دستگاہے دلپسند دارد گو بپایۂ سودا نباشد احاطہ براصناف سخن اورا میسر است لاسیما در قطعات و رباعیات مضامینے کہ دلالت بر شوخی فکرش کند از طبعش تراویدہ انتہی از گفتار پاکیزۂ اوست ہ

قسمت کو دیکھ ٹوٹی ہے جاکر کہان کمند
دو چار ہاتھ جبکہ لب بام رہ گیا

غیر سے ملنا تمھارا سُنکے گو ہم چپ رہے
پر سنا ہوگا کہ تمکو اک جہان نے کیا کہا

تا بہ فلک نالہ تو پہونچا تھا رات
مین ہی کچھ اللہ کا ڈر کر گیا

کوچہ گردی دل مجنون نے مری کی ایجاد
مبتذل جانکے ڈھب بادیہ پیمائی کا

معاملہ ہی یہہ دل کا اسے کہے گا وہ کیا
پیامبر کے ہین ساتھ آپ جاتا تھا

ہر دم آنے سے مین بھی ہون نادم
کیا کرون پر رہا نہین جاتا

ظالم تو میری سادہ دلی پر تو رحم کر
روٹھا تھا آپ ہی تجھسے مین اور آپ ہی من گیا

ہنسنے کا یار یہہ بھی کوئی طور ہے کہ آج
قایم نے تیرے ہاتھ سے گھبرا کے رو دیا

گر زیست ہے تجھہ تلک تو پھر کیسا
صدقے ترے سے مر ہی جاوینگے ہم

دو جہان بھی ملین تو بس ہے ہمین — یان کچہہ اتنی تو احتیاج نہین
مے کی توبہ کو تو مدت ہوئی قایم لیکن — بے طلب اب بہی جو ملجائے تو انکار نہین
قایم اور تجہہ سے طلب بوسیکی کیونکر کیجئے — یون وہ نادان ہی پہ اتنا تو بدآموز نہین
اتنا تو ہون ذلیل جو پوچھے ہے یہہ کوئی — تو چاہتا ہے اوسکو تو کہتا ہو نہین نہین
سنگ کو آب کرین پل مین ہماری باتین — لیکن افسوس یہی ہے کہ کہان سنتے ہو
ہان وہ تو آدمی ہین کہ جنسے تمہین ہی ربط — کیا شکوہ تم سے روئیے اپنے نصیب کو
قایم کو اپنی بزم سے جانے ندے کہ یار — ہے کیا برا جو مفت مین اک شعر خوان رہے
خدا نکردہ اوسے غیر سے تو کیا سروکار — تہی ایک بات ہمارے ہی یہہ جلانے کی
مفت تک دون ہو نمین دل تو بہی کوئی لیتا نہین — ہان مگر اسکے بہی کچہہ یہہ جنس سستی کیجیے
گو ہم سے تم ملے نہ تو ہم بہی نہ مر گیے — کہنے کو رہگیا یہہ سخن دن گذر گیے
رو کے پوچھا جو میسر ہو ترا کیونکہ وصال — ہنسکے کہنے لگا طالع کی مددگاری سے
بتونکی دید کو جاتا ہون دیر مین قایم — مجھے کچہہ اور ارادہ نہین خدا نکرے
آخر تو جرم عشق سے کرتے ہین مجہکو قتل — یکبار اوسکے بہی تو کرین روبرو مجہے

قدرت شاہ قدرت اللہ برادر عم زاد میر شمس الدین فقیر از باشندگان دہلی در مرشد آباد سکونت ورزیدہ از شاگردان میرزا مظہر رح و جعفر علی حسرت بود در سنہ ١٢٠٥ در گذشت دیوانے گذاشتہ از مشاہیر شعرا بود ٥

سینہ اوسکا ہی دل اوسکا ہی جگر اوسکا ہی — تیر بیداد جدہر رو کرے گہر اوسکا ہے

قسمت نواب شمس الدولہ خلف نواب بارگاہ قلیخان دہلوی مقیم لکہنؤ از شاگردان جعفر علی حسرت بود در سرکار مرزا جہاندار شاہ اقتدارے داشت ٥

امیدوار بوسہ لب ہے کہڑا کوئی — دیتا ہے تجھکو دیر سے بیمار دعا کوئی
پھر مجہکو کیا جو غیر کے تم جا کے گہر رہے — میرے تو ساتہہ وعدہ شام و سحر رہے

قلق امجد علی ولد محمد علی در گلستان سخن نام پدرش اسد علی نگاشته و لہذا علیم از باشندگان لکھنؤ بود و از شاگردان فخر الملک نواب میر منّو بیتاب دیوانے دارد ه

ہجوم آپکے در پر ہے داد خواہون کا	ستم تو دیکھیے ان شرمگین نگاہونکا
سنگِ درِ جانان سے سر ہمکو ٹپک آنا	دو چار گھڑی دن کو دو چار گھڑی شبکو

قلندر شاہ قلندر از شاگردان میرزا مظہر رح مذہب خود ترک گفتہ در سلک اہل اسلام منتظم گشتہ ه

تھمتے ہی تھمیگا اشک ناصح	رونا ہے یہہ کچھہ ہنسی نہین ہے

قمر مرزا قمر الدین عرف مرزا حاجی مخاطب بافتخار الدولہ نایب غازی الدین حیدر بہادر بادشاہ لکھنؤ فرزند منشی مرزا جعفر لکھنوی در گلشن بیخار ہمین پور مرزا تقی ہوس نوشتہ بہر حال از تلامذہ مرزا قتیل بود دیوانے دارد ه

صلح کرتے ہوئے آخر وہ بجنگ آہی گیا	عشق کا نام برا ہے اوسے ننگ آہی گیا

قمر قمر الدین خان اکبر آبادی از طایفہ یوسف زئی بود کہ شعبہ ایست از قوم افغان ه

کسیکے عشق سے پابند صد رنج و تعب ہین ہم	ہزارون آفتین ہین ایک ہم ہین کچھہ عجب ہین ہم

قناعت مرزا غلام نصیر الدین خلف مرزا ولی الدین نبیرہ شاہ عالم بادشاہ از تلامذہ عبد الرحمن خان احسان و مرزا صابر دیوانے دارد ه

اوسکے یہہ کہنے کے ہین صدقے کہ گھبرا کر کہا	سانس اولٹی ہائے کیون یہہ نوجوان لینے لگا
ضعف اپنا یان تلک پہونچا کہ ہم	آنہین سکتے تمہارے دھیان مین
مجھہ مین اور تجھہ مین ہی موسیٰ و تجلی کا ربط	ایک مژدہ ہے یہہ کہنا بھی کہ منظور نہین
بظاہر آپ تو آئے ہین صلح کو لیکن	اسے کہ تیغ بھی زیب کمر ہے کیا کہیے
تا غمزہ خونخوار کا پاک اوس سے ہوا منہ	شوخی سے لیا نام قضا کا مرے آگے

اے بتو جو چاہو سو کرلو ستم شوق کو کثرتِ نظارہ سے رشک آتا ہے پڑ پڑ کے پاؤن مجھکو بٹھاتے ہین خار دشت	ہو رہے گی کچھ خدا کے سامنے حشر سے پہلے میسر ہو وہ دیدار مجھے پھر ایسے قدر دان ملینگے کہان مجھے

قیس مرزا احمد علی بیگ عرف مدارا بیگ خلف مرزا مراد علی بیگ در گلشن بنجاب امداد علی بیگ نام پدرش آوردہ ہمانا مشہدی اصل لکھنوی مولد ست سخن را بر حسرت عرض می نمودہ

پھرتا ہون ہر کسی سے مین القاب پوچھتا آئینہ دیکھ دیکھ کے کہتا تھا کل وہ شوخ	خط کے ترے جواب نے رسوا کیا مجھے اس عالم شباب نے رسوا کیا مجھے

قیصر مرزا خدا بخش نواسہ شاہ عالم بادشاہ نسبت تلمذ بہ مومن خان داشتہ

ہوس غیر سے عشق اپنا اوسے یاد آیا تو لطف کرے یا نکرے خوش ہو کہ ناخوش	گیا کسی طرح سے ہم دلمین گذر کرتے ہین اس بات پہ مرتا ہون کہ عاشق ہون ترا مین

کاف تازی

کامل مرزا ناصر الدین المعروف بہ محمد مرزا نبیرۂ عالمگیر ثانی از برادر عم زاد خود مرزا رحیم الدین حیا باستفادہ پرداختہ

کاملِ آشفتہ سر کو دیکھکر کہنے لگے	رہ گئے تھے اک یہی عاشق مری تقدیر کے

کرم شیخ غلام ضامن از اہالی کوتانہ بود دیگچند بہ شاہجہان آباد بسر بردہ و مدتے در حیدر آباد گذرانیدہ در بہوپال وفات یافت از تلامذہ مومن خان بود بہر دو زبان ریختہ و پارسی فکر میکرد و قوت نظمیہ بسیار داشتہ

تیر نا خوردہ ہمارا رشک سے کیا کیا تڑپا	استخوانون مین مرے دیکھکے پیکان تیرا

فرہاد و قیس عشق مین سرگرم لاف تھے ‌‌ ‌ خاموش ہو گئے جو مرا نام آگیا

کیا ہی نا برہم ہوئی زلف اوسنے جو پوچھا مجھے ‌ ‌ اے کرم کس نے کیا حال پریشان تیرا

سہو نیگے جو رطاقت و تاب و توان تلک ‌ ‌ لیکن یہہ پوچھتے ہین تجھی سے کہان تلک

چینِ جبین ہے موج تبسم نگاہ مین ‌ ‌ ڈر ہے مجھے فریب کا تیرے یہان تلک

اے طفل اشک دیکھکے برباد کیجیو ‌ ‌ ہر پارۂ جگر ورق انتخاب ہے

اوسکو شہرت کی تمنا مجھے رسوائی کی ‌ ‌ ہر کوئی آرزوے نشو و نما رکھتا ہے

کلیم میر محمد حسین دہلوی نبیرۂ میر تقی ہم در پارسی سخن میگفت و ہم در ریختہ فکر میکرد سخنوران اوستاد مسلمش داشتہ اند دیوان و مثنوی ہا ازو یادگار ست وے فصوص الحکم را بریختہ آوردہ ہ

آتی ہے دل پہ قلقلِ مینا سے اب شکست ‌ ‌ وہ دن گئے کلیم کہ یہہ شیشہ سنگ تھا

ہو چکا حشر گئی دوزخ و جنت کو خلق ‌ ‌ رہ گیا مین ترے کوچہ مین گرفتار ہنوز

رکھون مین آنکھون مین کیونکر تجھے کہ ہی برسات ‌ ‌ پھر ایسا گھر کہ جو خانہ خراب ٹپکے ہے

غرور حسن کیا ممکن اگر فریاد کو پہونچے ‌ ‌ غرض تم سن چکے احوال مرہم داد کو پہونچے

کلیم المعروف بہ نور الحسن بن امیر الملک والاجاہ نواب سید محمد صدیق حسن خان بہادر کان اللہ لہما بکدام روے خود را در ضمن ریختہ فکرانِ نغز سنج شمارم کہ آنچہ از رطب و یابس می نگارم از اتفاقات است و آن ہم بیشتر بہ سلسلہ جنبانی احبا ست ورنہ بہ شعر و شاعری سرے ندارم و نفسے کہ بیاد کسے گذرد مغتنم می انگارم آرے بیشتر ازین عہد کما بیش دو سال مشق سخن کردہ ام و شب و روز مصروف این کار بودہ مناسبتے کہ ازین فن دارم از انجاست و ذریعہ این اکتساب درین عالم اسباب ہمت حضرت شہیر بود سلمہ اللہ تعالے این بیتے چند از افکار خویش ثبت می نماید ہ

کیا لے گئین لگا کے وہ عالم فریبیان ‌ ‌ کتنا ہمین بھی دل کے لگانے سے عار تھا

دل تو رندون کے صاف ہوتے ہین
خطرہ آتا نہین عبادت کا

اے جوش عیش جی نہین لگتا کسیطرح
پیدا کہین سے ناخن غم کی خراش کر

دونون جہانسے ہے دل وحشی کنارہ گیر
کچھہ ربط اسکو ہے تو تمہاری بغل سے ہے

جو در خور قبول نہو وہ سلام ہون
جسکا جواب کچھہ نہ ملے وہ پیام ہون

آتے ہین یاد صحبت احباب کے مزے
خلوت مین کیا ستمزدہ ازدحام ہون

اقتضا وقت کا کہتا ہے کہ زاہد بنئیے
وضع کہتی ہے کہ یہہ بات تو کچھہ خوب نہین

ہوگیا آج سلمان کلیم خستہ
اسکا ہمکو تو یقین ہی نہین پر کہتے ہین

کوئی بدلے تو دل بدلتے ہین
آدمی ہی تو ہین ضرورت ہے

ہر چند چاہتا ہون مین ترک وفا مگر
بنتی نہین ہے بات وہان بن وفا کیئے

در سے اوٹھینگے نہ تیرے کبھی مر جائینگے
تو ہی جب ہمکو اوٹھائے تو کدہر جائینگے

ہائے کسکو رلا دیا تونے
نگہ یاس کیا کیا تونے

روش التماس کیا کہنا
کام بگڑا ابنا دیا تونے

کیون مجھکو سب گلے سے لگاتے ہین وقت نزع
اور یہہ بھی جانتے ہین کہ خنجر نہین ہو نہین

ذوق شنید نے مجھے مارا کہ ہائے ہائے
بیجا بھی تو کہے تو اوسے مین بجا کہون

مر نہین سکتے ہجر مین بھی ہمین
اتنا بے اختیار ہونا تہا

کہتا تہا حال وجد مین کوئی جلا بُجھا
دیکھو تو کیا نہین ہے دل داغ داغ مین

اس غمزدہ سے ضد ہی رہے ہی فراغ کو
تم لیکے کیا کروگے دل داغ داغ کو

اب بھی حسرت ہے ترے بیداد کی
داد دینا اس دل ناشاد کی

ہون خیر خواہ پیر مغان دے مجھے شراب
ورنہ کہین گے لوگ کہ اسمین کرم نہین

اچھا محل ملا ہے شکایت کا یار کی
منہہ شکوہ ستم کا سوے آسمان ہے اب

دل ساکہان ملے گا تجھے صید گاہ مین
اس صید رم شعار کو رکہنا نگاہ مین

ہے ایک بادہ نشہ ہے جسکا عروج پر — کچھ اپنے سر مین اور کچھ اوسکی نگاہ مین

خجلت نصیب ہم ہے نہ تم سے کرم شعار — تم اور آو دل سے دیارِ تباہ مین

ہین حضرتِ کلیم بہی کیا خوب آدمی — ہمکو بھی کل ملے تہے وہ اثنا راہ مین

مستی کسی نگہہ کی ہے اپنی شراب مین — آتی ہے بو کسی کی ہمارے کباب مین

ہین کور ہم ہی ورنہ وہ آیا کئے مدام — روز سیہ مین اور شب ماہتاب مین

پیر مغان ہے رات کو جو کچھ سنا سو آج — منہہ سے نکل نجائے کہین اضطراب مین

مرتا ہون اسکو دیکھہ مغنی کے ہاتھہ مین — آواز آرہی ہے کسی کی رباب مین

کیا دہرا ہے قصۂ فرہاد مین — فرق آتا ہے کسی کی یاد مین

ہین بہت سے جور سے بھی بے نصیب — مہربانی ہے نہان بیداد مین

شورش کہانسے لائے جو ہمسا ہو دردمند — شوخی کہان سے پائے جو تمسا جمیل ہو

در خورِ عشق حقیقی ہین یہہ اہل تقوی — ہم سے لوگون کے لئے عشق بتان اچھا ہے

ڈرتے ہین یاس سے کہ ادہر اوسکا قصد ہے — بیٹھے ہین شوق حوصلہ فرسا کئے ہوئے

دیدار کی طلب پہ وہ کہتے ہین گر ملے — جب دل سے دل ملے تو نظر سے نظر ملے

کچھ بھی نہین ملے یہہ حرم مین اگر ملے — جب بادہ میکدہ مین ہمین اسقدر ملے

ہم اور بوستان پہ تگاپوے ہمصفیر — دامن مین دہر لیئے جو کہین بال و پر ملے

لاؤن کہان سے مین وہ عدالت کدہ جہان — دادِ نمک فشانیٔ زخمِ جگر ملے

ہے گرچہ دور شیوۂ ارباب ناز سے — کرنا پڑا ہے لطف ہمارے نیاز سے

زاہد تمہین بہی یار بہت کچھ ہین جانتے — حضرت بھی میکدہ مین ہمین بیشتر ملے

خوگر عیش نہون جان سے جانے والے — کوئی بازار سے لے آئے رولانیوالے

لطف کا کوئی تو پہلو ہے کہ ہم جاتے ہین — جی بٹھا دیتے ہین محفل سے اوٹھانیوالے

کوثر مرزا مہدی ولد مرزا قطب الدین حیدر لکھنوی دہلوی موطن از تلامذۂ

ناسخ دیوانے گذاشتہ ہ

تیرا تو آسرا تھا جدائی مین یار کی
اے موت تو بھی مجھسے گریزان ہی اندنون

تربت پہ میری ایسی برستی ہے بیکسی
بے اختیار شمع کے آنسو ٹپک پڑے

کیف شیخ فضل احمد خلف شیخ اکبر علی کشمیری لکھنوی از تلامذہ وزیر علی صبا دیوانے دارد ہ

یارب سبیل رکھکر پیر مغان پکارے
للہ پیتے جاؤ پیاسو ثواب ہوگا

بیہوش کل اوٹھا کر لائے تھے کیف کو ہم
پھر آج میکدہ مین خانہ خراب ہوگا

کسی نے باغ مین ایسا شگوفہ چھوڑا ہے
کہ آجتک گل و بلبل مین بول چال نہین

بزم مین یار کو پوچھے جو کوئی تبلا دون
شمع کے پاس وہ بیٹھے ہین جلانے والے

کاف پارسی

گویا حسام الدولہ نواب فقیر محمد خان بہادر از امرائے نامی لکھنؤ ست و از شاگردان ناسخ و وزیر بود دیوانش از نظر گذشت خوش گوست ہ

اے بتو کل تو ہے اللہ کو منہ دکھلانا
آج منہ ہمکو دکھاؤگے تو احسان ہوگا

وہ ایسا نہین چپ رہے بات سنکر
کوئی اور ہووے گا گویا نہوگا

دعائین مانگی ہین مدتون تک جھکا کے سر ہاتھہ اوٹھا اوٹھا کر
ہوا ہون تب مین بتون کا بندہ خدا خدا کر خدا خدا کر

جاتے ہین یاد اوسکو بلواتے ہین ہم
دل کو یہہ کہہ کہہ کے بہلاتے ہین ہم

زاہد و جرم کیا کرتا ہون مین بہر ثواب
دل ہے کعبہ سے کرنا ہی سیہ پوش تجھے

وصل کی رات ہی یون جلد نہ آئی ہوتی
اے [illegible] اور ذرا دیر لگائی ہوتی

گر ترے اوٹھنے نہ بینے سے بگڑ بیٹھا وہ	تو تو گویا تھا کوئی بات بنائی ہوتی

لام

لطف مرزا علی استرآبادی الاصل دہلوی منشا عظیم آبادی مسکن تلمیذ میر تقی سجید رآباد رفتہ قصاید انشا کردہ وصلہ ہا یافتہ از شاگردان سودا بغلط مشہور است تذکرہ ریختہ گویان ازو یادگار ست ٭

نہ پہونچی ضعف سے لب تک دعا ہی ور نہ یہ	در قبول تو اس آرزو مین باز رہا
جو عمر خضر ہو شاید تو وصل ہووے نصیب	یہہ زندگی جو تھی اسمین تو امتحان رہا
ہے یہہ بھی کوئی بکھیڑ شب وصل مین سو کا	پوچھے ہے وہ کتنی رہی شب کچھ نہین معلوم
اگرچہ فرق زمین آسمان کا ہے تاہم	ملے ہی وضع فلک کی بہت تری خو مین

میم

ماہ مرزا عنایت علی بیگ ماہ کہین برادر مرزا حاتم علی مہر از باشندگان لکھنؤ واز اقامت گزیدگان اکبر آباد از شاگردان آتش دیوانے دارد ٭

جب مین کہتا ہون کہ اب جانسے گزر جاینگے	ہائے کس ناز سے کہتا ہی وہ اچھا کب تک

ماہر مرزا جمعیت شاہ دہلوی خلف مرزا زور آور بخت نبیرہ شاہ عالم بادشاہ از تلامذہ مرزا صابر ست ٭

سمجھ ہی اولٹی ہے دیوانگان الفت کی	کہ ڈر کے جانسے یہ رکھتے ہین نام آنے کا
رو دیا قتل کے بعد اوس نے پشیمان ہو کر	اوسکو پیدا جو جفاکش کوئی مجھسا نہوا

وصل کی رات ہر اک بات پہ منہہ پھیر کے وہ
ہمیزہ یون ہے کہ گویا اونہین منظور نہین

رونا تہا دلکے ساتھہ سو خون ہوکے بہہ گیا
اب دل نہین تو نام کو بھی چشم نم نہین

بگڑکے بیٹھنا اوسکا بناوٹ ہے گویا
ہر ایک بات مین خوبی ہی خوشنما کے لیئے

بڑہانی تمکو تو مشق ستم ہے اور ہم بہی
نہین کچھہ ایسی کہ اتنا جگر نہین رکہتے

آنکھون سے تو دکہا چکی کیا کچھہ یہہ چشم تر
کانون سے کیا سنائیگی دیکھون زبان مجھے

کتنا ہی ہم چورا تے ہین آنکھہ اوسنے پر نظر
ناچار پڑہی جاتی ہے کمبخت پیار کی

مائل میر محمدی دہلوی از ارشد تلامذہ قیام الدین قایم و در گلشن بیخار شاگرد مولوی قدرت اللہ اکبر آبادی نگاشتہ بہر حال وے در عہد شاہ عالم بادشاہ در مرشد آباد سکونت ورزیدہ ع

کیا کیا کہون مین تجھسے دل زار کی ہوس
مشہور ہے جہان مین بیمار کی ہوس

مائل میر عالم علی خان خلف میر مودود بخش خان سردار بہادر از باشندگان سہسوان شنیدہ شد کہ در سرکار بڑودہ او و بزرگان او اقتدار ہا یافتند و خطاب خانی بجلدوے خیر سگالی از سرکار انگریزی تفویض گشت سخن بر میرزا غالب می گذرانید آمار وش میرزا در گفتار اونمی یابم آرے ہر کسے را طبایع مختلف دادہ اند و مطبوع ہر یکے اندازے خاص است گویند جوانے زیبا بود در عالم شباب درگزشت ع

منہہ پر کہکے میر منہہ پہ وہ کہتے ہین پیارے
مائل ہے اب بھی جی مین ترے کچھہ ہوس رہی

دل مائل کی چہندے آپکو لازم رعایت ہی
یہہ میر اناز پرور تو گرفتار مصیبت ہے

خطا ثابت کرینگے اپنی ہم اور اونکو چھیڑینگے
سنا ہے اونکو غصہ مین چمٹ جانیکی عادت ہے

کہتے ہین وہ مدام کہ ہین تابع رضا
مائل ہے جی مین آج اونہین آزمائیے

مادہو رام ساہو کار فرخ آبادی از شاگردان منشی منیر طبع خوشی دارد ع

دیکھکر مجھکو وہ شوخی سے کہنہ مانتے ہین
اک سلامت رہے تو چاہنے والا میرا

عہد کرکے اونہین دیکہون تو یہہ فرماتے ہین
شرم بہی تجہکو نہ آئی پہر ادہر دیکہہ لیا

مینے جو یہہ کہا تہین الفت مری نہین
گردن جہکا کے ناز سے بولے کہ جی نہین

چہبتے ہین خارِ دشت تو کہتی ہے بیکسی
حضرت کدہر ہے دہیان تمہارا یہہ گہر نہو

شکر ہے بعد مرے یار نے آشنا تو کہا
سچ تو ہے چاہنے والا نہین ملتا کوئی

گلے لگا کے شبِ وصل کس ادا سے کہا
نہوئی تجہسے محبت تو پیار کیون کرتے

قتل کرنا وہ شوخ کیا جانے
ابہی کم سن ہے دل دہڑکتا ہے

مبین حافظ غلام دستگیر شاگرد و فرزند حافظ قطب الدین مشیر اوراست ہ

کس منہہ سے بیوفا کہون تمکو کہ مینے بہی
شکوہ کیا ہے دلمین کئی بار آپ کا

سخت جانیکو مرے کہیل کہین سمجہے ہو
توڑنے آئے ہو کیون خنجرِ بُران اپنا

کوے بتان سے نکلے تو کعبہ گئے مبین
شرمندگی اوتارنے کو پارسا ہوئے

مجروح میر مہدی حسین خلف میر حسین نگار از باشندگان دہلی و شاگردان میرزا غالب از دوست ہ

کچہہ ان بن سی ہو چلی ہے باغبان سے
بس اب نکلا ہی سمجہہ گلستان سے

تڑپتی کیون مگر بجلی کے دل مین
کہٹک ہے میرے خارِ آشیان کی

محبت نواب محبت خان شہباز جنگ خلف حافظ الملک نواب رحمت خان والی کٹہیر از تلامذہ حسرت و میر درد بود بعد واقعہ شہادت پدر خویش در لکہنؤ سکونت گرفتہ در سنہ ۱۲۲۲ھ وفات یافتہ دیوانے گذاشت ہ

جسکو تری آنکہون سے سروکار رہیگا
بالفرض جیا بہی تو وہ بیمار رہے گا

بیٹہنے دیوے جو وہ بزم مین اپنی نہ مجہے
تو اوٹہا لیجیو اے بارِ خدایا مجہکو

گالی کا انتظار تو حد سے گزر چکا
منہہ کو کہان تلک ترے دیکہا کرے کوئی

محمود حافظ محمود علی خان برادرزادہ اعظم الدولہ میر محمد خان سرور دیوانے

ازو یادگارست ؎

اپنی برگشتگی بخت کا دیوانہ ہون — کی شفاعت جو کسی نے تو وہ اغوا سمجھا
افسوس ہوا حشر مین کیا بے گنہی کا — قاتل جو ہین سر بگریبان نظر آیا
جو پاسے زہر ہین یہہ گران جانیون مین ہم — اعدا کے گہر تری مہمانیون مین ہم
جان کیا چیز ہے پر عشق مین تاثیر تو ہو — کوئی مر جائے اگر تو کوئی دلگیر تو ہو
لاغری سے مین نظر آتا نہین — چارہ گر بیٹھے ہین ماتم دار سے

محنت مرزا حسین علی دہلوی لکھنوی منشا از تربیت یافتگان جرأت ؎

احوال مرا دہیان سے سنتا تہا ولیکن — کچھ بات جو سمجہا تو کہا مین نہین سنتا

مخیر محمد احسان اللہ دہلوی اکتساب سخن از شیخ ابراہیم ذوق نمودہ ؎

بنا کر آئینہ خود بین کیا آئینہ رویون کو — ہمین حیرت ہے جس نے کیا بگاڑا تہا سکندر کا
واعظا جسد نسے کی ہی توبہ پی جاتا ہون مین — میرے لب تک اگر کبھی آتی ہی پیمانے کی بات

مرہون مرزا علی رضا مشہدی الاصل دہلوی مولد مدتے در حیدرآباد بسر بردہ از تلامذۂ میر ممنون بود ؎

جز نگاہ خشم کبہی اوسکی خو نہین — قسمت تو دیکھہ یہہ بہی کبہو ہے کبہو نہین

مسرور نواب غلام حسین خان بہادر خلف شرف الدولہ نواب فیض اللہ بیگ خان دہلوی در ستار نوازی دستگاہے تمام داشت ؎

لکھکر زمین پہ نام ہمارا مٹا دیا — اونکا تو کہیل خاک مین ہمکو ملا دیا
سخت جانی سے دم ذبح مرے ہاتہ نہ کہینچ — کہ تجہے تجربۂ قوت بازو ہی سہی

مشتاق لالہ بہاری لال نگارندۂ اکمل الاخبار دہلی از شاگردان مرزا نوشہ ؎

یون ترے ساتھ بزم مین دشمن کا بیٹھنا — وہ اعتراض ہے کہ اوٹھایا نجائے گا

جہان جاگے وہین انگڑائیان لو	یہان پھیلائی ہے سستی کہان کی

مشیر حافظ قطب الدین دہلوی شیوۂ سخنوری از شاہ نصیر آموختہ ہ

الٰہی کون سی جنت ہے بے حور	کہان لے جاؤن مین اوس بدگمان کو

مصحفی غلام ہمدانی از اہالی امروہہ مضافات مراد آباد در آغاز شباب بہ جہان آباد بسر می برد عاقبت در لکھنؤ رفت و ہمانجا بحق پیوست روزے چند برفاقت مرزا سلیمان شکوہ گذرانیدہ بود ابتدائیش انتہاے دورۂ سوداست باجرأت و انشا در یک ردیف و قافیہ جادۂ سخن می پیمود در ریختہ ہشت دیوان و دو تذکرہ دارد و در پارسی دیوانے بجواب نظیری و تذکرۂ او راست در بلاد مشرق مسلم الثبوت بود در استادی وے سخن نیست بر جمیع اصناف سخن قدرتے داشت تمام و گزیدہ اشعارش نتوان گفت کہ چہا شور انگیز است ہ

مین اسی رشک سے مرتا ہون کہ کل غیر نے ہاے	ہاتھ ہنگام قسم کیون ترے سر پر رکھا
تھا اگر روز قیامت تو بھی ہم شادان رہے	وہ جو اکدن اوسکے ملنے کا مقرر ہو گیا
شوخی تو دیکھو تیر کو سینہ سے کھینچکر	کہتا ہے میرے تیر کا پیکان رہگیا
مجھکو قاصد کے تغافل نے تو مارا ہی ہے	روز ظالم یہی کہتا ہے کہ کل جاؤن گا
مصحفی ہم تو یہ سمجھے تھے کہ ہوگا کوئی زخم	تیرے دل مین تو بہت کام رفو کا نکلا
مت میرے رنگ زرد کا چرچا کرو کہ یہان	رنگ ایکسا ہمیشہ کسی کا نہین رہا
بھیج دیتا ہے خیال اپنا عوض اپنے مدام	کسقدر یار کو غم ہے مری تنہائی کا
چین سے کیونکہ مین سوؤن کہ شب ہجر مجھے	یاد آتا ہے وہ راتون کا جگانا تیرا
تلوار کو کھینچ ہنس پڑا وہ	ہے مصحفی کشتہ اس ادا کا
تری کو مین اس بہانے مجھے دنکو رات کرنا	کبھی اس سے بات کرنا کبھی اوس سے بات کرنا
پھٹ چکا جب سے گریبان تب سے	ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے ہین

وہی دشت اور وہی گریبان چاک — جب تلک ہاتھہ پاؤن چلتے ہین

ہائے وہ دل کہ جسے مینے بغلمین پالا — اب اوسے یون ہدفِ ناوکِ مژگان دیکھون

فلک گر ستاتا ہے مجہپر کسیکو — مین ہنسکر فلک کی طرف دیکھتا ہون

کہانے نہین دیتے ہین مجھے خون جگر بہی — نالے تو مرے حلق کے دربان ہوئے ہین

وہ سُنے یا نہ سُنے اوسکو ہم اپنا احوال — پسِ دیوار کھڑے ہوکے سنا جاتے ہین

جو کٹ یہ جنکی مین نے رو روکے رات کاٹی — سنتا ہون صبح گیا وہ مہمان کسیکی گہر مین

مصحفی یار مین اسوقت کے سب مردہ پسند — بدنتہا ہم بہی تخلص جو مزاری رکھتے

او دامن اوٹھا کے جانے والے — ٹک ہمکو بھی خاک سے اوٹھالے

مہدی کو اپنی دیکھہ کے کہنے لگا وہ شوخ — ہے ہے کسی کا خون ہوا میرے ہاتھہ سے

وعدۂ قتل سے رکہتا ہون دل اپنی کو مین شاد — کہ اسی وعدہ پہ اک وعدۂ دیدار بہی ہے

وہ جی مین یہہ نازان کہ مرا عیب تو دیکھو — مین خوش کہ خیالِ نگہ دور کسے ہے

مجھکو پامال کر گیا ہے ابہی — یہہ جو دامن اوٹھاکے جاتا ہے

غم کہاتا ہون جتنا مری نیت نہین بہرتی — کیا غم ہے مزے کا کہ طبیعت نہین بہرتی

مظہر قطب الاقطاب شیخ المشایخ شمس الدین حبیب اللہ حضرت مرزا جانجانان خلف الصدق میرزا جان رحمۃ اللہ علیہما حضرت ایشان به بست و ہشت واسطہ بتوسط محمد ابن حنیفہ با میر المومنین علی مرتضے کرم اللہ وجہہ میرسد در سنہ ۱۱۱۳ ہجری خلعت وجود پوشیدند و در عمر شانزدہ سالگی گرد یتیمی بر رو نشست و در سنہ ۱۱۹۵ ھ از دست جفا شہادت یافتند میر قمر الدین منت عاش حمیداً مات شہیداً تاریخ وفات حضرت ایشان یافتہ حضرت ایشان علاوہ کمالات باطنی وظاہری در فن شعر نیز درجہ عالی میداشتند و جز حرف عشق و درد بر لوح زبان نہ می نگاشتند و اصلا در ضمن شعر غرض دنیا و اظہار ہنر درمیان نہ داشتند و گاہے

در مدح و ذم کسے زبان را آلوده نمی کردند وقتیکه شیخ حزین در ہندوستان آمد کسے را از مستعدان ہند بخاطر نیاورد لیکن باوجود عدم ملاقات مدح حضرت ایشان میکرد روزی شیخ در دکان شارع عام نشسته بود ناگاه حضرت ایشان بر اسپ سوار از ان راه می گزشتند چون نظر شیخ بر حضرت ایشان افتاد پرسید که این کدام جوان است گفتند حضرت میرزا جانجانان اند شیخ گفت چشم بد دور ہمه دانی و ہمه جانی حضرت ایشان را دیوانیست مختصر در پارسی و بیاضیست خریطهٔ جواہر نام بنده دیده ام انتخاب اشعار چنانکه میشاید دران صورت بسته است ه

نہین کچھہ غم کہ کیون ملتا نہین یہان کسل میرا — کہ مین روتا ہون دلکی بیکسی پر ہائے دل میرا
لوگ کہتے ہین موا مظہر بیکس افسوس — کیا ہوا اوسکو کہ اتنا ہی تو بیمار نہ تہا
توفیق دے کہ شور سے اکدم وہ چپ رہے — آخر مرا یہہ دل ہی الٰہی جرس نہین
مظہر چہپاکے رکہہ دلِ نازک کو اپنے تو — یہہ شیشہ بیچنا ہے کسی میرزا کے ہاتہہ
خدا کے واسطے اسکو نہ ٹوکو — یہی اک شہر مین قاتل رہا ہے

معروف نواب الٰہی بخش خان دہلوی برادر خورد فخر الدوله نواب احمد بخش خان بہادر رئیس فیروزپور جہرکہ خلف مرزا عارف جان برادر شرف الدوله قاسم جان از تلامذهٔ شاه نصیر دہلوی بود در آخر ایام ترک دنیا گفته در سنه ۱۲۴۲ھ از جہان رفته دو دیوان دارد درین فن دستگاہے شایسته داشت و طرز ہاے دلپذیر می یافت ه

کہانتک راز عشق افشا نکرتا — مشکل یہہ ہے کہ مرتا کیا نکرتا
غیر روتے ہین مری حالت پہ وہ تو یار تہا — دیکہکر گہڑ ہتا نہ آیا میرے گہر اچہا ہوا
کی وصیت یہہ کچھہ ارمان بہری آہ کہ رات — سارے گہر کو ترے بیمار نے سونے ندیا
کہتا ہے جب وہ ہنسکر ہے گریہ اختیاری — آتا ہے اور مجہکو بے اختیار رونا
اوسکے جانیکی اگر کچھہ بہی خبر رکہتے ہم — ایسے دیوانے نتہے گہر مین جو در رکہتے ہم

کہا جو مینے کہ اس ناتوان کا سنئیے حال — کہا جو حال سناوے وہ ناتوان نہین

کہے ہے مجھہ سے کوئی تجھکو یاد آیا ہے — کرون ذرا جو مین اوس بدگمان سے باتین

دیا ہے اپنے سے ظالم کو اوسنے دل معروف — اب اور اوس بت بیداد گر کو کیا کوسون

آپ جسوقت رقیبونکی قسم کہاتے ہین — ہم رقیبونکے نصیبونکی قسم کہاتے ہین

مے کے پینے سے تو ہرچند نباہی توبہ — پیر مغانسے وہ خجل ہون کہ الہی توبہ

گریہ و آہ و فغان سے ایکدم فرصت نہین — ہم سمجھتے تہے محبت کام بیکار کا ہے

ہائے اوس شوخ کا یون روٹھہ کے جانا معروف — اور یہہ کہنا کہ یہین اب نہ منائے کوئی

میرے مرنے سے موئی اوسپر خلق — مین نہ مرتا تو نہ مرتا کوئی

خرق عادت اپنے دیوانے کی دیکھہ — جسطرف کو وہ چلے پتھر چلے

دمبدم پاؤنسے تو ہمکو نہ ٹھکرا چل جا — خیر ہم دیکھہ چکے فندق پا اچھی ہے

معروف اب تو دیکھتے ہو تم ہمین غریب — ٹک منھہ لگائے یار تو پھر ہمکو دیکھیئے

دور جو بزم مین وہ آنکے بیٹھے ہم سے — کیا ہی پچتائے کہ آگے سے ذہن کیون نہوئے

روٹھنے کو تو چلے روٹھہ کے ہم وانسے ولے — مڑکے تکتے تہے کہ اب کوئی منا کر لیجائے

معین معین الدین دہلوی از حال تلمذ آگہی دست نداد نمکینی از گفتار او پیداست چنین خوش گفتہ است ه

مرگیا آج خدا بخشے معین خستہ — ایک موزون ساجوان تہا کبھی دیکھا ہوگا

لخت دل آنکھونین کیہ آتے ہین کس کس شوق سے

میری مژگان پر گمان کرکے تمہارے تیر کا

مثل نقش پا اوس در سے اوٹھہ نہ سکتے کوئی اوٹہائے

ضعف کی دولت بارے ہم بھی اتنی طاقت رکہتے ہین

نہ جاہا حسن نے آزردہ اوس نازک کلائی کو — کیا طرز تبسم نے ادا تیغ آزمائی کو

کھچنے سے تیرے وصل کی شب بھی خفا ہوئے
یہ عقدہ ہائے دل ترے بندِ قبا ہوئے

ترے فراق مین بیجا ہنسی کا تھا نہ دماغ
مگر یہ اپنا ہی زخمِ جگر ہے کیا کہیے

تری جفا کی حکایت اور اپنا حالِ وفا
یہ پیٹنا تو یون ہی عمر بھر ہے کیا کہیے

تمھاری بات ہے بے اعتبار کیا سنیے
اور اپنی کہیے تو وہ بے اثر ہی کیا کہیے

دیکھکر بخیہ کیجیے ناصح
بندہ پرور مرا گریبان ہی

ممنون میر نظام الدین ملقب بہ فخر الشعرا اوستاد اکبر شاہ بادشاہ دہلی خلف میر قمر الدین منت موطنش سونی پت مولد و منشاش دہلی ست مدتے در لکھنو ماندہ سپس در اجمیر بر عہدہ صدر الصدوری مامور گردید وفاتش در سنہ ۱۲۶۰ ہجری واقع شد دیوانے ازو یادگار است قوت نظم اکثر اصناف سخن داشت ازانجا کہ ممنون از مشاہیر است و نیز کلام ہر کسے گواہ طبیعت او باشد حاجت ستایش ندارد ه

بُرا مانیے مت مرے دیکھنے سے
تمھین حق نے ایسا بنایا تو دیکھا

قربان ناز نعش مری دیکھکر کہا
گردن پہ کس کی خون ہے اس بیگناہ کا

ہاتھہ مین جنبش محمل کی عنان ہے اپنے
ورنہ یان کسکو سرِ آبلہ فرسائی تھا

شغلِ شبِ فراق یہی تھا کہ دھیان مین
ایک ایک شکن گنا تری زلفِ دراز کا

یہ نہ جانا تھا کہ اوس محفل مین دل رہ جائیگا
ہم یہ سمجھے تھے چلے آئینگے دم بھر دیکھکر

قاتل ہی وہ نہووے جو ممنون کی نعش پر
کہتا تھا اک جوان بہت بار بار حیف

یون تو وہ ہے فرشتہ خو لیکن
ہے ذرا آدمی کُشی کا شوق

مین اس سخن کے تصدق وہ کہیے آئینہ
یہ مجھسے پوچھے ہے کیون کیسے طرحدار ہین ہم

اس ذوق سے کہتی ہین حدیثِ لبِ شیرین
گویا ترے ہونٹون ہی سی لیتے ہین مزا ہم

پوچھینگے گر آرزو دمِ ذبح
جلّاد ہی کو بتائین گے ہم

یون رشک کہے کم جو دہان رنگِ حنا ہو
ہاتھہ اوس نے کسی دیدۂ تر پر نہ دھرا ہو

اوس مرگ پہ سو جان سے صدقہ کہ دم نزع	گھبرا کے کہے تو کہ بس اب دیکھیے کیا ہو
آہ خلوت مین جو تنہا کبھی پاؤن تجھکو	جس لیے تجھکو بنایا ہی دکھاؤن تجھکو
تفاوت قامت یار و قیامت مین ہے کیا منون	وہ ہی فتنہ ہی لیکن یان ذرا سانچے مین ڈھلتا ہی
رخصت کے وقت ہوون ترے گریبان گیر آدمی	رو دے ہے اوس گھڑی کہ نہ جسقوت بس چلے

منت میر قمر الدین مخاطب بہ ملک الشعرا شاگرد میر نور الدین نوید و میر شمس الدین فقیر اصلش از مشہد و مولدش سونی پت و منشاش دہلی است در لکھنؤ رفتہ مذہب امامیہ پذیرفتہ از انجا بکلکتہ شتافت و در سنہ ۱۲۰۸ بعمر چہل و نہ سال وفات یافت ریختہ کمتر میگفت اشعار پارسی او قریب یک و نیم لک بودہ باشد ؎

اس آنے کا کچھہ ہے لطف پیارے	ہر دم جو کہو کہ جائین گے ہم

منتظر نور الاسلام لکھنوی خلف شاہ فیض علی از گزین تلامذہ مصحفی ست دیوانے گزاشتہ ؎

وہ دل لیکر مکر جانا کسی کا	یہہ جی ہی جی مین غم کھانا کسی کا
دولتِ حسن ہے جن پاس یہہ اوس سے ہی سوال	کچھہ نہ لے اور نہ دے پر ہمین نوکر سمجھے

نہ تو عشق سے مجھے عشق ہے نہ تو چاہ کی مجھے چاہ ہے

وہ جو بات منہہ سے نکالی تھی سو اوسی کا مجھکو نباہ ہے

منشی میر محمد حسین خلف سید ابو الحسن عرف میر کلن ایرانی الاصل دہلوی مولد مدتے در لکھنؤ بسرکار مرزا سلیمان شکوہ بسر بردہ پدر وے از مشاہیر خوشنویسان بود وے نیز بدرستی خطوط متصف بود ؎

جو پوچھا اوس سے لوگون نے کہ منشی کون ہے بولے

مجھے کچھہ یون ہی اوس سے دور کی صاحب سلامت ہی

نیر سید اسمعیل حسین خلف منشی احمد حسین تنگر شکوہ آبادی از تلامذہ رشک و

ناسخ است امروز در رامپور بظل عطوفت والی انجا باعزاز بسر می برد سخنور ریختہ گوست
و انچه از گفتارش بنظر رسیده همه نکوست دو دیوان دارد ۵

آتش حسن کو کیون ناز ہے یکتائی کا / شعلۂ طور شریک آسمین ہے جو تنہائی کا
بیکسی آپ سے باہر نہین جانے دیتی / مجھ سے آباد ہے عالم مری تنہائی کا
ایک دن حشر کا تشہیر کو کافی نہوا / حق ادا ہو نہ سکا ذلت و رسوائی کا
کیا بتائین کہ کہان جا کے شب غم مین رہے / آپکی جان سے دور اور ہی عالم مین رہے
کوئی حیلہ تو تعارف کا خوشی کی نکلے / کاش تقدیر ہی پر آئے تبسم مجھکو
چھوڑ دون مین بھی ملاقات تو بیکس ہو جائے / ستم یار پر آتا ہے ترحم مجھکو
سب سے ملنا تو چھوڑا یا ہے مگر جب جائین / بیکسی سے بھی اگر ملنے نہ دو تم مجھکو
دور سے بھی کبھی ملنے کے اشارے نہوئے / ہم کسیکے نہوئے تم جو ہمارے نہوئے
بھولے سے پھانس نکالی نہ ہمارے دلکی / ایک تنکے کے بھی شرمندہ تمہارے نہوئے

مومن حکیم مومن خان فرزند حکیم غلام نبی خان دہلوی در طب ید طولے داشت
و در نجوم پایۂ والا بر جمیع اصناف سخن قادر بود از لطایف شعر و شاعری کما ہو حقہ ماہر
بقوت سخنوری مومن کم ترکسے بر خاستہ و بہر دو لفظ چندان دستگاہے نصیب او
گشتہ کہ پارسیان ازان خود می انکارند و ہندیان بشرف ہمزبانی نازہا دارند دیوانش
مملو از اصناف سخن ست مثنویات متعدد دارد فرصتم نیست کہ بانتخاب دیوان وے
پردازم ہمانا از گلشن بہارش بیتے چند برداشتم کہ ہر یکے ازان دستنبوے فصاحت
و گلدستۂ بلاغت میتوان شمرد الحق درین فن محسود ابنائے روزگار ست و مشہور
شہر و دیار ناظورۂ بیان نازکش سرمایۂ حیات عشاق ناکام و معشوقۂ کلام دلاویزش
تسلی خاطرہائے پر آلام مذاق آشنایان معنی از عذوبت کلام شیرینش ذائقہ لطف داشتہ
و نکتہ شناسان نغز گفتار سخن جادو فریبش را افسون دلربا انگاشتہ اند ہمانا وفات او

در سنہ ۱۲۶۸ھ واقع شدہ از دست ولیس نکوست ۵

اوس نقش پا کے سجدہ نے کیا کیا کیا ذلیل
مین کوچہ رقیب مین بھی سر کے بل گیا

یہہ ناتوان ہون کہ ہون اور نظر نہین آتا
مرا بھی حال ہوا تیری ہی کمر کا سا

خواہش مرگ ہوا تمنا نہ ستانا ورنہ
دلمین پھر تیرے سوا اور بھی ارمان ہوگا

کیا سناتے ہو کہ ہے ہجر مین جینا مشکل
تم سے بے رحم پہ مرنے سے تو آسان ہوگا

وصل کی شب شام سے مین سو گیا
جاگنا ہجران کا بلا ہو گیا

دل لگا نیکے تو اوٹھائے مزے
جی بلا سے رہا رہا نہ رہا

نہ مانونگا نصیحت پر نہ سنتا مین تو کیا کرتا
کہ ہر ہر بات مین ناصح تمہارا نام لیتا تھا

کیا تم نے قتل جہان اک نظر مین
کسی نے نہ دیکھا تماشا کسی کا

وہ کرتے ہین بیباک عاشق کشی یون
نہین کوئی دنیا مین گویا کسی کا

ان نصیبون پر کیا اختر شناس
آسمان بھی ہے ستم ایجاد کیا

یہہ عذر امتحان جذب دل کیسا نکل آیا
مین الزام اوسکو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

پھرنے سے شام وعدہ تھکے یہہ کہ سو رہے
آرام شکوہ ستم اضطراب تھا

وقت وداع بے سبب آزردہ کیون ہوئے
یون بھی تو ہجر مین مجھے رنج و عذاب تھا

کیا جی لگا ہے تذکرہ یار مین عبث
ناصح سے مجھکو آج تلک اجتناب تھا

دشنام یار طبع حزین پر گران نہین
اے ہمنفس نزاکت آواز دیکھنا

بدکام کا مآل برا ہے جزا کے دن
حال سپہر تفرقہ انداز دیکھنا

میرے گھر ہی پھرتے چلتے ایکدن آجائیگا
دو مبارکباد ابکے یار رہ جائی ملا

بسے دم غضب لئے اولٹی سمجھہ تو دیکھہ
بل جو پڑا جبین پہ تمنا کو لب ہوا

آغوش گور رہ گئی آخر لہو اوٹھا ان
آسان نہین ہے آپکے بسمل کو تھامنا

اس حال کو پہونچے ترے قصہ سے کہ اب ہم
راضی ہین گر اعدا بھی کرین فیصلہ اپنا

رازِ نہان زبانِ اغیار تک نہ پہونچا
ہٹ گیا ہوگا دوپٹہ منہ سے سوتے مین کہین

ہجرِ بتان مین تجھکو ہے مومن تلاشِ زہر
جلوہ دکھلائے تا وہ پردہ نشین

مستیِ نازی مزار تلک آکے اسپہ بھی
سجدہ یہ سر قلم ہو دعا پر زبان کٹے

رکھدے سر اپنے زانوئے نازک پہ شوق سے
تو بہ کہان کدورتِ باطن کے ہوش تھے

وصلِ بتان کے دن تو نہین ہیہ کہ ہو وبال
مجھہ سے نہ بولو تم اسے کہتے ہین کیا بھلا

بیزار جان سے جو نہوتے تو مانگتے
اوس کو مین جام رینگے مدد اے ہجومِ شوق

خنجر تو نہ توڑ سخت جانی
وہ جفاکش ہین اے فلک کہ کیا

اب تپ ہجر دیکھہ مومن ہین
گر یہی شوقِ شہادت ہی تو مومن جی چکے

جانے دے چارہ گر شبِ ہجر انہین مت بلا
ہے دوستی تو جانبِ دشمن نہ دیکھنا

منظور ہو تو وصل سے بہتر ستم نہین
بے جرم پائمال عدو کو کیا کیا

عاشق کشی ہے شیوہ اگر بے ہوس سہی

کیا ایک بھی ہمارا خطِ یار تک نہ پہونچا
شب یہان رہنے کا تیرے جسمین چرچا ہوگیا

غم پر حرام خوار توکل نہو سکا
مین نے دعوے کیا تحمّل کا

کہتے ہین لوگ خاک مین اوسنے ملادیا
گویا نہ وہ زمین ہے نہ وہ آسمان ہے اب

تیرا مریضِ عشق بہت ناتوان ہے اب
غش ہوگیا مین رنگِ مےَ ناب دیکھکر

مومن نماز قصر کرین کیون سفر مین ہم
انصاف کیجے پوچھتے ہین آپہی سے ہم

شاید شکایتون پہ ترے مدعی سے ہم
آج اور زور کرتے ہین بیطاقتی سے ہم

پھر کسکو گلے لگائینگے ہم
اوس ستمگر نے انتخاب ہمین

ہے حرام آگ کا عذاب ہمین
مار ڈالے کاش کوئی کافر دلجو ہمین

وہ کیون شریک ہون مرے حالِ تباہ مین
جادو بھرا ہوا ہے تمہاری نگاہ مین

آشنا رہا ہون دور کہ ہجران کا غم نہین
مجھکو خیال بہی ترے سر کی قسم نہین

آخر کچھہ اپنی جان کے دشمن تو ہم نہین

مین گلہ کرتا ہون اپنا تو نہ سن غیرونکی بات
غیر سے سرگوشیان کرلیجیے پھر ہم بھی کچھہ
ابرو رہ گئی مرنیکی کہ روتے تو ہین وہ
وہ ہی بغل مین تو بھی تو یان نیند اڑ گئی
سنجاہون روز جزا داد یہہ ستم دیکھو
ہین غیر مرے نکلنے سے خوش
کیا کیجیے کہ طاقت نظارہ ہی نہین
شبنم خراب مہر وکتان سینہ چاک ماہ
کیسے گلے رقیب کے کیا طعن اقربا
وفا سکھلا رہے گا دل ہمارا
مومن تم اور عشق بتان آپیر و مرشد خیر ہے
جب تو چلے جنازۂ عاشق کے ساتھہ ساتھہ
سنگ اسود نہین ہے چشم بتان
اولٹے وہ شکوے کرتے ہین اور کس ادا کے ساتھ
بے پردہ غیر پاس اوسے بیٹھا نہ دیکھتے
خوشی نہو مجھے کیونکر قضا کے آنے کی
کر علاج جوش وحشت چارہ گر
چھڑکے ہے کان ملاحت لون کیا
اب تو مرجانا بھی مشکل ہے ترے بیمار کو
ایک ہم ہین کہ ہوئے ایسے پشیمان کہ بس
پامال اک نظر مین قرار و ثبات ہے

ہین یہی کہنے کو وہ بھی اور کیا کہنے کو ہین
آرزوہاے دل رشک آشنا کہنے کو ہین
اشک شادی ہی سے گو چشم کو نم کرتے ہین
یہہ سوچ ہے گیا نہو اعدا کے خواب مین
کب آزماتے ہین جب وقت امتحان نہین
گویا کہ مین انکا مدعا ہون
جلنے وہ بے حجاب ہین ہم شرمسار ہین
لو اور بھی ستمزدہ روزگار ہین
تیرا ہی جی بچا ہے تو باتین ہزار ہین
تمہاری خاطر نامہربان کو
یہہ ذکر اور منہہ آپکا صاحب خدا کا نام لو
پھر کون وار تونکے سنے اذن عام کو
بوسہ مومن طلب کرے کیا منہہ
بیطاقتی کے طعنے ہین عذر جفا کے ساتھ
اوٹھہ جاتے کاش ہم بھی جہان سے حیا کے ساتھ
خبر ہے نعش پر اوس بیوفا کے آنے کی
لا دے اک جنگل مجھے بازار سے
خود لپٹ جا سینۂ افگار سے
ضعف کے باعث کہان دنیا سے اوٹھا جاے ہے
ایک وہ ہین کہ جنھین چاہ کے ارمان ہونگے
اوسکا نہ دیکھنا نگہ التفات ہے

پیغامبر رقیب سے ہوتے ہین مشورے — سنتا نہین کسی کی یہہ کہنے کی بات ہی

عیش مین بھی تو نہ جاگے کبھی تم کیا جانو — کہ شب غم کوئی کس طور سحر کرتا ہے

میرے تغیر رنگ کو مت دیکھ — تجھکو اپنی نظر نہو جائے

اسے قیامت نہ آئیو جب تک — وہ مری گور پر نہو جائے

لے تو ہی بھیجدے کوئی پیغام تلخ اب — تجویز زہر ہے ترے بیمار کے لیے

اجل سے خوش ہون کسیطرح ہو وصال تو ہے — نہ آئے نعش پہ وہ پر یہہ احتمال تو ہے

جفائے یار کو سونپا معاملہ اپنا — اب آگے ہو نہو امید انفصال تو ہے

تسلی دم واپسین ہو چکی — ہمین ہو چکے جب نہین ہو چکی

تھی بدگمانی اب انہین کیا عشق ہو رکی — جو آکے مرتے دم مجھے صورت دکھا گئے

رشک دشمن بہانا تھا سچ ہے — مین نے ہی تم سے بیوفائی کی

شب ہجر مین کیا ہجوم بلا ہے — زبان تھک گئی مرحبا کہتے کہتے

مونس سید اعظم حسین نبیرہ حکیم نہادم حسین کہ از مشاہیر اطباے اینجا بودہ اند جوانیست تحصیل تمام کردہ باکثر علوم آشنائی دارد و درین فن نیز ادرا دستگاہے ست آما توجہش بپارسی بیشتر مصروف است بریختہ کمتر فکر میکند لکن دراوائل مشق ریختہ کردہ است گاہے گاہے بانامہ نگار برمیخورد و اخلاص تمام دارد این بیت از زبان او استماع افتادہ بود ثبت میشود خیلے خوش گفتہ ست

لاکر شفیع ہم عمل ناصواب کو — کیا کیا منا رہے ہین کسی کے عتاب کو

مہجور نقشبند خان خلف نواب مصطفی خان شیفتہ جوانے بود زیبا طبع شگفتہ داشت حک و اصلاح کلامش بہ مولوی الطاف حسین حالی متعلق بود درینجا آمدہ بود بانامہ نگار برخوردہ خوش تہذیبی داشت ہرگاہ ازینجا بدہلی رفت ہمانجا درگذشت

غدایش بیامرزاد این بیتها که می بینی ازو گرفته بودم ه

نگہِ لطف سے جب دیکھتے ہو تم مجھکو	دلِ غمدیدہ یہ آتا ہے ترحم مجھکو
کہتے ہین مسکرا کے تمنا ے وصل پہ	صاحب کسی کے دلکی بھلا کیا خبر مجھے
اے شوق رشک غیر بھی دل سے بھلا دیا	احسان رہیگا یاد ترا عمر بھر مجھے
کیا خوشی ہمکو اگر غیر شبستان مین نہین	وصل عشاق کی شب گردش دوران مین نہین
ایک صوفی نے کہا محو تماشا ہو کر	اوسمین کچھہ بات ہی ایسی کہ جو انسان مین نہین
تم نہ سنتے تھے کہ بیداد کا کیا ہی انجام	ہم نہ کہتے تھے کہ کیا کچھہ غمِ پنہان مین نہین
قاصد جو کہا ہے اوسنے کہہ جھک	باتین نہ بنا ادہر اودہر کی
کہتے ہین دعاے وصل پہ وہ	ہمسکو بھی امید ہے اثر کی
الفت مین ہین اور بھی بلائین	پر سخت بلا ہے چارہ گر کی

مہر مرزا حاتم علی لکھنوی خلف مرزا فیض علی از مشاہیر تلامذۂ ناسخ است در سنہ ۱۲۹۷ راہ عدم پیمود دیوانے گذاشتہ ه

کرتا غضب ابتک تو ہمارا دلِ بیتاب	روکے ہوئے ڈانٹے ہوئے دھمکائے ہوئے ہین
تمہارے واسطے دلسے نہین کوئی مکان بہتر	جو آنکھہ مین تمہین رکھون تو ڈرتا ہون نظر ہوگی

میر میر تقی اکبرآبادی از قدماست و اوستاد مسلم الثبوت و نزد جمیع اساتذہ مقبول زبانے دلپذیر دارد و بیانے سادہ پرکار کہ نمی توان گفتن بر جملہ اصناف سخن قادر بود لاسیما بر غزل و مثنوی حضرت آزردہ نوشتہ اند در تذکرۂ خود کہ در حال ارباب نظم ریختہ است حیث قال پستش اگرچہ اندک پست است اما بلندش بسیار بلند و جناب شیفتہ نگاشتہ پست و بلند کہ در کلامش بینی و رطب و یابس کہ در ابیاتش بنگری نظر نکنی کہ گفتہ اند ه

شعر گر اعجاز باشد بے بلند و پست نیست	در ید بیضا ہمہ انگشتہا یکدست نیست

انتہی وسے ششش دیوان ریختہ دارد حاوی اصناف سخن ومستدسے کہ بمضامین واسوخت گفتہ مشہور است میر در قصیدہ فکر خوشی نداشتہ چندانکہ غزلش بلند مرتبہ تر قصیدہ اش پست پایہ تر ذوق دہلوی بہ نسبت میر گوید ؎

نہوا پر نہوا میر کا انداز نصیب ۔۔۔ ذوق یاروں نے بہت زور غزلمیں مارا

و میرزا غالب میفرماید ؎

ریختہ کے تمہیں اوستاد نہیں ہو غالب ۔۔۔ کہتے ہیں اگلے زمانہ مین کوئی میر بھی تھا

و نیز می سراید ؎

غالب اپنا بھی عقیدہ ہے بقولِ ناسخ ۔۔۔ آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں

انتہی این ابیات او راست و خیلے دلرباست ؎

ہمارے آگے ترا جب کسی نے نام لیا ۔۔۔ دلِ ستمزدہ کو ہمنے تھام تھام لیا

اتنی گذری جو ترے ہجر مین سو اوسکے سبب ۔۔۔ صبر مرحوم عجب مونسِ تنہائی تھا

مسجد مین امام آج ہوا آکے وہان سے ۔۔۔ کل تک تو یہی میر خراباتنشین تھا

اوبھا و پڑگیا جو ہمین اوسکے عشق مین ۔۔۔ دل سا عزیز جان کا جھنجال ہو گیا

آنکھوں مین جی مرا ہے ادہر دیکھتا نہیں ۔۔۔ مرتا ہوں مین تو ہائے رے صرفہ نگاہ کا

خدا کو کام تو سونپے ہین مینے سب لیکن ۔۔۔ رہے ہے خوف مجھے وانکی بے نیازی کا

دل کی کچھہ قدر کرتے رہیو تم ۔۔۔ یہہ ہمارا بھی ناز پرور تھا

قاصد جو وانسے آیا تو شرمندہ مین ہوا ۔۔۔ بیچارہ گریہ ناک گریبان دریدہ تھا

فلک کا منہہ نہین اس فتنے کے اوٹھانیکا ۔۔۔ ستم شریک ترا ناز ہے زمانے کا

آنکھیں چرائیو نہ ٹک ابر بہار سے ۔۔۔ میری طرف بھی دیدۂ خونبار دیکھنا

تیرے کوچہ کے رہنے والوں نے ۔۔۔ یہیں سے کعبہ کو سلام کیا

ہم خاک مین ملے تو ملے لیکن اے فلک ۔۔۔ اوس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا

جواب نامہ سیاہی کا اپنے ہے وہ زلف — کسی نے حشر کو ہم سے اگر سوال کیا

جاتا ہے یار تیغ بکف غیر کی طرف — اے کشتۂ ستم تری غیرت کو کیا ہوا

سخت کافر تھا جس نے پہلے میر — مذہب عشق اختیار کیا

جہان سے فتنے کو خالی کبھی نہین پایا — ہمارے وقت مین تو آفت زمانہ ہوا

اب تو جاتے ہین میکدے سے میر — پھر ملین گے اگر خدا لایا

سمجھے تھے ہم تو میر کو عاشق اوسی گھڑی — جب سنکے تیرا نام وہ بیتاب سا ہوا

مستی مین لغزش ہوگئی معذور رکھا چاہیئے — اے اہل مسجد اسطرف آیا ہون مین بہکا ہوا

خانہ خراب میر بھی کتنا غیور تھا — مرتے موا پر اوسکے کبھی گھر نہ جا پھرا

کم کم اوٹھتا وہ نقاب آہ کہ طاقت رہتی — کاش اکبار ہمین مونہہ نہ دکھایا ہوتا

کہتے تو ہو یون کہتے یون کہتے جو وہ آتا — کہنے کی ہین سب باتین کچھہ بھی نہ کہا جاتا

میرا ہی مقلد عمل تھا — مجنون کے دماغ مین خلل تھا

کھلا نشہ مین جو پگڑی کا پیچ اوسکے میر — سمند ناز پہ اک اور تازیانہ ہوا

کوسون ہم سے بھاگو ہو کیا سیکھے طرز غزالونکا
وحشت کرنا شیوہ ہے کچھہ اچھی آنکھین والونکا

عشق ہمارے خیال پڑا ہے خواب گیا آرام گیا
جی کا جانا ٹھہر رہا ہے صبح گیا یا شام گیا

دو قدم ساتھ جنازہ کے نہ آیا وہ میر — جانتا تھا کہ اسے ہے مری رفتار پسند

جاتا ہے آسمان لیئے کوچہ سے یار کے — آتا ہی جی بھرا در و دیوار دیکھکر

مرگ اک ماندگی کا وقفہ ہے — یعنے آگے چلینگے دم لیکر

کچھہ ہو رہیگا عشق وہوس مین بھی امتیاز — آیا ہے اب مزاج ترا امتحان پر

منتظر قتل کے وعدہ کا ہون اپنے یعنی — جیتا مرنے کو رہا ہے یہہ گنہگار ہنوز

اوسکے کوچہ مین نکر شور قیامت کا ذکر
اوسکے نزدیک کچھہ نہین عزت
ایک بیمار جدائی ہون مین آپ ہی تسپر
اک وہم نہین بیش مری ہستی موہوم
مدعی مجھکو کھڑے صاف برا کہتے ہین
ایکے ہمت صرف کر جو اوس سے جی اوچٹے مرا
عشق کا گھر ہے میر سے آباد
نازک مزاج آپ قیامت ہین میر جی
کاشکے دل دو تو ہوتے عشق مین
جائے ہے جی نجات کے غم مین
قتل کیے پر غصہ کیا ہی لاش مری اوٹھوانے دو
کب تیسر اوسکے منہہ کا دیکھنا آتا ہے میر
رات ساری تو گئی سنتے پریشان گوئی
یہہ اضطرار دیکھکے اب دشمنو نسے بھی
زور و زر کچھہ نتھا تو بارے میر
تجھکو مسجد ہے مجھکو میخانہ
آج پھر تھا بے حمیت میر وان
مین جو بولا کہا کہ یہہ آواز
جب نام ترا لیجیے تو چشم بھر آئے
اوس ستمگار کے کوچہ کے ہوادار و نمین
باہم سلوک تھا تو اوٹھاتے تھے نرم گرم

شیخ یان ایسے تو ہنگامے ہوا کرتے ہین
میر جی یون ہی خوار ہوتے ہین
پوچھنے والے جدا جان کو کھا جاتے ہین
اسپر بھی تری خاطر نازک پہ گران ہون
چپکے تم سنتے ہو بیٹھے اسے کیا کہتے ہین
پھر دعا اے میر مت کیجو اگر ایسا کرون
ایسے پھر خانمان خراب کہان
جون شیشہ میرے منہہ نہ لگو مین نشے مین ہون
ایک رہتا ایک کھوتے عشق مین
ایسی جنت گئی جہنم مین
جانسے بھی ہم جاتے رہے ہین آؤ تم بھی جانے دو
پھول گل سے اپنے دلکو تم بھی بہلایا کرو
میر جی کوئی گھڑی تم بھی اب آرام کرو
کہتا ہون اوسکے ملنے کی کچھہ تم دعا کرو
کس بھروسے پر آشنائی کی
واعظا اپنی اپنی قسمت ہے
کل لڑائی سی لڑائی ہو چکی
اوسی خانہ خراب کی سی ہے +
اس زندگی کرنیکو کہانسے جگر آئے
نام فردوس کا ہم لیکے گنہگار ہوئے
کاہیکو میر کوئی دبے جب بگڑ گئی

گھبرا نہ میر عشق مین اس سہل زیست پر
اپنے تو ہونٹ بھی نہ ہلے اوسکے روبرو
پہنچا تو ہوگا سمع مبارک مین حال میر
میرے تغیر حال پر مت جا
اب چھیڑ یہہ رکھی ہی کہ عاشق ہی تو کہین
میر صاحب بھی اوسکے ہان تھے پر
آتے کبھو جو وہانسے تو یہان بہتی تھی اوداس
وہ تو بگڑے ہے میر سے ہر دم
کعبہ مین جان بلب تھی ہم دوری بتان سے
ڈر کیون نہ محلہ مین رہے رونے سے میر
پیدا کہان ہین ایسے پراگندہ طبع لوگ
مقدور تک تو ضبط کرون پر مین کیا کرون
واعظ ناکس کی بات تو نہیر کوئی جاتا ہے میر
فریاد شب کی سنکے کہا یے دماغ ہو
پھرتے ہین میر خوار کوئی پوچھتا نہین
اوسکا غضب ہے نامہ نہ لکھنا تو سہل ہے
نہین ہے چاہ بھلی اتنی بھی دعا کر میر
کشتی ہر اک فقیر کی بھر دی شراب سے
دل سے شوق رخ نکو نہ گیا
میر بھی کہنے لگا دیر کی لوگو نکی سی
میر کے ہوش کے ہین ہم عاشق

جب بس چلا نہ کچھہ تو مرے یار مر گئے
رنجش کی وجہہ میر یہہ کیا بات ہو گئی
اسپر بھی جی مین آئے تو دلکو لگائیے
اتفاقات ہین زمانے کے
القصہ خوش گذرتی ہی اوس بدگمان سے
جیسے کوئی غلام ہوتا ہے
آخر کو میر اوسکی گلی ہی مین جا رہے
اپنی سی یہہ بنائے جاتا ہے
آئے ہین پھر کے یار وابے خدا کے ہان سے
سیلاب نے اس کوچہ مین گھر مول لیا ہے
افسوس تمکو میر سے صحبت نہین رہی
منہہ سے نکل ہی جاتی ہے اک بات پیار کی
آئے مینحانے چلو تم کس کی بات تو میر گئے
دیکھو تو اس بلا کو یہہ شاید کہ میر ہے
اس عاشقی مین عزت سادات بھی گئی
لوگون کے پوچھنے کا کوئی کیا جواب دے
کہ اب جو دیکھون اوسے مین بہت نہ پیار آئے
اس دور مین کلال عجب مرد ہو گیا
جھانکنا تاکنا کبھو نہ گیا
کچھہ خدا لگتی بھی کہتا جو مسلمان ہوتا
فصل گل جب تلک تھی مست رہا

ہر چند میر بستی کے لوگون سے ہے نفور	پر ہائے آدمی ہے وہ خانہ خراب کیا
صبر تہا ایک مونس ہجران	سو وہ مدت سے اب نہین آتا
ایسے بت بے مہر سے ملتا ہی کوئی بھی	دل میر کو ہماری تہا جو تجہ سے لگایا
کہتے ہین آگے تہا بتون مین رحم	ہے خدا جانئے یہہ کب کی بات
نظر میر نے کیسی حسرت سے کی	بہت روئے ہم اوسکی رخصت کے بعد
مرتے ہین سب یہ میر نہ اس بیکسی کے ساتھہ	ماتم مین تیرے کوئی نہ رویا پکار کر
شکوۂ آبلہ ابھی سے میر	ہے پیارے ہنوز دلی دور
اسوقت ہے دعا و اجابت کا وقت میر	اک نعرہ تو بھی پیشکش صبحگاہ کر
وہ لوگ تمنے ایک ہی شوخی مین کھو دئے	پیدا کئے تہے چرخ نے جو خاک چہانکر
نہین دیر اگر میر کعبہ تو ہے	ہمارے کوئی کیا خدا ہی نہین
میر صاحب کو دیکھئے جو بنے	اب بہت گہر سے کم نکلتے ہین
ہنوز طفل ہے وہ ظلم پیشہ کیا جانے	لگا دے تیغ سلیقہ سے جو لگائی ہو
میر کو کیون نہ مغتنم جانے	اگلے لوگون مین اک رہا ہے یہہ
ہم ہوئے تم ہوئے کہ میر ہوئے	اوسکی زلفون کے سب اسیر ہوئے
بہت سعی کیجے تو مر رہیئے میر	بس اپنا تو اتنا ہی مقدور ہے
اب خدا مغفرت کرے اوسکو	صبر مرحوم تہا عجب کوئی
سرہانے میر کے آہستہ بولو	ابھی تو روتے روتے سو گیا ہے

میکش ارشاد احمد دہلوی در پارسی زبان محوی تخلص میکند از سال چند در ینجا وارد ست با نامہ نگار تعارف درمیانست مذاق صحیح دارد و سخن خوش میگزارد از دوست و نکوست ٥

ربط نہان غیر کا پردہ ہے ورنہ آپ	دشمن کے ساتھ صرفہ کرین رسم و راہ مین

آتا ہے رحم اوسکی نزاکت پہ ورنہ مین | جادو وادسی نگاہ کا رکھتا ہون آہ مین
ستاتے ہین فلک کو شورہ ہے | کسی بے رحم کے چین جبین سے
بچے دل کم نگاہی سے یہ معلوم | وہ رہزن اور پھر ایسی کمین سے
سرشک گرم کی حدت کو پوچھو | مرے دامن سے اپنی آستین سے
رہے پہلومین وہ یا اوسکا خنجر | غرض دل ٹھہرتا ہے دلنشین سے
ہیچ سہی فتنے سب قیامت کے | لیکن آگے تمہارے قامت کے

النون

ناسخ شیخ امام بخش از مشاہیر اساتذۂ لکھنو ست از اصناف سخن جز بر غزل و رباعی قدرتی نداشت بشیوۂ خود در سخن ممتاز است بلکہ کم انباز این قدر ہست کہ مضامین بیگانہ پارسی گویان بیشتر بستہ است کما لا یخفی علی ارباب البصیرت گویند روزے چند از محمد عیسیٰ المتخلص بہ تنہا اصلاح گرفتہ سپس انحراف ورزیدہ وفات او در سنہ ۱۲۵۴ صورت بستہ دو دیوان دارد این اشعار از وست و بس نکوست ہ

محشر مین ہمکو نامۂ اعمال دیکھکر | قاصد خیال آئیگا خط کے جواب کا
اے اجل ایکدن آخر تجھے آنا ہے ولے | آج آتی شب فرقت مین تو احسان ہوتا
ذبح کر ڈالونگا گر ابکے تو بولا شب وصل | مین نے سو بار تجھے مرغ سحر چھوڑ دیا
تھی شہادت سے غرض سو اس ادا مین ہوگئی | گو نہ قاتل سے نزاکت کے سبب خنجر اوٹھا
لے چلی موت مجھے سوئے حسینان بہشت | ایک دم پاس جو وہ حور شمائل نہوا
کس چین سے ہم اوسکے تصور مین محو تھے | کنج لحد مین شور قیامت مخل ہوا
مرگیا کیا ناسخ میکش جو سارے میفروش | مسجد و نمین بیٹھے اپنی اپنی دوکان چھوڑ کر

بس یہی تدبیر اب اونکے بہکا دینے کی ہے
جی مین ہی ہو جاؤن عاشق چند روز عیار کے

جو مجہکو یار نے مارا تو غیر کو کر و قتل
عزیزو اسکے سوا اور انتقام نہین

دہوکا نہ کہا ظروف وضو کو تو دیکہکر
مسجد ہے مے فروش کی تا سنج دکان نہین

مے پرستو آؤ کرلین محتسب کو سنگسار
بیچ رہے ہین سنگ کچہہ میخانے کی تعمیر سے

تنگ آکر جب کہا مینے کہ مرجاؤن کہین
بدگمان سمجہا کہ اسکو اشتیاق حور ہے

ناظم نواب یوسف علی خان بہادر والی رامپور خلف نواب محمد سعید خان بہادر اوصاف او استغنی از بیانست درین فن دستگاہ بلند داشتہ و مرزا غالب بتہذیب گفتار او پرداخت این اشعار از دیوان وے برداشتہ آمد بلند فکری او پیداست و نغز سنجی او ہویدا ؎

بڑہتا گیا جو رشک تو اخلاص کم ہوا
چہینا عدو نے دوست کو یہہ کیا ستم ہوا

ہونے دیا نہ شاد یہہ دن پہر کہان مجہے
ہے ہے تمہین رقیب کے مرنے کا غم ہوا

حکم اخیر کی تہی توقع بروز حشر
باقی رہا نہ دن ہی جب اظہار ہو چکا

بیداد سے تو یہ او نہین کرتی ہی بن آئے
جب بعد مرے کوئی نہ مجہسا نظر آیا

جی مین ڈرتے تو قتل کیون کرتے
طنز سے کہتے ہین کہ کیا ہوگا

سنتے ہین مٹ گیا ہے کوئی نقش
وہ ہمارا ہی مدعا ہوگا

ہے طلب کی یہی روش ورنہ
ایک بوسہ مین کیا بہلا ہوگا

آپ دن رات پڑا اپنے سر و پا پہرتا ہے
تو ستم پیشہ نہوتا تو فلک کیا کرتا

تو نہ آیا پر اجل وقت سے پہلے آتی
آدمی اوسکی اگر اتنی تمنا کرتا

دل کے لینے مین یہہ قدرت او سی اللہ دی
جسکو مٹی کے کہلونے پہ مچلتے دیکہا

ہے یہہ ساقی کی کرامت کہ نہین جام کے پاؤن
اور پہر بزم مین سب اوسے چلتے دیکہا

واعظ و شیخ سبہی خوب ہین کیا بتلاؤن
مین نے میخانے سے کس کو نکلتے دیکہا

بچے نہ سیم و زر اوسے نہ دین و دل چھوٹے
مجھی کو تم کہ یہ مسلط کرے تو دیکھو سیر
اوس در پر آنے جانیکی صورت بنی رہے
ہوتا جو دلپذیر تو جاتا نہ دل سے دور
کیا تم نہ جانتے تھے کہ بے خانمان ہوئین
بار خاطر تمین نہین اور اگر بزم مین مین
کرکے خون ایک کا جا بیٹھے ہین گھر مین اور پھر
یہہ تو نکلا وہ نہ نکلا دل سے
اور کھانے کو دہرا ہے پان کیا
ڈھونڈون تو کس پتے سے اوسے پاؤن اٹھیلا
آبرو کیا پیرہن جب بے گریبان رہ گیا
سینہ چیر و دشنہ سے یہہ خوب گنجایش ملی
فقیر بنکے گیا وان تو کیا سوال کرون
خریداری ہی شہد و شیر و قصر و حور و غلمانکی
نہ کبھی کوئی خط آیا نہ پیام یار آیا
ترے گھر وہ آئے ناظم تو یہ اضطراب کیا ہے
نخوت ہوئی زیادہ بنانے سے زلف کے
قتل ہونے سے مرے خوش نظر آتا ہی رقیب
نامہ لیکے برا ہم اوسے کہتے ہر بار
آدمی کے ساتھ سو آزار ہین یہہ کیا کہ بس
بنکی ہے کوچہ جانا نمین اک دار الشفا

کچھ اور خاک نہین جانتے مگر لینا
ستم کا چاہیے خدا انتقام اگر لینا
دربان ہوا تو شحنۂ شہر آشنا ہوا
وہ نالہ کام کا نرہا جو رسا ہوا
پھرتا ہے نامہ بر مرا گھر پوچھتا ہوا
حال دل عرض کرون کہتے ہین تنہا کہنا
پوچھتے ہین کہ مرے در پہ ہے غوغا کیسا
تیر تیرا ہے تو پیکان میرا
میرا غم کھائے گا مہمان میرا
عاشق ہون حسن سادہ بخط و خال کا
بارے آنسو تھم گئے میرے کہ دامان رنگیا
کھینچنے پر تیر کے دلمین جو پیکان رہگیا
مگر کہون کہ بھلا کر ترا بھلا ہوگا
غم دین بھی اگر سمجھو تو اک دھندا ہی دنیا کا
مگر اک جواب اولٹا کہ ہزار بار آیا
کوئی بادشاہ آیا کوئی شہریار آیا
شانہ بھی آئینہ کا مددگار ہوگیا
وہ بھی خوش ہوتے اگر اونکا اشارا ہوتا
غیر اچھا تھا کہ ہمنام تمہارا ہوتا
آہ کی اور راز الفت آشکارا ہوگیا
ابتو وان رہنے کا کیا اچھا سہارا ہوگیا

بے پردہ آکے کل مجھے صورت دکھا گیا
اک پردہ تھا نہ آئینہ کا وہ بھی اوٹھا گیا

ہوتے ہی درد دل کا بیان اوٹھ کھڑے ہوئے
یعنی یہہ ایسے ہین کہ نہ انسے سنا گیا

ہے ترقی عشق کو بھی حسن روزافزون کے ساتھہ
آگے بڑھ کر میرا تیرا امتحان ہو جائیگا

مجھہ مین کیا ہے مگر اک دم کہین اٹکا ہوگا
وہ عبادت کو بھی آجائینگے تو کیا ہوگا

چارہ گر خستۂ غم کو نہین جینے کی خوشی
ہان تری ناموری ہی اگر اچھا ہوگا

جب کہا اونسے کہ کچھ مجھے کہنا تو کہا
سن لیا ہمنے کوئی شکوہ بیجا ہوگا

کس سے کہون کیا ہے مری وقت نزع
اوسکا یہہ کہنا کہ یہہ کیا ہو گیا

معتقد ہون کعبہ کا ناظم مگر جاکر وہان
عبرت آتی ہے کہ کیا بتخانہ ویران ہو گیا

ستم مین شہرہ جو وہ آفت زمانہ ہوا
فلک کو عذر ستم کے لیے بہانہ ہوا

تری محفل مین خوش بیٹھا تھا کیا معلوم تھا مجھکو
کہ مجھہ تک آکے پیمانہ الٹا چلیگا دور ساغر کا

یہہ غصہ ہے کہ دل مضطرب نشانہ تھا
ہوا جو تیر خطا مین گناہگار ہوا

جب شکوہ میرا غلط نہ سنا سرگران ہوا
قدرت خدا کی مین نہوا پاسبان ہوا

صیاد خوبرو کو نہین احتیاج دام
جسپر پڑی نگاہ وہ تسخیر ہو گیا

عشق اور مدعا طلبی واہ رے سمجھہ
دھبا ہوس کا داغ تمنا ٹھہر گیا

کرتے ہین ایک عذر نیا ہر ستم کے بعد
گر یون ہی ہی تو قاعدہ اچھا ٹھہر گیا

مجھکو تقصیر کا دھبا نہ لگایا ہوتا
تم خفا ہوتے اگر تمکو خفا ہونا تھا

انداز نیا ہے دل لگی کا
ہنسنے مین پتا نہین ہنسی کا

بات ایسی کون سی ہے کہ جسکو بڑھائیے
اک مختصر سوال ہے یا بوسہ یا جواب

کھلنڈرے ہین پر ایسے کہ راہ مین ہر روز
بگاڑ دیتے ہین دو تین چار کی صورت

مرنے سے اپنے خوش ہین کہ انجان بنکے وہ
ہر اک سے پوچھتے ہین مجھے بار بار آج

عشق اک رنج ہی مگر اوسمین ہوئے ہین جمع
غمہائے جانگداز و مرضہائے لاعلاج

وہی تم ہو وہی خنجر ہے پر انصاف کرو
راز میرا ہے او نہین غیر سے کہنا منظور
شیخ نے حجرہ کا دروازہ رکہا ہے نیچا
کیون آکے کہو در پہ کہ وہ گہر مین نہین
مین نے کہا کہ دعوی الفت مگر غلط
کہتے ہین کہ وہ بہی یہی کہتے ہین کرون کیا
مرنے کی جگہہ ہے کہ وہ سنکر مری تقریر
ہم تمکو برا کہتے ہین یا خو کو تمہاری
اب لکہین گے شکوہ بیداد ہم دل کہولکر
فسانہ ستم ہجر ہے سوال نہین
وفا شعاری ناظم یقین نہین نہ سہی
یہی سمجہو کہ نکالے ہوئے ہونگے ورنہ
میری وفا کی داد نہ جرم عدو سے بحث
سبکے اس عمر مین ہوجاتے ہین ایسے ہی حواس
ہمت مرغ سحر خوانکا ہون قائل کہ اوسے
گل کا نام اک نگل گیا تو کیا
ملجاتے ہین تو کہتے ہین اچہی طرح تو ہو
خوش ہو رہے تہے ہم کہ بنایا ہے ہمنے یار
چاہتے ہین کہ سنین مرحبا نا
رخصت عرض حال کیا مانگون
کہتے ہو جائینگے پہر کیون نہین جاتے جاؤ

نالہ تہہ پر رہا تہہ دہر بیٹہے ہو کیا میرے بعد
اور مین خوش ہون کہ سن لیتے ہین تنہا ہوکر
یعنی یان آئیگا بیساختہ نہسان جہک کر
کیا ہم نہین پہچانتے سرکار کی آواز
کہنے لگے کہ ہان غلط اور کسقدر غلط
کہتے ہو کہ دیجوئی اعدا نکرو تم
بولے بہی تو یہہ بولے کہ غوغا نکرو تم
لوغو کے بہی اچہے سہی جہگڑا نکرو تم
نام اونکا آسمان ٹہرالیا تحریر مین
ند و جواب سنے جاؤ کچہہ ملال نہین
یہہ کون شخص ہے اسکا بہی کچہہ خیال نہین
کیون پہر اوس بزم سے ہم خانہ خراب آتے ہین
کیا خوبیان ہین میرے تغافل شعار مین
تجہہ سے کچہہ شکوہ ہمین اے فلک پیر نہین
نالے سے زمزمہ مقصود ہے تاثیر نہین
تم ہی اچہے ہو رنگ مین بو مین
گویا ہمارے جی مین کچہہ ارمان ہی نہین
دیکہا تو اونکے در پہ وہ دربان ہی نہین
پوچہتے رہتے ہین اکثر مجہکو
کہہ نہ بیٹہین کہین کہ رخصت ہو
میرے جینے کی مجہے راہ بتاتے جاؤ

واجب القتل نہین زیست سے بیزار تو ہون
مین تو سائل ہون خریدار نہین کیون اولجہون
مجھے اوٹھاتے ہو کہکر کہ ہے یہہ خلوتِ خاص
غلط سہی اثرِ آہ و نالہ پر ناظم
اک مزہ البتہ ملتا ہے سو وہ بھی مشترک
اور کیا نالہ و فریاد سے حاصل مجھکو
تکلف کیا ہی گر صورت مین مہر و مہ سے بہتر ہو
ڈرنے لگا ہے اب مہ و خورشید بہی دل کہ یہہ
اب کچھہ نہین تو باندہتے ہین خنجر و شمشیر
کہتے ہو کہ ہم غیر کو آنے نہین دیتے
وفا کی ہم نے اور تم نے جفا کی
نگاہِ شوق نے کیا کچھہ نہ دیکھا
کرون آج اوسکو ناز و غمزہ مین تیز
نکالا ہم نے کچھہ فاضل اونہین پر
قصۂ کوہکن و قیس کو تہ کر رکھیئے
جانتے ہم بھی کہ ہی خلد مین راحت کیسی
جو چھینتے ہی ہو دلکو تو مول کیون پوچھو
بیان سوز غم عشق سنکے کہتے ہین
ضد سے وہ بزم مے مین نہین دیتے جا مجھے
مرنا تو ہر طرح ہے مسلم پر اوسکی تیغ
مین نے جو کی حسد کی مذمت تو آپنے
لو اب آئے ہو تو جھگڑا ہی مٹاتے جاؤ
قیمتِ بوسۂ لب روز بڑہاتے جاؤ
وہ کون لوگ چلے جاتے ہین اودہر دیکھو
رہے نہ دل مین ہوس آؤ یہہ بہی کر دیکھو
بوسہ کیا شے ہے کہ جسکے دینے مین تکرار ہو
پھیر دیجے کہین گھبرا کے مرا دل مجھکو
طریقِ ظلم مین بھی دو قدم گردون سے بڑہکر ہو
پھرتے ہین راتدن فلکِ فتنہ زا کے ساتھہ
کیا جانئے کیا باندہتے ہوتی جو کمر کچھہ
سچ ہو یہی پر مینے سنا اور ہی کچھہ ہے
تم اچھے ہم بُرے قدرت خدا کی
گرہ جب کھل گئی بندِ قبا کی
کوئی کٹتی کہون تیغِ ادا کی
وفا سے کم رہی گنتی جفا کی
اپنی ہتی کہے یہہ خاک نشین تھوڑی سی
ملتی اوسمین سے اگر ہمکو بہین تھوڑی سی
خریدنے مین نہین اسطرح مچل جاتے
یہہ بات ہوتی اگر سچ تو تم نہ جل جاتے
مین جانتا ہون جانتے ہین پارسا مجھے
ملتی اگر گلے سے تو ملتا مزا مجھے
پیرائے مین ہنسی کے کہا مرحبا مجھے

ثبوت جرم کی تا اوسکو احتیاج نہو
عدو کو دیکھون تو دیکھون نہین خدا نکرے
جنت مین شہد و شیر و گل و میوہ ہو تو ہو
کہلے کیا دل در و دیوار کے آثار باقی ہین
اوس بت کا کوچہ مسجد جامع نہین ہی شیخ
ڈرتے ہین محتسب سے بہلا آئے تو سہی
ناظم کبھی نہ کوچے مین تیرے قدم رکھے
بوسۂ لب تو دیا کیا کہنا
نامہ بر ہوکے ذلیل آتا ہے
کہا مینے کہ بیدل ہون کہا یہہ قول باطل ہے
کہے یہہ کون کہ تم کیون وفا نہین کرتے
مین خفا ہوکے جو محفل سے چلا آیا تہا
اک جہان کشتۂ انداز خود آرائی ہے
گذرے گی شغل حیلہ تراشی مین شب مجھے
عذر ستم فریب و تمنائے صلح جھوٹ
انبار ہین غمون کے مرے دلمین ہر طرف
نتہی تم سے توقع یون عدو کے دم مین آئینگی
جئے گا کون کل تک جو تم اوسکے پاس آوگے
ہوا گر نامہ بر حیران قتل ہم کیون غم کرین ناظم
اس سے کیا بحث کہ ہوگی شب وقت کیسی
نہ گذرد و ستا تک اپنا نہ بغیر اوسکے قرار

لئے تو نشہ مین بوسے مگر جتا کے لئے
کہ مدعی سے ملون اپنے مدعا کے لئے
ناظم خوشی تو یہہ ہے کہ وان مے حلال ہے
ہوا ہر چند گہر ویران صحرا پھر بھی صحرا ہے
اوٹھیے اور اپنا یہان سے مصلا اوٹھائیے
اچھی کہی کہ ساغر و مینا اوٹھائیے
بیچارہ کیا کرے کہ یہی رہگذار ہے
کہیے کچھ بڑہ کے بھی ہمت ہوگی
خیر آگے کو نصیحت ہوگی
زبان ہی جسکے منہہ مین اور جسکے سینہ مین دل ہے
وہ کیا کہینگے مگر یہہ کہ جا نہین کرتے
آج کہتے ہین کہ کل زہر نہ کہایا تونے
آپ جو چاہین کرین آپکی بن آئی ہے
جانا ہے بزم یار مین کل بے طلب مجھے
صحبت بگڑ گئی تو بناتے ہین اب مجھے
اک گوشہ مین پڑا ہے غم روزگار بھی
کہان جاتی رہے وہ خو محبت آزمانے کی
قسم سچی سہی پر پھر بھی کیا حاجت ہی کہانیکی
چلو ہاتہہ آئی اک تقریب اوس کوچہ مین جانیکی
موت اوسمین نہین آتی یہہ مصیبت کیسی
کس پر آئی ہے اور آئی ہے طبیعت کیسی

غصہ آئینہ دکھانے سے ہو دونا کیا خوب
یہہ نہ دیکھا کہ بگڑ جاتی ہے صورت کیسی

آئے ہین جنازہ پہ باندازِ تجاہل
سچے نہین اور وعدہ بھی جھوٹا نہین کرتے

دل لیکے ندین قیمتِ دل ایسے وہ کیا ہین
چکے ہین ابھی ہم بھی تقاضا نہین کرتے

حشر کو کھینچون ترا دامن بھلا دیکھون کہ تو
وان بھی جھنجلا کرکہے یوسف علیخان چھوڑ دے

قاتل آیا نہین کہتے ہین کہ آرام مین ہے
ملک الموت ہی آجائے وہ کس کام مین ہے

جو کہیے درد دل سنیے تو کہتے ہین کہ ہان کہیے
اوسیکو درد دل کہتے ہین جو گفتار مین آوے

یان صبح و شام دھیان مرا نامہ بر مین ہے
وان وہ اور اوسکا بستر اوسی ہگذر مین ہے

دیے ہین دو تمنے ہمکو بوسے ہم ایک جان اب فدا کرینگے
ملینگے جب حشر مین دوبارا تو قرض باقی ادا کرینگے

نثار محمد امان دہلوی فرزند سعادت اللہ معمار از شاگردان شاہ حاتم دیوانے
گزاشتہ ؎

پوچھا جو اوس نے خوش ہو کہا مینے شکر ہے
بولا کہ ہے یہہ شکر شکایت بھرا ہوا

خوبی مین ترے حسن کی کچھہ حرف تو کب ہے
لیکن یہہ ذرا خط ہے سو اصلاح طلب ہے

نساخ ابو محمد عبد الغفور خالدی امروز در کلکتہ است و باعزاز تمام بسر می برد تذکرہ اش دیدہ ام اشعار بسیارے از سخنوران دران گرد آوردہ سخن شعرا نام دارد سلیقہ انتخابش ازان پیداست ازوست ؎

میرے مرنیکا یہہ غم ہے کہ مجاور بنکر
گور پر بیٹھہ رہی مہر و وفا میرے بعد

آتے ہی اونکی جان لبون سے جو پھر گئی
کہنے لگے مرو بھی کہین جان بلب ہو تم

تم سے ہوا نہ دردِ دلِ زار کا علاج
پھر کون سے مرض کی بتاؤ دوا ہو تم

تم سے ڈرتا ہون کہین تو کی نہ نوبت آئے
آپ سے آپ لگے کہنے جواب تم مجھکو

بیبا کیون سے آتی ہے صاحب حیا مجھے
تم بھی خدا کی شان کہو بے وفا مجھے

مشکل آسان جو ہوئی دیکھکے اونکو دم نزع
بولے وہ آئی نہ آتی تو نہ مرتا کوئی

نسیم اصغر علی خان دہلوی ابن نواب آغا علی خان از تلامذۂ مومن خان و مشاہیر سخنوران است در لکھنؤ اقامت داشت دیوانے دارد در ۱۲۸۲ھ درگذشت

از وست ؎

اونہین ہٹ تہی مجھے خواہش رہا جھگڑا نہین ہان کا
وہان دامن نہین یان صاف تہا مطلع گریبان کا

حیا بڑہنے نہین دیتی ارادہ نوجوانی کا
اشارہ ہو کے رہجاتا ہے ہمپر مہربانی کا

کبھی آغوش مین رہتا کبھی رخسار و نبر
کاش اے آفتِ جان مین ترا آنسو ہوتا

صلح کے بعد جو سوچا تو یہہ بولا کافر
ہائے منہہ دیکھے گا اگر وہ مسلمان میرا

کہے دیتی ہین یہہ نیچی نگاہین
کہ بالائے زمین کیا کیا نہوگا

بیکسی اپنی وہ رونا تیرا
مجھکو ہنگام سفر یاد آیا

گلے مین بخت کے اونکا بہی کچہہ قصہ نکل آیا
ہوئی تہی صلح کس مشکل سے پہر جھگڑا نکل آیا

نام میرا سنتے ہی شرما گئے
تم نے تو خود آپ کو رسوا کیا

منت بہی کی مگر نہ کسی نے مری سنی
مانند قول یار مین بے اعتبار تہا

آنکھون مین ہے لحاظ تبسم فزا ہین لب
شکر خدا کہ آج تو کچہہ راہ پر ہین آپ

ہاتہہ مین خنجر کمر مین تیغ تیز
یہہ ارادے ایک مشتِ خاک پر

کس کس مصیبتوں سے ہوئی ہے نصیب مرگ
کیا کیا اوٹہائے ہین شب غم مین قضا کے ناز

دبتے ہو بوسہ تو کہین لاؤ بہی
نسیم کسی طرح سے شرماؤ بہی

نصیر شاہ نصیر الدین دہلوی عرف میان کلو فرزند شاہ غریب اللہ سجادہ نشین شاہ صدر جہان رح تلمیذ میر محمدی مائل از مشاہیر سخنوران است پانزدہم و بست ونہم بزم مشاعرہ می آراست و در زمین ہاے سنگلاخ طرح میکرد در آخر عمر بہ حیدرآباد رفت و آنجا درگذشت دیوانے گذاشتہ ؎

پشت لب پر ہی ترے یہہ خط ریحان ایسا
منہہ تو دیکھو لکھے یاقوت رقم خان ایسا

سب سے ملاؤ ابرو ہم سے نفاق رکھو
اس دوستی کو اپنی بالائے طاق رکھو

دیکھہ لیتی جو اوٹھا کر ترے کیا ٹوٹتے ہاتھہ
لیلی ایسا تو نہتا پردۂ محمل بھاری

دل کا کیا مول بھلا زلف چلیپا ٹھیرے
کچھہ تری گانٹھہ گرہ مین ہو تو سودا ٹھیرے

دل یہہ کہتا ہے کہ ست یاد بتان دلواؤ
چھیڑنے کا مرے پھر آپ مزا دیکھین گے

نطق مقصود احمد کاکوروی برحال او آگہی دست ندا داین بیت چند از وست در دیوان دارد ؎

زیر زمین بھی جور فلک سے نہین نجات
مرنے کے بعد قبر مین چوری کفن گیا

قتل منظور ہے تو بسم اللہ
ڈہونڈنا کیا کسی روایت کا

بخت مین دونو کے یون تو خیر جلنا ہی مگر
شمع تو مجھسے پھر اچھی ہے کہ اوس محفل مین ہے

ہر نگاہ ناز ہے اوس حور وش کی دلنشین
جو نکلے آنکھہ سے وہ بھی ہمارے دل مین ہے

نظام نظام شاہ رامپوری جز انیقدر از اطلاع بہم نرسید ؎

انداز اپنا آئینہ مین دیکھتے ہین وہ
اور یہہ بھی دیکھتے ہین کوئی دیکھتا نہو

نواب پدر عالی گہرم امیر الملک والاجاہ نواب سید محمد صدیق حسن خان بہادر ترجمہ حافلہ ایشان از اسفار علوم مثل اتحاف النبلا وغیرہ توان دریافت داگر از فیما نحن فیہ آرزو داری تذکرۂ شمع انجمن پیش چشم باید گذاشت این قدر ناگزیرست کہ شاعری دون مرتبہ ایشان ست ہر نوائے کہ باصول سخنوری بر داشتہ اند یکدر تازی و پارسی ست ہر چند کہ سخنوران بسیار بودہ باشند اما سخن فہمی باین منزلت شاید کہ چشم روزگار ہم ندیدہ باشد در زبان ریختہ ہیچ از ایشان مرقوم نیست یک دو شعر از افکار عالم شباب کہ از مدتہائے دراز تحویل حافظہ خاکسارست بغرض استعارہ زیب و زینت درج این صحیفہ و نذر ارباب ذوق کردہ میشود ؎

باتون باتون مین کہا اوس نے بات ایسی چھیڑ دی
کہتے کہتے دل سے حرف مدعا جاتا رہا

غیر پوچھے ہے تو کہتے ہین مجھے
آپ بھی بندہ کے عشاق مین ہین

حضرت ناصح دل اوس بیدرد کو دون یا نہ دون
آپ تو کہئیے کہ اسمین آپکی کیا رائے ہے

سنکے دیوانہ مجھے قتل کیا اور بولے
ایسی رسوائی کے جینے سے یہہ مرنا اچھا

عبث رقیب کی تعریف مجہہ سے کرتے ہو
یہی نہ کہدو کہ اوٹھہ جاؤ میری محفل سے

جانتا ہے اونہین اے شکوہ بیرحمی یار
تا بلب آکے خبردار دعا ہو جانا

نواب تخلص نواب کلب علی خان بہادر والی رامپور ترجمہ ایشان در نگارستان سخن بہ بسط مذکور است و نیز بجہت شہرت تام حاجت بیان ندارد درین فن دستگاہے بلند و مہارتے ارجمند نصیب ایشان است استفادہ از منشی امیر احمد امیر دارند چہار دیوان از افکار ایشان ترتیب یافتہ بطبع رسیدہ مطبوع گردیدہ بیتے چند از انہا پیش نظر سخنوران است ستایش آنہا نتوان کرد ہر چہ در شعر باید و شاید موجود است و بر ارباب نظر واضح و لائح ؎

مرے ہی سامنے اغیار کی ہنس ہنسکے باتین ہون
مجھی سے ہو پہر اولٹا شکوہ میری بدگمانی کا

قابل دید ہی دن حشر کا پر اے نواب
سیر ہو جائیگی دونی جو کہین تو آیا

فرشتے عرش کے بے اختیار رو دینگے
تڑپ کے ہمنے اگر سوئے آسمان دیکھا

کیا یہان سے وہان سوا ہوگا
حشر مین بھی یہی خدا ہوگا

بچا ہوا تہا جو کچہہ تیری چال سے فتنہ
بدل کے رنگ وہی گردش زمانہ ہوا

وصال کا ہو جو وعدہ تو موت سے بھی کہون
کہ آج شب کو تجھے مین نہین بلانیکا

بے نشانی تجھے مبارک ہو
وہ پتہ پوچھتے ہین تربت کا

پہلے منہہ دیکھو آرسی مین تم
پھر سبب مجھسے پوچھو حیرت کا

دل پژمردہ کو بھی رو لین گے
وقت ہوگا جو کوئی فرصت کا

ایسے حسرت کی نگاہونسے بلایا مین نے — کہ مرے قتل کو ڈرتا ہوا جلاد آیا

وصل کا وعدہ نکرنا وقت آخر ناز سے — ورنہ جینے کے لیے اک آسرا ہوجائیگا

گالیان روز تمھین پر ہمنے سنا ہی نواب — اور کچھہ شکوہ ہوا آپکا اعزاز نیا

بعد اک مدت کے اونسے ہائے یہہ بھیجا جواب — ہم نہ سمجھے کوئی مطلب آپکی تحریر کا

حضرت نواب زاہد پر ترحم واہ واہ — حکم ہو اسکے لیے تو حشر تک تشہیر کا

چرخ سے آتی ہی اوسوقت بلا جب سب سے — پوچھہ لیتی ہے بہت آپکے شیدائی کا

کل جو مقتل مین ادا سے وہ ستمگر آیا — مین بھی تھامے ہوئے اپنا دل مضطر آیا

کس نے نواب پکارا تجھے جو تو گھر سے — ہاتھہ باندہے ہوئے رومال سے باہر آیا

تم پرین ہو تو گھر مین پھٹکنے ندون کبھی — آفت تو کیا ہے آئے اگر آسمان آپ

کہتی ہے جسکو فتنہ محشر تمام خلق — ڈرتا ہون وہ بھی کوئی تمھاری ادا نہو

انتظار نامہ بر مین ایک مدت ہوگئی — روز پھراتا ہو نمین دو چار منزل دیکھکر

وہ چیز نہین دل کہ مین دونا تو نمین دیدون — مانگو تو ذرا ناز سے پہلو مین مچل کر

دل روز نیا مانگو نہین کچھہ یہہ بڑی بات — دونگا مین اسی دلکو تمھین پھیر بدلکر

لیا ہے چشم تر نے خون عالم اپنی گردن پر — ذرا تم بھی تو رو دو حسرتونسے میرے شیون پر

سینہ مین رکھہ لین ذرا دلکی تسلی کے لیے — کہانہ جائینگے ترے نشتر کو ای فصاد ہم

قاصد کو بھیجتا ہون تو شوخی کی راہ سے — میرا ہی نامہ بھیجتے ہین وہ جواب مین

پوچھو تو کوئی بات مرے ڈھب کی مجھسے تم — دیکھو تو پھر مین کہتا ہون کیا کیا جواب مین

عجب حسرت سے دیکھا ہی سوے جانان دم آخر — رہیگی یاد اوسکو بھی نگاہ واپسین سون

ترے کوچہ مین ہی مدت سے ہمین نزع کا عالم — گھڑی ساعت کا نقشہ ہمنے دیکھا ہی نہین سون

خواہش کرون وفا کی جفا کا گلا کرون — تم میرے بسمین ہو تو خدا جانے کیا کرون

سو ظلم ہمپر ابتو ہین پر کچھہ بھی یاد ہے — کہنا وہ بے بسی مین کہ اللہ کیا کرون

ہوتی ہے رات وصل کی جس گھر مین اسکیلا
اتنی دعائین مانگین عدو نے کہ چھن گیا
خوا ہین بہی جو طلب کرتے ہین تو شوخی سے
عاشقونکو نہ ستا بہر خدا اے ظالم
بناؤ شب کے تو سب لوگ دیکھتے ہین مگر
خدا جو پوچھتا ہی حال حشر مین تو ہم
یار آتا ہے تصدق کے لئے ای واعظ
غیر کے وصل کا اوس دن مجھے آئیگا یقین
افسوس اپنے جی سے بُھلائے اوسیکو تو
شہرت تمہارے جور وستم کی ہو کسطرح
واعظ بیان کرتا ہے حورونکی گر میان
ہر بات مین نکلتے ہین پہلو نئے نئے
ہو قصر خلد بہی تو نہین قابلِ پسند
چھپاؤ شوق سے تم رازِ الفت کچھہ نہین پروا
مجھے دیکھتے ہو عبث چارہ سازو
کیا جانے نامہ بر نے مرے مجھسے کیا کہا
لے بھاگین دشتین نہ کہین میری لاش کو
پڑ گیا رعشہ دستِ قاتل مین
ہوئے ہیچین ایسے سرِ قد پر کہ بول اوٹھے
ذرا سی بات پر مر جاتے مین دم بہر مین حسرت سے
نہین ہم قابلِ الفت تو شاید

اوس سرزمین پر کوئی کیا آسمان نہین
تھوڑا سا تھا اثر جو مری دلکی آہ مین
مجھہ سے پہلے وہ رقیبونکو بُلا لیتے ہین
ان فقیرونکی تو سب لوگ دعا لیتے ہین
ہم اونکی بگڑی ادائین سحر کو دیکھتے ہین
نگاہِ یاس سے اوس فتنہ گر کو دیکھتے ہین
دے ذرا بہر خدا اپنا بہی ایمان مجھکو
پیار کر لوگے کسی دن جو مری جان مجھکو
جس دلکو تیری یاد مین اپنی خبر نہ ہو
تشہیر مری لاش اگر دربدر نہو
ایسے مین سیر ہو جو وہ گرمِ خرام ہو
سوچو تو کسطرح کوئی پہر بدگمان نہو
جس گھر مین دردِ دلسے کوئی نوحہ خوان نہو
خیر کر دینگے دو نالے سے ساری خدائیکو
ذرا میری آنکھونسے قاتل کو دیکھو
پہلو مین دل اوچھلنے لگا کیون خبر کے ساتھ
پہناؤ بیڑیان بھی عزیزو کفن کے ساتھہ
اضطرابِ دل و جگر کو دیکھہ
ذرا پوچھو تو یہہ کس کشتۂ حسرت کی تربت ہے
سمجھہ رکھو اسے تم عاشقونکی یہہ بھی عادت ہے
ملایک آئینگے عرشِ برین سے

گئے وہ غیر کے گھر ہمنشینو
قیامت کو بلالاؤ کہین سے

غضب حسرت بھری ہے اسمین ظالم
ذرا بچنا نگاہ واپسین سے

ہم ہی کو قتل کرنا تھا اگر
پھر اولٹا اوسکا شکوہ بھی ہمین سے

اتنے دن بھی گذر ہی جائینگے
کاش ہو وعدہ روز محشر کا

تم اے خضر لو راستہ اپنے گھر کا
خدا جانے ہے دھیان مجھکو کدھر کا

یہہ آیا کون کہ آتے ہی جسکے محشر مین
ہر اک طرف سے اوٹھا شور دادخواہی کا

قتل کے بعد رحم آتا ہے
یہہ پتہ ہے ہمارے قاتل کا

طلب ہے لطف سے تو ٹالنا تغافل سے
ادا سے لیتے ہین سب کام وہ اشارونکا

ہاتھ رکھ لیتے ہین آنکھون پر وہ کس انداز سے
تذکرہ کرتا ہے جب کوئی کسی بیمار کا

ادا سے بگڑنا لگاوٹ سے ملنا
یہہ انداز بھی ہے نرالا کسی کا

ہوا ہے مدتون مین وہ ستمگر مہربان اپنا
بنائے اور عالم مین مکان اب آسمان اپنا

کھو رقیب کی فریاد سے کہ دم بھر کو
ہماری آہ کو دیدے ذرا اثر اپنا

ہائے بیجرمی قاتل کی شہادت کے لئے
نام خود ہمنے لکھا ہے سر محضر اپنا

ہوا ہے عزم الہی سوے عدم میرا
بتا تو کون سے دلمین رہیگا غم میرا

عدو کا خط سمجھکر نامہ قاصد سے لیا لیکن
بہت بگڑے لفافہ سے جو خط میرا نکل آیا

سمجھونگا مین اے چارہ گر گر مرے دل سے
ارمان کوئی ہمرہ پیکان نکل آیا

کہے کام جاکون اے اجل تیری ادا پر
جو مرتے دم بھی مجھکو غمزۂ قاتل پسند آیا

کعبہ جاتے تو ہو لیکن نواب
کیا کروگے جو صنم یاد آیا

تا مجھکو نہ امید ہو اسواسطے نواب
غیرونسے بھی محفل مین اشارا نہین ہوتا

تم مرے غیر کے جھگڑے مین عبث بول اوٹھے
دیکھ لی ہوتی ذرا آج شرارت میری

جیتے جی بات نہ پوچھی کبھی اب مرنے کے بعد
پوچھتے پھرتے ہین ہر ایک سے تربت میری

اے پری دے تو ذرا ناز سے اک جام مجھے / کہ سمجھتے ہین بہت نیک مے آشام مجھے

یہی اندیشہ ہے اب کون مریگا تجھہ پر / مرگئے پر بھی نہین گور مین آرام مجھے

آجتک مے ترے طعنونسے نہ پی تھی واعظ / اوس نے منگوائی ہے لے ابتو بہلا تہام مجھے

کیسے کیسے تری وصلت مین مزے لوٹو نہین / زندہ رہنے دے اگر لذتِ دشنام مجھے

ایسی حورون کو ہمین سے ہے سلام / جنکا واعظ بھی تمنّائی ہے

آتے آتے پھر گیا مسجد سے وہ / واعظون کی آج عزت رہ گئی

پہلے روتے تھے حبابن کو لیکن / ابتو آنکھون کا اپنی رونا ہے

بسمل کی تڑپ پر نہین الزام ذرا بھی / طاقت نہین خود ساعد و بازو مین تمہارے

ہوتا نہ حیا پر شب وصل اونکو بھروسا / واقف وہ اگر ہوتے مری بے ادبی سے

دیکھنا جنکا گوارا نہین مجھکو دم بھر / ہائے وہ بھی نگہ ناز کے بسمل ہونگے

یہہ نہ سمجھے تھے کہ اک عمر کے شکوے دلسے / دو ہی باتو نمین ترے پیار کے زائل ہونگے

اغیار سے جو لطف تہا ملنے مین وہ تہا / یون ملنے کو تو مجھسے بھی وہ بارہا ملے

قاصد کی کچھہ خبر نہین نواب کیا ہوا / پُرزے تو خط کے راستہ مین جابجا ملے

امیدِ وصل ترے صدقے آج پرسش کو / وہ آتے ہین سر بالین ذرا سنبھال مجھے

کسی پہ دم نکلنے مین تو یہہ سختی نہین ہوتی / مرے سینہ سے پیکان آپکا شاید نکلتا ہی

لے تو چل اوس بزم مین اے شوقِ دید / دیکھہ ہی لینگے اوسے دل تہام کے

ہجوم شوق مین جب دلکی آرزو نکلے / کہ پردہ کعبہ کا اولٹو وہان بھی تو نکلے

تمہین تو ناز تھے نواب بار رسائی پہ / تمہارے گھر مین تو مے کے کئی سبو نکلے

کیا کہتے ہو تم ہم سے کہ کیون پھر گہر آئے / دیوانون کا کیا پوچھنا آئے جدہر آئے

کسکی یہہ شبِ وصل ہے جو شور مچاتے / سورج نہین ڈوبا ہے کہ مرغِ سحر آئے

دے عمر دوبارہ تو ہون قربان الٰہی / مقتل مین ہے اک غل کہ وہ بارِ دگر آئے

اللہ رے تری شرم کی شوخی کہ وقت دید
چوری چھپے نگاہ کریگے وہ کیا ادہر
وصل کی شب سے جن انشیا سے ٹھہری ہی تھی
عیش کا نام نہ لیتا کبھی عالم مین کوئی
کون اوٹھائیگا لطف ناکامی
غیر کو تجھ سے ہم دیکھینگے
خفا ہو کیون مرے نالون سے تم خوشی کی جگہہ
ملا ہے یار تو نواب اتنے خوش کیون ہو
تو بھی کچھہ قدر کر اسکی کہ ہوا ہے ظالم
وصل مین اوس سے بگڑ جائے تو اے ہم صنم
ستاتا ہے ہر دم نئے رنگ سے
غیر کے حال سے اوس بزم مین کیا ہمکو خبر
رات بھر وصل مین کروٹ بھی نہ بدلی تمنے
سنکے فریاد مری جانب خنجر دیکھا
اوس حیلہ گر نے کو تہی شب کے شکوہ سے
دیا ہے بوسہ اوسنے پھیر لو تو ہم جانین
آزار ندین تمکو کہ رسوا نہ کرین ہم
ہم تو جب جانینگے یہہ زہد تمہارا نواب
جنکا رونا تھا مجھے وصل مین اونکی آگے
دل دیا تھا جسے نواب نے روز اول
ابھی تو بھولے ہوئے ہو مگر یہہ یاد رہے

کیا کیا نگاہِ ناز کو چوری لگا گئی
مجھسے تو میری موت بھی آنکھین چرا گئی
ہائے کیا اونکے یہان عیش کے سامان ہونگے
ہم سے دو چار بھی ہوتے جو رولانیوالے
ہم اگر تجھسے کامیاب ہوئے
کس کی آنکھون سے یہہ ہم دیکھینگے
تمہین تو قتل کو یہہ خوب ہے بہانہ ملا
خدا ملا کوئی دولت ملی خزانہ ملا
بعد اک عمر کے ایسا دلِ مضطر پیدا
تو ادا ہنگے مرے حق مین قضا ہو جانا
زمانہ بھی تیری ادا ہو گیا
اوس سے آگاہ ہین اپنا جو کچھہ اعزاز ہوا
یہہ بھی دل لینے کا شاید کوئی پہلو ہوگا
نہ ہوا اس سے بھی خاموش تو ہنسکر دیکھا
رکھا ہے اپنا وصل قیامت کی رات پر
یہہ دل نہین ہے کہ لیجاؤ مسکرا کر تم
ہم تم سے ہون تم ہم سے تو کیا کیا نکرین ہم
آئین وہ ناز سے اور تمکو مراقب دیکھین
اب وہ نالے شبِ ہجر انہین مزا دیتے ہین
پھر وہی آتا ہے اب دیکھیے کیا دیتے ہین
نہونگے ہم تو کہوگے وہ یاد آتے ہین

جب مین نے کہا ظلم اوٹھائے نہین جاتے
جھنجلا کے یہہ کہنے لگے پھر ہمکو ستایا ہو

غیر کے آگے نہین چھیڑتے ہو تم مجھکو
انہین باتونسے تو ہوتا ہے توہّم مجھکو

دھوم ہے حشر نے برہم کئے دونون عالم
بھیجدو تم بھی ذرا اپنی خود آرائی کو

ادا سے ناز سے غمزہ سے مسکرانے سے
وہ دل کو لیتے ہین ملجائے جس بہانے سے

گر سادگی پسند ہے تمکو تو بھیجدو
اپنا بناؤ میرے مقدر کے واسطے

لیا ہے وصل کی شب جس ادا نے دل میرا
جو دیکھہ پاؤ تو صدقے ہو اوس ادا کے تم

جسپر ہزار ناز تھے نواب کو وہ دل
دو ہی اداؤن مین تری پامال ہو گیا

دلکو تڑپنے سے تسلّی ہوئی
درد جگر بڑھ کے دوا ہو گیا

ہر چند تھا عتاب عدو پر وہان مگر
دو جھڑکیونکو سنکے یہان کام ہو گیا

بھولے بنے تو ہو مگر اتنا تو سوچ لو
کیا ہو گا گر کسیکو کبھی پیار آگیا

عشق آفت ہی سہی ناصح مگر
کیا کرین بیساختہ دل آگیا

مزا بہت ہے مشکل کہتے ہو منہہ بنا کر
صدقے تمہارے منہہ کے دیکھو تو مسکرا کر

جذب دل کھینچ تو لا مین ترے صدقے جاؤن
رک گئے ہین وہ ادا سے سر محفل آکر

اجل کی سختیونکو کون دیکھے چشم حسرت سے
بندہی ہے ٹکٹکی اپنی نظر ہے روئے جانان پر

جتایا عشق تو انجان بنکے بول اوٹھے
یہہ باتین جھوٹ ہین ہم تمکو خوب جانتے ہین

تم عبث فریاد سے گھبراتے ہو وقت اخیر
ہو چکا جھگڑا ابھی دو چار آہین اور ہین

راز وصلت نہ بتاؤن تو کرون کیا ظالم
کہ مجھے غیر ترے سر کی قسم دیتے ہین

شب فراق یہہ کیا سوجھی ہے فرشتونکو
کہ آسمان کو گردش سے تھام لیتے ہین

گو نہین بھیجتے پر میرے جلانیکے لئی
روز غیرونکو وہ اک نامہ لکھا کرتے ہین

نواب مر کہین کہ یہہ قصہ تمام ہو
دن رات تیری جیب مین کب تک رفو کرین

چرچا وہان بھی کچھہ ہو ہر دم مصیبتونکا
جنت مین بھی الٰہی ایسا ہی آسمان ہو

بہت ہی ناز تمہین اپنے صبر پر نواب
وہ شوخ ایسے مین آجائے تو تماشا ہو

سو خطائین تو مین خود اپنی بتاتا ہون تجھے
زندہ جب چھوڑ کہ میری کوئی تقصیر نہو

یہہ حکم ہے مرے قاتل کا ابتو مقتل مین
کہ وقت ذبح بھی بسمل کو اضطراب نہو

عشق پنہان کا جو دعویٰ ہو تو ہو محشر مین
بات کس کام کی جو چار مین مشہور نہو

ادا سے بولے مجھکو قتل کر کے
یہہ کسکی لاش ہے اسکو اوٹھا لو

کیا کچھہ کرے یہہ فتنہ گر نواب اوسکو دیکھکر
تم دونون ہاتھونسے ذرا اللہ دلکو تھام لو

غیر سے بھی یہی عادت رہی نواب اوسکی
منع ہرگز نہ کرو وصل مین شرمانے دو

مرنیکو کہہ چکا ہون مین صبح شب وصال
اب آبرو ہے میری الٰہی سحر کے ہاتھ

بنکر شگفتہ غیر کو افسردہ تو کرون
پر کسطرح چھپاؤن مین صورت ملال کی

لینا سر سجادہ وضو کر کے ادب سے
حرمت ہے بہت رندونمین نواب سبو کی

الواو

وحشت میر غلام علی خان خلف میر رحمت اللہ خان داماد مولوی رشید الدین خان مرادآبادی مولد در بنارس و شاہجہان آباد نشو و نما یافتہ از گرامی شاگردان مومن خان بود مضامین بلندی یافت چہا خوش گفتہ است ؎

آئینہ حیرت صہبا کی سناتا ہون اوسے
گر سن سنکے رقیبون کی مے آشامی کا

منفعل ضعف جنونسے ہوئے ایسے کہ نپوچھہ
طوق آہن جسے سمجھے تھے گریبان نکلا

میرے مرنیکی خبر غیر کو یون دیتے ہین
مر گیا وحشت جانباز تری جان سے دور

دلمین عدو کے بڑہ گئی کیا الفت آپکی
کچھہ اندنونمین پہلے سے لطف و کرم نہین

سن سنکے مجھسے شکوہ لطف عدو کیا
اونکو تو کچھہ بھی رشک جفا و ستم نہین

کیون نہ باطل سمجھون اقرارِ وفا — سحر ٹپکے ہے تری گفتار سے
گذرا اس اعتمادِ محبت سے مین خدا — مجھسے چھپا ہین کاش وہ الفت رقیب کی
کہین ہو رد جفاے یار کی ہم ہون نہ بعد کے — مرے مرجانیکا اغیار کو اسواسطے غم ہے
بسکہ رنج افزاے طبع نازکِ جانان نہین — آسمان پہ ہے دماغ اس آہ بے تاثیر کا

وحشت مولوی حافظ رشید النبی فرزند مولوی حافظ حبیب النبی رتبت تخلص از اولاد حضرت مجدد الف ثانی بود رحمۃ اللہ علیہ در ۱۲۷۴ھ درگزشت و استاد مولوی عبد الغفور نساخ ست ؎

کھائیکی تو مدت سے قسم کھائی ہی ہمدم — یہہ غم ہے کہ کھاتا ہون کسی تنگ پری کا

وزیر خواجہ محمد وزیر لکھنوی خلف خواجہ محمد فقیر سلسلہ نسبتش تا خواجہ نقشبند علیہ الرحمۃ میرسد گزیدہ ترین شاگردان ناسخ بود بست دوم ذیقعد ۱۲۷۰ھ راہ عدم پیمود خوش فرمود ؎

سر مرا کاٹ کے پچھتائیے گا — کسکی پھر جھوٹی قسم کھائیے گا
جو کہتا ہون ترا بیمار رہون مین — تو کیا کہتا ہے کچھ اپنی دوا کر
چلا ہے او دلِ راحت طلب کیا شادمان ہوکر — زمین کوے جانان رنج دیگی آسمان ہوکر
اسی خاطر تو قتلِ عاشقان سے منع کرتے تھے — اکیلے پھر رہے ہو یوسفِ بے کاروان ہوکر
کیا غیرونکو قتل اوس نے موئے ہم رشک کے مارے — اجل بھی دوستو آئی نصیبِ دشمنان ہوکر
گذرا فلک کے پار گیا لامکان تلک — او تیر آہ بے ادبی اب کہان تلک
وصل کی رات ہے بگڑو نہ برابر تو رہو — پھٹ گیا میرا گریبان تمہارا دامن
قتل بے شمشیر او ظالم کیا — آئینہ دکھلا دیا دو ہو گئے

وفا راے کنور کشن کمار تعلقہ دار اضلاع مراد آباد و بدایون ست و شاگرد منشی انوار حسین تسلیم سہسوانی ؎

وہ ظلم کرتے ہین ہم واہ واہ کرتے ہین ‌ ‌ ‌ ‌ مثل ہے آن پھنسے ہین نباہ کرتے ہین
تکلف برطرف اے جان عالم اب یہہ بیتابی ‌ ‌ ‌ ‌ حیا کو تم سمجھ لو اور خردسی ہم بنٹتے ہین

ہای ہوز

ہدایت ہدایت اللہ خان دہلوی اکتساب باطن از خواجہ میر درد درج نمودہ و نیز از خواجہ اصلاح سخن گرفتہ در ۱۲۱۵ھ ازین خاکدان رفت دیوانے گزاشتہ گفتارش صفائے دارد ؎

نہ رحم اوسکے ہے جی مین نہ دلمین اپنے صبر ‌ ‌ ‌ ‌ ہماری گذریگی کیونکر الٰہی کیا ہوگا
دیکھ اوسکی چشم مست کو دل تو بہک گیا ‌ ‌ ‌ ‌ بس میری جان وہی پیالو مین جھلک گیا
جسدم زبان پہ یار ترا نام آگیا ‌ ‌ ‌ ‌ کچھ دلکو چین جان کو آرام آگیا

ہوس میرزا محمد تقی خان خلف نواب مرزا علی خان فیض آبادی در لکھنؤ اقامت داشت شاگرد مصحفی بود دیوانے دارد خوشگو بود ؎

نزع مین ہمنے عجب طرح سے دلشاد کیا ‌ ‌ ‌ ‌ آئی ہچکی تو کہا اوس نے ہمین یاد کیا
دی مجھکو درد عشق نے غم مین بھی اک خوشی ‌ ‌ ‌ ‌ رونے پہ میرے دیر تلک وہ ہنسا کیا
رنجش کا اونہون نے بھی کیا وقت نکالا ہے ‌ ‌ ‌ ‌ مجھسے وہ بگڑتے ہین جب خوب سنورتے ہین

الیاء

یاس حافظ حفیظ الدین دہلوی بر حالش آگہی دست نداد ؎

جہانمین پھرتے ہین ہم ہر طرف سراسیمہ ‌ ‌ ‌ ‌ مگر یہہ کچھ نہین کھلتا کہ آرزو کیا ہے

یاس خیرالدین دہلوی از مومن خان و ذوق دہلوی باستفادهٔ این فن پرداخته او راست ہ

اسطرف کو دیکھتا بھی ہی تو شرمایا ہوا
اب تلک ہی آنکھہ مین شب کا سمان چھایا ہوا

زانوے یاس کہان اور سر دلدار کہان
ہمنشین بات وہ کر جسکا ہو کچھہ بھی سر پاون

ربط غیرون سے بڑہا مجھسے دغا چاہتے ہو
دلمین سمجھو تو یہہ کیا کرتے ہو کیا چاہتے ہو

عشوہ و ناز و ادا طعن سے کہتے ہین مجھے
ایک دل رکھتے ہو کس کسکو دیا چاہتے ہو

شربت وصل نہ پینے دو نہ سم کھانے دو
کیا قیامت ہے نہ جینے دو نہ مرجانے دو

بے ستم میرا وہ بیتابی سے در پر جانا
اور ترا ناز سے کہنا اسے مت آنے دو

یقین انعام اللہ خان خلف اظہر الدین خان سرہندی وطن دہلی مولد از اولاد حضرت مجدد الف ثانی بود قدس سرہ و از شاگردان میرزا مظہر علیہ الرحمہ در عہد بست و پنج سالگی بہ تہمت زنا از دست پدر خویش کشتہ شد دیوانے دارد طبع شگفتہ داشت ہ

ہر گھڑی صحرانشینی پر نکر جرأت یقین
آگئی تھی راس مجنونکو بیابانکی ہوا

بہار آخر ہوئی ہے ابتو سینے دو گریبانکو
یقین کرتا ہے کوئی اسقدر دیوانہ پن بسکر

اگرچہ عشق مین آفت ہی اور بلا بھی ہے
نرا برا نہین یہہ شغل کچھہ بھلا بھی ہے

فروغ اول تمام شد

بسم الله الرحمن الرحیم

فروغ دوم

در ذکر قافیه سنجان هندی جزاهم الله بجایزة الخیر مشق سخن هندی هرچند اتفاق نیفتاد و فرصت تسخیر سبزان این قلمرو دست بهم نداد اما سامعه را از نوای طوطیان هند حظی وافرست و ذایقه را از چاشنی شکرفروشان این گلزمین نصیبی متکاثر رموز زبان هندی در بلگرام پنج کروهی قنوج فراوان جلوه نموده اند و دماغ ها را به روایح صندل تر شگفتگی افزوده لهذا این فصل علیحده به تحریر رسید و شمامه معطری بدست بوشناسان حواله گردید **شیخ شاه محمد بن شیخ معروف فرملی** بلگرامی در روزگار اکبر بادشاه صاحب ثروت و اقتدار بود و بحکومت احصار قیام داشت و در هندی اوستاد کامل بود و گوی نکته سنجی از اقران می ربود و در سرزمین ریری چند وار حکومت محلی داشت روزی با فوج خود بعزم شکار برآمد اتفاقاً از فوج جدا افتاد و عبورش به سر دیهی واقع شد در سواد آن دیهه دختری صاحب جمال را دید که سرگین گاو را پاچه میساز نام دختر چنپا بود در ساعد خود زیوری داشت که آنرا در هندی تائیت گویند و ابریشم سیاه دران تعبیه کنند شیخ اشاره به آن زیور کرده گفت که خوب بهنور بر کنول نشسته است بهنور زنبور سیاه و کنول نیلوفر را گویند ابریشم سیاه را به زنبور و دست را به نیلوفر سرخ تشبیه داد که در رموز زبان هند مستعمل است

وعشق زنبور سیاه بر نیلوفر نزد نکته سنجان ہند مقرر چنانچہ عشق بلبل بر گل وعشق قمری بر سرو نزد اہل فرس چنپا بزبان شگفتگی جواب داد کہ بھنور نیست گوبرونده است یعنی جعل کہ در سرگین پیدا میشود شیخ ازین جواب محظوظ شد ولطف طبع او را دریافت واو را براسپ گرفته در ربود وبخانہ آورده تربیت کرد واو در نظم ہندی فایق ودر لطافت وظرافت بہ بدیہہ گوئی یگانہ برآمد تا بحدیکہ در نظم ہندی از شیخ شاه محمد سبقت برد دوہا فراوان در سوال وجواب ہر دو میان جمہور مشہور است اکثر سوال از شیخ وجواب از چنپا است واین دلیل افزونی قدرت از چنپا است کہ سوال را فی البدیہہ جواب بہم می رساند روزے شیخ شاه محمد وچنپا بر کنار دریاے نشستہ بودند شیخ شاه محمد مصراعے گفت کہ

دوہا

سوال از شیخ ‌دھوم جو اُوٹھت ترنگ مین یہہ اچرج ہم آہِ

جواب از چنپا انل روپ کوئی کامنی مجّن کر گئی ساہ

دھوم دخان ترنگ موج دریا اچرج تعجب ہم مجھکو آہ ہے انل آتش روپ شکل وطرح کامنی زن حسین ونوجوان مجّن غسل ساہ اے شاه محمد حاصل دوہا شیخ شاه محمد نے چنپا سے بمصرعہ اول سوال کیا کہ موج دریا مین دخان کا نکلنا باعث تعجب ہے چنپا نے فی البدیہہ بمصرعہ ثانی جواب دیا کہ کوئی شعلہ رو نوجوان سوختہ آتش فراق اس دریا مین غسل کر گئی ہے

ایضاً سوال وجواب سورٹھا

سوال از شیخ سیام رین مین کتنہ اوڑین چمکن کوٹ دس

جواب از چنپا من متہہ باری دیٹھہ بن پیۃ تیۃ کہوجت پھرے

سیام سیاہ یعنی تاریک رین شب چمکن کرم شب تاب کوٹ بیشمار دس اطراف من متہہ آتش شہوت باری مشتعل دیٹھہ نظر بن پیۃ بہ مہاجرت شوہر تیۃ عورت کہوجت پھریئے جویان ہے حاصل دوہہ شیخ نے چمپا سے سوال کیا کہ اس شب تار مین کرم شب تاب بے شمار اطراف مین کیون پرواز کرتے ہین اوس نے بدیہہ جواب دیا کہ انکی نظرونمین فراق شوہر نے آتش شہوت مشتعل کی ہے لہذا اپنے مطلوب کو ہر چار سو تلاش کرتے ہین *

ایضًا سوال وجواب سورٹھا

کم درگ ڈہری سنار مم آیو بہایو نین

لینہین نین پکہار ملن ہتی تو درس بن

کم کیون درگ چشم ڈہری پر از اشک ہوئے سنار زن نازنین و پارسا پکہار صاف کرنا ملن متبرّ حاصل دوہا شیخ شاہ محمد سفر سے آئے چنپا اونکو دیکہکر جوش محبت سے آبدیدہ ہوئی شیخ نے کہا کہ اے نازنین و پارسا میرا آنا تجہکو خوش نہ آیا چنپا نے فی البدیہہ جواب دیا کہ میری آنکہین تمہارے فراق مین غبار آلودہ ہو رہی تہین لہذا مین نے آب دیدہ سے اونکو صاف کرلیا کہ تماشا ر مطلوب بخوبی تمام کرین *

دوہا

سوال از شیخ جل تھن بیراگ رپ ہاری باہن سوئے
چنپا دی پرہٹائے یہہ جور ئے تہاری ہوئے

جل تہن مسدّد آب مراد از ممسک بیراگ رپ خواب ہاری دور کرنے والی رہی رائے باہن سواری حاصل دوہا شیخ نے یہہ دوہا لکھکر اندر یکان کے چنپا کے پاس بھیجا کہ جو شے ممسک و دشمن خواب اور میری سواری ہے اگر تیری راے مین مناسب ہو تو بھیجد و مراد افیون طلب کی ؛

روپ گنواون جگ ہسن تجیئے کام کی کہاد

جواب از چنپا ہون تہہ پونچھون ساہ یہہ کہان بساہے بیاد
روپ گنواون خراب کنندہ حسن جگ ہسن باعث خندہ خلق تجی کام کی کہاد قاطع شہوت بساہے خرید کی بیادہ بلا و عارضہ حاصل دوہا چنپا نے افیون بھیجدی اور لکہا کہ یہہ بلا خراب کنندہ حسن و باعث خندہ خلایق و قاطع شہوت آپنے کہان سے خرید فرمائی ہے ؛

دوہا شیخ شاہ محمد

کیھپ درشٹ اور کنج من سہج پرہ لوانت
بہر کی ہوی کہت سنجری تب بہنتی بہگونت

دوہا ایضاً

کج چھوٹی تیہ سیس سون بب کچ رہی اتنگ
مانو کچن کلس تین امرت پنت بہوئنگ

ڈاری بلجی نزدیک ہم ۱۲۵۰

کچ ہوے سر ب دونو کچ پستان اُتنگ بلند کچن کلس سبوچہ طلائی امرت آب حیات بھونگ مار سیاہ حاصل دوہا ہوے سر معشوقہ کھلے ہوئے دونون پستان پر اونچے پڑے ہین گویا مار سیاہ سبوچہ طلا سے آب حیات پیتے ہین ✤

دوہا ایضاً

ٹیپ ترا این چہر نس مانگ بنک گج راہ

بدن چند دن دیکہت ام کر بہو لو ساہ

ٹیپ گل ترا این ستارہ چہر پارچہ چونری برنگ سیاہ نس شب گج راہ کہکشان بدن چہرہ حاصل دوہا شیخ شاہ محمد دن مین رات کو ثابت کرتے ہین کہ معشوقہ پارچہ چونری سیاہ گلدار سفید جو پہنے ہوئے ہے اوسکے گلہائے کو ستارہ اور اوسکی زمین سیاہ کو شب اور مانگ کی خوبی وصفائی کو کہکشان اور چہرہ کو ماہتاب قرار دیکر کہتے ہین کہ روز روشن مین رات دیکھکر شاہ متعجب دخود فراموش ہوگیا ✤

دوہا ایضاً در صفت موے سر

ال مالا بینن گین اہ کل ڈری پتار

مرگ مدکرن کو چہو لی برن پاس تو یار

ال مالا زنبور ہاے سیاہ بینن جمع صحرا اہ کل اقسام ار ہاے سیاہ ڈری پوشیدہ ہوئی پتار زیر زمین مرگ مد مشک کرن ہر دو گوش چہونن پاس مراد کمند بے خطا حاصل دوہا اسے نازنین تیرے موے

لکند بے خطا ہین کہ بخوف اوسکے زنبور ہائے سیاہ صحرا کو فرار ہوئے اور افسام مار ہا زیر زمین پوشیدہ ہوئین اور ستک کو حلقہ بگوش کر رکہا ہے ۞

دوہا ایضاً

تِل بنکٹ بھر کُٹی ہِلن سُو سُو بہا جنیہ جاگ

اَدہر دہنک مَنوُن نِرکِھہ کی پانک پسارت کاگ

تل بنکٹ خال کج بھر کُٹی ابرو سو بہا خوبصورتی جنیہ جاگ خوش آیند دل ہے ادہر لب دہنک کمان نرکھہ دیکھکر پانک بازو پر پسارت کھولتا ہے کاگ زاغ حاصل دوہا نازنین کے ہر دو ابرو کا لطف سے باہم ملنا اور بالاے ہر دو ابرو کے خال سیاہ کج کا ہونا دلکو نہایت خوش آیندہ ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لب کمان کو دیکھکر زاغ خوف زدہ ہر دو بازو اپنے بارادہ پرواز بار بار کشادہ کرتا ہے خال مراد از زاغ و ہر دو ابرو مراد از ہر دو بازوے زاغ و لب مراد از کمان ۞

دوہا ایضاً

مِیٹ مِیٹ بِدہ بِدہ سچِت تُو مکھہ اُویمان لکّ

جگ بِیتی نہچِت کرتِ نہچِت بہیو سُو مکّ

